مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

دسمبر 2017ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

بزم رسول عربی

محسن انسانیت نبیؐ رحمت

تسخیر محبوب — مجرب حاضرات

عطارد مریخ کالا زوال تحفہ

آسان مجرب عملیات

بسم اللہ کے اسرار مخفی

دسمبر کے لکی نمبر

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کا وبال ہے بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں "**لوح ہمزاد**" ہوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد براہ راست خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **2100** روپے منی آرڈر کریں۔

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہو جاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ، مالی آسودگی، روزگار میں ترقی، قرض سے نجات، جسمانی صحت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، من پسند شادی، حصول اولاد، دفع بندش کاروبار، غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جا چکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح **4100** روپے

0300-6351192

نگینہ حاضرات

عملیات کی دنیا میں بہت سے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اُن کے پاس کوئی مضبوط حاضرات ہو جو کہ اُن کے سوال کا 100 فیصد جواب دے سکے اس کے علاوہ مشکل امور میں مدد کر سکے نگینہ حاضرات کی مدد سے 100 فیصد حاضرات ظہور میں آتی ہیں جو کہ عامل کی ہر بات کا جواب دیتی ہیں۔ عزت، مال، دولت، شہرت، تسخیر محبوب، دفع بیماری بے اولادی کا خاتمہ اور اس کے علاوہ آپ کی ہر جائز خواہش کے مطابق اللہ کے حکم سے اسباب پیدا کر دیتی ہیں۔ یہ نگینہ آپکی کامیاب زندگی کی علامت ہے اور بہت مشکلات میں آپ کے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ جس کے آپ کے پاس ہو ناممکن ہے۔

لوح تسخیر موکلات و جنات

اس لوح مبارک کی برکت سے چند ہی دنوں کے مختصر وظیفے سے مئوکلات و جنات کی تسخیر ہوتی ہے اور عامل کی روحانی قوتوں میں بے انتہاء اضافہ ہوتا ہے اس لوح سے آپ ہر قسم کی حاضرات بھی کروا سکتے ہیں اس کے علاوہ یہ لوح تسخیر خلق کیلئے بے انتہا کار آمد ہے شائقین روحانیات کے لئے انمول تحفہ ہے۔

ہدیہ لوح 2700 روپے

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 دسمبر 2017ء شمارہ نمبر 6

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل ڈائریکٹر
(ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)) عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بگش
شہزادر رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس بیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
بزم رسول عربی	3	آسان مجرب عملیات	26
محسن انسانیت نبیؐ رحمت	4	حروف نورانی تحفظ دشمنان	28
رسولؐ اللہ کی فضیلت	6	نزلے میں ناک کا بند ہونا	29
نبی کریم محسن کردار	8	آپکی مالی پوزیشن	30
گھروں میں سیاروں کے اثرات	10	بسم اللہ کے اسرار مخفی	31
تحت الشاع	14	مونگ پھلی کے فائدے	32
ستاروں کی چال وظیفے کمال	16	یہ ماہ کیسا رہیگا	34
تسخیر محبوب	19	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
مجرب حاضرات	20	روزانہ کے لکی نمبر	41
عطارد مریخ کا لازوال تحفہ	21	دسمبر کے لکی نمبر	42
عطارد زہرہ قران	22	آپکی داک	46
زحل شمس قران	23	پیغامات	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فارایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملك سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَ دَالْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

ربیع الاول، زکات سورۃ مزمل

چاند نظر آتے ہی دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ہدیہ نبی کریم اور پھر آخر میں دو رکعت نماز نفل برائے تصرف کل روحانیت سورۃ مزمل ادا کریں۔ اب نو چندا تو اروقت نماز تہجد 92 بار درود مزمل کا ورد کریں۔ 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں یہ ورد 12 ربیع الول تک روزانہ بوقت تہجد ادا کریں۔ چاہے شمار میں جتنے بھی دن آئیں اس زکات میں دنوں کی گنتی کا شمار نہیں کبھی تو زکات میں تین دن آجاتے ہیں اور کبھی 7 یا 8 دن بھی مل جاتے ہیں۔ بعد ادائیگی زکات کے سورۃ مزمل روزانہ 3 بار اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔

رسول عربی ﷺ

اے صبا مصطفیٰ ﷺ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں
یاد کرتے ہیں تم کو شام و سحر دل ہمارے سلام کہتے ہیں
اللہ اللہ حضور ﷺ کی باتیں مرحبا رنگ و نور کی باتیں
چاند جن کی بلائیں لیتا ہے اور ستارے سلام کہتے ہیں
اللہ اللہ حضور ﷺ کے گیسو بھینی بھینی مہکتی وہ خوشبو
جس سے معمور ہے فضا ہر سو وہ نظارے سلام کہتے ہیں
جب محمد ﷺ کا نام آتا ہے رحمتوں کا پیام آتا ہے
لب ہمارے دُرود پڑھتے ہیں دل ہمارے سلام کہتے ہیں
ذکر تھا آخری مہینے کا تذکرہ چھڑ گیا مدینے کا
حاجیوں مصطفیٰ ﷺ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں
اے خدا کے حبیب پیارے رسول یہ ہمارا سلام کیجئے قبول
آج محفل میں جتنے حاضر ہیں مل کے سارے سلام کہتے ہیں

محسنِ انسانیت نبی رحمت

تحریر:۔ سید شبیہہ الحسنین رضوی کاشانہ الحسینی (کراچی)

اللہ کی ذات نے ہم پر احسان عظیم فرمایا اور ہم کو امت محمدی میں پیدا فرمایا۔ اس بات پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے۔ ورحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے قیمتی صفحات پر قارئین کی خدمت میں اس عظیم ہستی محسن انسانیت نبی الرحمت کو خراج عقیدت پیش کرنے کی غرض سے چند الفاظ تحریر کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔

تاریخ انسانی شاہد ہے کہ جب بھی کبھی انسان، اعتقادی، اخلاقی اور معاشی اعتبار سے پستیوں کی گہرائیوں میں جا گرا تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے انبیاء علیہم السلام کا مبعوث فرمایا۔ قرآن مجید کے مطالعے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود کے لوگ جب بداعتقادی کی تمام حدود کو عبور کر چکے تھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کو صحیح عقیدہ سمجھانے اور ان کی بداعتقادی کو دور کرنے کے لئے حضرت نوحؑ، حضرت ہودؑ، حضرت صالح علیہم السلام کو مبعوث فرمایا۔ قوم سدوم کے لوگ بے راہ روی کی انتہا پر پہنچ چکے اور ہم جنسیت کو اپنا وطیرہ بنا چکے تھے ایسے عالم میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت لوط علیہ السلام کو ان کی رہنمائی کے لئے مبعوث فرمایا۔ قوم شعیب کے لوگ کاروباری معاملات میں بے اعتدالی کا شکار ہو چکے تھے وہ نفع حاصل کرنے کے لئے ہر طرح کے اخلاقی ضابطوں کو پامال کرنا شروع ہو چکے تھے اور ناپ تول میں کمی کرنا ان کا شعار بن چکا تھا۔ ان کی اصلاح کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت شعیب علیہ السلام کو مبعوث فرمایا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس علاقے میں مبعوث کیے گئے اس علاقے کے لوگ نسلی اور تاریخی اعتبار سے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے وارث تھے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے گھر بیت اللہ کے گرد ونواح میں آباد تھے۔ لیکن اس کے باوجود ان میں ہر قسم کی بداعتقادی اور بدعملی اپنے پورے عروج پر پہنچ چکی تھی۔ ان کی بداعتقادی کا عالم یہ تھا کہ شجر وحجر، سورج، چاند اور ستارے کے سامنے اپنی جبین نیاز کو جھکایا کرتے تھے، اپنے ہاتھوں سے خود بتوں کو تراش کر ان کو اللہ تبارک وتعالیٰ کے گھر میں نصب کر دیا کرتے اور انہی کے سامنے جھکا کرتے تھے۔ اس بداعتقادی کے ساتھ ساتھ ان میں طرح طرح کے عیوب بھی موجود تھے۔ بیٹیوں کی پیدائش پر شرمندگی محسوس کرتے اور اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیا کرتے تھے، جب ان میں سے کوئی بڑا شخص کسی جرم کا ارتکاب کرتا تو اس کو استثنیٰ حاصل ہوتا اور اگر کوئی چھوٹا شخص کسی جرم کا ارتکاب کرتا تو اس کو کڑی سزا دی جاتی۔ جوا، قمار بازی، قحبہ گری اپنے پورے عروج پر تھی۔ گویا کہ انسانیت اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی اور اس کو اپنی منزل کا سراغ نہیں مل رہا تھا۔

ایسے عالم میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسانیت پر رحم کرنے کا ارادہ فرمایا۔ چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اولاً جزیرۃ العرب اور حتمی اور منطقی طور پر پوری انسانیت کی رہنمائی کے لئے مبعوث فرما دیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سماج میں پائی جانے والی بد اعتقادی اور بے راہ روی پر غمگین رہا کرتے تھے اور آپ کو ان کے نا پسندیدہ مشاغل میں کسی بھی قسم کی کوئی کشش محسوس نہ ہوتی چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلوت نشینی اختیار کرنے کا ارادہ فرمایا اور اس مقصد کے لئے غار حرا کو منتخب فرمالیا۔ غار حرا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم انسانی رویوں، کائنات کی حقیقت، تخلیق انسانیت کے مقاصد، انسانوں کی درماندگی، ان کی وحشت کو دور کرنے والے، ان کی فکری اور اعتقادی بے راہ روی کو ختم کرنے والے اسباب وذرائع اور دیگر اہم اُمور پر غور فرمایا کرتے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسی غار حرا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بھیج کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر تاج امامت ونبوت کو رکھ دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حکمت ودانائی کے دروازے کھول دیئے اور آپ کو ان تمام مسائل اور پیچیدگیوں کا حل بتلا دیا گیا کہ جن پر عمل پیرا ہو کر بھٹکی ہوئی انسانیت کو اپنی منزل مل سکتی تھی۔

مولانا الطاف حسین حالی نے غار حرا میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تفکر وتدبر اور وہاں پر آنے والی وحی کے بعد پیدا ہونے والے انقلاب کے حوالے سے اس امر کا ذکر فرمایا۔

اُتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اِک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم پر جزیرۃ العرب میں توحید کی عظیم دعوت کا آغاز کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

سب سے پہلے عرب کے معاشرے میں موجود بداعتقادی کے خلاف علم جہاد کو بلند کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عرب کو اس امر سے آگاہ کیا کہ یہ بت، سورج، چاند، ستارے کسی قسم کے نفع ونقصان کے مالک نہیں ہو سکتے۔ آپ نے ان کو ایک اللہ کی بارگاہ اور چوکھٹ پر جھکنے کا سبق پڑھایا۔ اہل عرب آپ کی اس دعوت پر آپ کے خون کے پیاسے ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو طرح طرح کی اذیتوں اور تکالیف کا نشانہ بنایا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر طرح کی اذیتوں، تکالیف اور مشکلات کو جھیلنا گوارا کر لیا لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کی توحید کی دعوت سے دستبردار نہ ہوئے۔

دعوت توحید کے ساتھ ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عرب کو بد عملی سے نکلنے کی ترغیب دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے سے منع فرمایا، انہیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت قرار دیا۔ آپ نے ان کو بدکرداری کے راستے سے ہٹا کر عفت، طہارت، تزکیہ اور شرافت کا درس دیا اور ان کو زناکاری کی بجائے نکاح کی ترغیب دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاشرے میں موجود معاشی استحصال کے تمام دروازوں کو بند کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کی لعنت سے معاشرے کو نجات دی اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے انسانیت کو اس بات سے آگاہ کیا کہ سود کھانا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کرنے کے مترادف ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کی عظمت کو اُجاگر کیا اور اس کی طرف بڑھنے والی بے راہ رونگاہوں اور ہاتھوں کو روکنے کے لئے اس کو پردے داری کا سبق پڑھایا۔ پردے کے ذریعے عورت کی عزت اور آبرو ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گئی۔ آپ نے معاشرے میں جاری ناانصافی اور استحصال کے خاتمے کے لئے اس بات کو واضح کیا کہ جرم کرنے والا شخص خواہ کوئی بھی کیوں نہ ہو اس کو ہر صورت اس کے جرم کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ آپ کے عہد مبارک میں بنومخزوم کی ایک صاحب اثر عورت نے چوری کی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہاتھ کو کاٹنے کا حکم دیا۔ حضرت اسامہ ابن زید جو کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب صحابی ہیں انہیں بارگاہ رسالت مآب میں بطور سفارشی بھیجا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر فرمایا تھا اگر میری بیٹی فاطمہ بھی چوری کرے تو میں اس کے بھی ہاتھ کو کاٹ ڈالوں گا۔

آپ نے قحبہ گری کا خاتمہ کیا اور غلامی کی حوصلہ شکنی کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نسلی تفاخر کے تمام دروازوں کو بند کر دیا اور عرب وعجم کے درمیان فضیلت کی بنیاد صرف اور صرف تقویٰ کو قرار دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاندانی وجاہت اور حسب ونسب کو مدار نجات قرار دینے کی بجائے اعمال صالحہ کو مدار نجات قرار دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے صحابہ میں بھی ایسے احساسات کو بیدار کیا کہ وہ دوسروں کی عزت حسب ونسب کی بجائے اعمال صالحہ کی بنیاد پر کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے اچھے اعمال کی وجہ سے صحابہ کرام میں ممتاز حیثیت کے حامل تھے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تیئس سالہ عہد مبارک میں ایک ایسے انقلاب کو برپا کیا کہ جس نے جزیرۃ العرب کو روشن کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کے بعد یہ انقلاب جزیرۃ العرب سے باہر نکل کر روم اور ایران اور بعد ازاں پوری دنیا تک پہنچ گیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بجا طور پر محسن انسانیت ہیں۔ آج بھی انسانیت اپنی درماندگیوں اور گمراہیوں سے نجات حاصل کرنا چاہتی ہے تو اس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز عمل سے رہنمائی حاصل کرنا ہوگی۔

صحیح مسلم میں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے روز تک آل محمد نے جَو کی دو روٹیاں مسلسل پیٹ بھر کے نہیں کھائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے ہجرت کی تو جناب علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو اپنے بستر پر لٹا دیا۔ مشرکین نے تلواریں سونت کر گھر کا محاصرہ کر لیا، علی کرم اللہ وجہہ الکریم بستر پر پُرسکون محوِ استراحت رہے، اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی:

" و من الناس من یشری نفسه ابتغآء مرضات اللّٰهِ "

(سورۃ البقرہ 207)

''ایک ایسا شخص جو اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اپنی جان ہی فروخت کر دیتا ہے''۔

مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے ایک گرفتار عشق فقیر نے درست کہا تھا:

''عبادتوں کا آسمانوں پر قبولیت کا درجہ حاصل کرنا انسانوں کے زمینی کردار پر منحصر ہوتا ہے۔''

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

رسول اللہ ﷺ کی فضیلت

تحریر:۔ قاری اشرف سعیدی مہتمم وامام مدرسہ حافظ عبدالشکور ملتان کینٹ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے تین ذوالعقول اور کلام کرنے والی مخلوقات پیدا کیں۔ فرشتے، جنات اور انسان عقل اور کلام کی صفت سے متصف ہوئے۔ فرشتوں میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے عصمت کا جوہر رکھا اور ان کو اپنی نافرمانی سے محفوظ فرمالیا۔ انسان اور جنات میں بیک وقت نیکی اور بدی کی صلاحیتیں موجود ہیں، اس لئے یہ دونوں مخلوقات اپنے اعمال کے حوالے سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں جوابدہ ٹھہریں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اگرچہ انسان کو ان دونوں مخلوقات کے بعد پیدا کیا لیکن حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ نے جمیع فرشتوں کو ان کے سامنے جھکنے کا حکم دے کر حضرت آدم علیہ السلام کی فضیلت کو واضح فرما دیا۔ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد دو حصوں میں تقسیم ہوئی۔ بعض لوگ اپنے نفسانی خواہشات کی پیروی کرنے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے احکامات سے روگردانی کرنے والے ہیں۔ ایسے لوگ چوپایوں کی مانند بلکہ اس سے بھی زیادہ بدتر قرار پائے، جبکہ اس کے مدمقابل ایک گروہ ایسے لوگوں پر بھی مشتمل رہا جنہوں نے اس دنیا کی عارضی زندگی کی رونق اور کشش سے متاثر ہونے کی بجائے اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کیے رکھا۔ صلحاء، شہداء اور صدیقین اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے۔ یہ تینوں جماعتیں رُتبے کے اعتبار سے بہت اعلیٰ ہیں، لیکن انبیاء علیہم السلام کا مقابلہ اس اعتبار سے نہیں کرسکتیں کہ انبیاء علیہم السلام پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی وحی کا نزول فرمایا اور اپنے کلام کو براہ راست یا کسی فرشتے کے ذریعے ان تک پہنچایا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے کلام کے حامل ہونے کی وجہ سے انبیاء علیہم السلام جمیع مخلوقات سے بہت بلند وبالا ٹھہرے۔ انبیاء علیہم السلام کی جماعت میں 313 یا 315 ایسی ہستیاں گزریں جن کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے شریعت اور قوانین عطا فرما کر منصب رسالت پر فائز فرمادیا۔

رُسل اللہ انسانیت کی فلاح وبہبود کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے قوانین لائے۔ ان رسولوں میں سے پانچ ہستیاں اپنی استقامت، ہمت، عزم اور حوصلے کی وجہ سے اولوالعزم ٹھہریں۔ حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مثالی زندگیاں گزاریں۔ اولوالعزم انبیاء علیہم السلام کی قربانیاں اور جدوجہد ہر اعتبار سے قابل تحسین ہیں لیکن یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ اولوالعزم رسولوں میں سے جو مقام رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا وہ کسی دوسرے کے مقدر میں نہیں آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سابقہ انبیاء علیہم السلام کے مقابلے میں درج ذیل وجوہات کی بنیاد پر افضل اور بلند ہیں:

عالمگیریت

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل مختلف انبیاء علیہم السلام اپنی اقوام اور اپنے علاقے کی رہنمائی کے لئے مبعوث کیے گئے۔ اس کے بالمقابل اللہ تبارک وتعالیٰ نے کلام حمید کی سورہ اعراف کی آیت نمبر 158 میں بیان فرمایا!

''کہہ دیجئے، اے لوگو، بے شک میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں''

دوام

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے بھی رسول آئے ان میں سے بعد میں آنے والے رُسُل اللہ نے سابق رسولوں کی شریعتوں کو منسوخ کردیا۔ گویا ایک رسول کی شریعت کو بعد میں آنے والا رسول منسوخ کردیتا تھا۔ اس کے بالمقابل اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دوام عطا فرمایا اور قیامت کی دیواروں تک کے لئے آپ کی شریعت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عطا کردہ پیغامات کو انسانیت کے لئے حجت اور رہنما بنادیا۔

نبی قبلتین

حضرت ابراہیم علیہ السلام ابوالانبیاء ہیں۔ آپ کی اولاد اللہ تبارک وتعالیٰ کے دو عظیم گھروں کی پاسبانی کا فریضہ انجام دیتی رہی۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد بیت المقدس کے علاقے میں اللہ تبارک وتعالیٰ

کی توحید کے ابلاغ میں مصروف رہی جبکہ حضرت اسماعیل علیہ السلام اور آپ کی اولاد بیت اللہ کے گرد و نواح میں آباد ہوئی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ شرف حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 1 کے مطابق بیت الحرام سے بلند فرما کر صحن بیت المقدس میں پہنچا دیا گیا اور اس امر کو واضح فرما دیا گیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبلے کے مقتدا نہیں بلکہ نبی القبلتین بن کر آئے ہیں۔

ختم نبوت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے آنے والے رُسل اللہ اور انبیاء یکے بعد دیگرے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ملنے والے پیغام کی نشر و اشاعت میں مصروف رہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بعد حضرت نوح علیہ السلام آپ کے بعد حضرت ہود علیہ السلام اور ان کے بعد حضرت صالح علیہ السلام اور ان کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ کے بعد حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام اور ان کے بعد حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام۔ اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام، جناب داؤد علیہ السلام اور جناب سلیمان علیہ السلام، حضرت زکریا علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھ ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تبارک وتعالیٰ کی توحید کے ابلاغ میں مصروف رہے۔ لیکن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے سورہ احزاب کی آیت نمبر 40 میں اس امر کا اعلان فرما دیا

"اور نہیں ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی ایک کے باپ اور لیکن وہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں"

اس آیت سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دعویٰ نبوت کرنے والا شخص خواہ کوئی بھی ہو وہ جھوٹا اور کذاب ہو گا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی اور شخص کو نبوت اور رسالت نہیں مل سکتی۔ چنانچہ آپ کے بعد دعویٰ نبوت کرنے والے مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، علی محمد باب، حسین علی مازندانی، علیجہ محمد، راشد الخلیفہ، غلام احمد قادیانی اور یوسف کذاب جیسے تمام لوگ ملعون اور مبغوض ٹھہرے۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ عالم برزخ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی ربوبیت کے بعد آپ کی نبوت و رسالت کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ اسی طرح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اعزاز بھی ہے کہ عالم اَرواح میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے جمیع انسانیت سے اپنی توحید کا اقرار کروانے کے ساتھ ساتھ انبیاء علیہم السلام کی اَرواح کے اجتماع میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور رسالت کا عہد لیا تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم اَرواح، موجودہ دنیا اور عالم برزخ کی طرح عالم حشر میں بھی انتہائی بلند مقام پر فائز ہوں گے اور یوم محشر میں جب اللہ تبارک وتعالیٰ غصے اور غضب کی انتہا پر ہوں گے اور جمیع انسانیت اللہ تبارک وتعالیٰ کے غضب سے خوفزدہ ہو گی تو ایسے عالم میں سوال وجواب کا آغاز بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ہی سے ہو گا۔ قیامت کے دن اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات کے ساتھ شرک نہ کرنے والوں کے لئے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت فرمائیں گے۔ اسی طرح یوم محشر شدید گرمی کے عالم میں آپ کے حوض یعنی حوض کوثر سے پانی پینے والے لوگوں کو پچاس ہزار سال تک گرمی کا احساس تک نہیں ہو گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ قیامت کے دن آپ کو مقام محمود بھی عطا فرمائیں گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کے دلائل اس کے علاوہ بھی بہت سے ہیں لیکن اختصار کے پیش نظر میں نے چند منتخب دلائل کو قارئین کے سامنے رکھنے کی کوشش کی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت مسلّم ہے، آپ کی ذات اعلیٰ وارفع ہے اور آپ کی شخصیت بلند و بالا ہے۔ اُمت محمد یہ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ کے مقام اور منصب کو پہچانتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حرمت، تقدس اور ناموس کا پاس کرے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو ہر غیر کی محبت پر ترجیح دے۔ اسی طرح ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو ہر غیر کی بات پر ترجیح دینی چاہیے اور آپ کے نظام کو اغیار کے نظام سے بہتر ماننا چاہیے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں صحیح معنوں میں فضیلت محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔
2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔
3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔
4۔ رقم وصول کرنے کا PinCode بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔
5۔ ادارہ کے فون نمبر 0300-6351192 پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

نبی کریم ﷺ کے حُسنِ کردار کے رُوح پرور جلوے

تحریر:۔ خوشنود علی نقشبندی (مری)

محترم دوستو! ہم جشن آمد رسول بہت جوش وخروش سے مناتے ہیں اور ان شاء اللہ مناتے رہیں گے۔ رحمت العالمین کا احسان ہے کہ ہم آج مسلمان ہیں اور دُنیا کے عظیم ترین مذہب پر ہمارا ایمان ہے۔ اللہ ہم سب کے ایمان کو سلامت رکھے۔ اور تحفہ روحانیات کے بانی کو عمر خضری عطا فرمائے (آمین)

انسان دوستی، انسان نوازی اور محروم پروری بہترین خصلتیں ہیں۔ ہر مذہب نے ان صفات کے حاملین کو محبت کی نظر سے دیکھا ہے۔ اسلام نے اپنے تربیتی نظام میں اعتدال، توازن، برداشت اور غریب نوازی کو خاص اہمیت دی ہے۔ معاشرتی انقلاب اگر دیکھا جائے تو ان خوبصورت باتوں کے اختیار کئے بغیر ہرگز ممکن نہیں۔

قرآن مجید کی مکمل ایک سورت اس حسین تربیت کے ساتھ تعلق رکھتی ہے۔ ''سورہ ماعون'' میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

''اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ(۱) فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ(۲) وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْکِیْنِ(۳) فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ(۴) الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلَاتِھِمْ سَاھُوْنَ(۵) الَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ (۶) وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ(۷)''

ترجمہ: ''کیا دیکھا آپ نے اس شخص کو جو دین کو جھٹلاتا ہے پھر اسی لئے تو وہ یتیموں کو دھتکارتا ہے اور مسکینوں کو کھانا کھلانے کی رغبت نہیں دلاتا پس بربادی ہے نمازیوں کے لئے وہ جو اپنی نماز سے بھولنے والے ہیں وہ جو دکھاوا کرتے ہیں اور عام سی استعمال کی چیزوں سے منع کرتے ہیں۔''

معاشروں کی زندگی اس میں ہے کہ وہ ''مفلوک الحال'' لوگوں کی خبر گیری کریں۔ محتاج، پسماندہ اور پسے ہوئے لوگوں سے غفلت برتنے والے اللہ کو بھی راضی نہیں کر سکتے اور سوسائٹی میں بھی انہیں برکتوں، رحمتوں اور روحانی حفاظتوں سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا!

''ایسی آبادی جس میں کسی نے صبح ایسے کی کہ وہ رات بھر بھوکا رہا اُس بستی سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور نگرانی کا ذمہ ختم ہو گیا۔'' (مسند امام احمد)

مسلم شریف کی حدیث ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بندہ ''میرا مال، میرا مال'' کہتا رہتا ہے حالانکہ اس مال میں سے اُس کے لئے صرف تین چیزیں ہوتی ہیں: جو کچھ کھا کر وہ ہضم کر لیتا ہے، دوسرا وہ جو پہن کر پرانا کر لیتا ہے اور تیسری چیز وہ جو اللہ کے راستے میں وہ خرچ کر کے آخرت سنوار لیتا ہے، ان کے علاوہ جو کچھ ہوتا ہے وہ یا تو چلا جاتا ہے اور یا وہ دوسروں کے لئے چھوڑ کر مر جاتا ہے۔''

حضرت عبداللہ بن مبارک کا ایک پڑوسی تھا، کہتے ہیں مذہباً وہ یہودی تھا۔ آپ اُسے اپنے بیٹوں سے پہلے کھانا کھلاتے، شفقت سے نوازتے، کپڑے پہناتے اور اُس کی تالیف قلب کے لئے ''حسن سلوک'' کے تحفے دیتے۔ لوگوں نے یہودی سے کہا! اپنا گھر بیچ دو، وہ یہودی کہنے لگا: میرے گھر کی قیمت دو ہزار ہے، ایک ہزار مکان کی قیمت ہے اور ایک ہزار ابن مبارک کے پڑوس میں رہنے کی۔ ابن مبارک نے سُنا تو دعا فرمائی کہ اے اللہ اسے حُسنِ ظن کی وجہ سے اسلام کی ہدایت فرما دے۔ حضرت کی دُعا کی برکت تھی کہ وہ یہودی مشرف بہ اسلام ہو گیا۔

عبداللہ ابن مبارک ہی کے بارے میں روایت کیا جاتا ہے کہ ایک بار آپ حج کے سفر پر نکلے، راستے میں انہوں نے دیکھا کہ ایک عورت نے کوڑے کے ڈھیر پر سے مرا ہوا کوا اُٹھایا اور ساتھ لے گئی۔ حضرت نے اپنے غلام کے ذریعے اس کے احوال معلوم کئے۔ پتہ چلا کہ کئی دِنوں سے اس کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں آپ کی آنکھیں بھر آئیں۔ آپ نے قافلے والوں کو حکم دیا کہ اس بستی میں زادِ حج تقسیم کر دیں اور خود وہیں سے واپس لوٹ آئے۔ حج کا اِرادہ ترک کر دیا۔ آپ نے خواب میں دیکھا کوئی کہنے والا کہہ رہا ہے:

''حج قبول ہو گیا، گناہ بخش دیئے گئے اور کوشش کامیاب ہو گئی''۔

مسلم شریف کی حدیث ہے، مصر قبیلے کے لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان میں سے اکثر لوگ ننگے پاؤں تھے۔ بدنوں پر کپڑے نہ تھے، پھٹی پرانی چادروں کے ساتھ انہوں نے اپنے تن ڈھانپ رکھے تھے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا تو آپ پریشان ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو جمع ہونے کا حکم دیا اور نادار لوگوں کی مدد کرنے کی ترغیب دی۔ دیکھتے ہی دیکھتے درہم، دینار اور کپڑوں کا ایک

ڈھیر لگ گیا۔اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خوب نوازا اور یہ ارشاد بھی فرمایا:

''جس شخص نے کوئی اچھا طریقہ ایجاد کیا تو اس کیلئے اس کا اَجر ہے اور اُن لوگوں کا بھی اَجر ہے جو اس کے بعد اس پر عمل کریں گے اور اُن عمل کرنے والوں کے اَجر میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی اور جس شخص نے کوئی بُرا طریقہ نکالا تو اس پر اس کا گناہ ہوگا اور اُن لوگوں کا بھی گناہ ہوگا جو اس کے بعد اس پر عمل کریں گے اور ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی کمی نہیں کی جائیگی۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا!''بیوہ اور غریب کے لئے دھوڑ دھوپ کرنے والا اللہ کی راہ میں مجاہد کی طرف ہے اور اس کے برابر ہے جو دن بھر روزہ رکھتا ہے اور رات بھر نماز پڑھتا ہے۔'' (مسلم شریف)

معاشی اور معاشرتی پسماندگی اگرچہ انسان کو توڑ دیتی ہے لیکن یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ ریت کی تہہ میں دبا رہنے والا موتی کوہ نور ہیرا بن سکتا ہے۔غم اور حزن طبیعتوں کو گداز کرتے ہیں، مصیبتیں، پریشانیاں اور آزمائشیں انسان میں دوسروں کی پریشانیوں کا احساس پیدا کر دیتی ہیں۔عیش و نعم کی زندگی انسان کو کچے دھاگے کی طرح کمزور کر دیتی ہے کوئی پتہ نہیں یہ دھاگہ کہاں ٹوٹ جائے اور کدھر بکھر جائے لیکن مسکنت کا بوجھ انسان کو حق آشنا بنا دیتا ہے شاید انہی وجوہات کی بناء پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا فرمایا کرتے تھے۔

''اے اللہ ! مجھے مسکین زندہ رکھ، مسکین اُٹھا اور مسکینوں کے ساتھ ہی میرا حشر فرما''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ''رحمۃ للعالمینی'' سے اپنی تعلیمات میں یہ گہرہائے تابدار شامل فرمالئے تھے۔ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ارشاد فرمایا۔

''اے عائشہ! کسی مسکین کو اپنے دروازے سے خالی ہاتھ واپس نہ کر خواہ چھوہارے کا ایک ٹکڑا ہی تجھے دینا پڑے، بعض اوقات ایک پراگندہ شخص اللہ کے ہاں یہ مرتبہ رکھتا ہے کہ اگر وہ قسم کھالے تو اللہ اُس کی قسم کو پورا کر دے''

یہ ارشاد بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا ہے کہ جنت میں داخل ہونے والے اکثر فقراء ہی ہوں گے۔

وہ لوگ جو دوسروں کے غم کو اپنا غم سمجھتے ہیں اور اپنی نعمتوں کو استعمال میں لاکر دوسروں کو اُٹھانے اور اُبھارنے کا کام کرتے رہتے ہیں فطرت اُنہیں اپنے خاص عطیہ سے صاحب راز بنا دیتی ہے، اس طرح وہ صاحب نعمت بن جاتے ہیں اور اللہ کی رحمتیں اپنے دروازے ان کیلئے وا کر دیتی ہیں۔حکمتیں اُن کی میراث ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ صلاح اور فلاح دونوں چیزیں ان کے وجود سے وابستہ کر دیتا ہے۔یہ لوگ دھیرے دھیرے اپنے وجود کو آفاقی حقیقتوں میں گم کر دیتے ہیں۔ان کا وظیفہ ہر آن اور ہر لحظہ ''اللہ اکبر'' ہوتا ہے۔درود و سلام ان کی محبتوں کا ''کوڈ ورڈ'' ہوتا ہے۔ان کے اندر سنیاسیوں کی روحیں نہیں ہوتیں بلکہ ان کی روحوں میں اُسوۂ رسول کی موجیں پیدا ہوتی رہتی ہیں، یہی تو وہ لوگ ہوتے ہیں جو اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ اُن کی قسموں کو سچا کر دکھاتا ہے۔

حضرت مصعب الخیر رضی اللہ عنہ کا تعلق ''بنو عبدالدار'' کے ایک متمول خاندان سے تھا۔آپ ناز و نعم میں پلے تھے۔تاریخ میں آتا ہے کہ مکہ میں ان جیسا خوش لباس، خوش خو اور خوش خوراک شخص کوئی دوسرا نہ تھا۔آپ نہایت قیمتی لباس پہنتے تھے۔آپ کا خضری جوتا بہت قیمت رکھتا، آپ گورا رنگ، میانہ قد، عنبریں زلفیں رکھنے والے معتبر اور معطر شخص تھے۔اسلام قبول کیا تو سیرت طیبہ نے آپ کے اندر وہ انقلاب پیدا کر دیا کہ درویشانہ اور فقیرانہ زندگی آپ کا شعار ہوگیا۔ایک دن بارگاہ مصطفوی میں حاضر ہوئے کہ آپ کے اندر وہ انقلاب پیدا کر دیا کہ کھال کا لباس پہنے ہوئے تھے۔ایسا لباس جس میں جا بجا پیوند لگے تھے۔آپ کی شکستہ حالت دیکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم آبدیدہ ہوگئے اور فرمایا:''یہ وہ نوجوان ہے جس سے زیادہ ناز کا پلا ہوا کوئی دوسرا جوان مکہ میں نہ دیکھا گیا لیکن نیکی کی رغبت اور اللہ اور اس کے رسول کی محبت اور عشق نے اسے اُن تمام چیزوں سے بے نیاز کر دیا۔''

آپ رضی اللہ عنہ کامیابی کیلئے چار چیزوں کو لازم قرار دیتے۔

کتاب اللہ کی تلاوت

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت

غم انسانیت اور دنیا سے بے نیازی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ دوسروں کے دلوں کا خیال رکھتے کہ یہ نازک آبگینے ہیں کہیں ٹوٹ نہ جائیں۔دلوں کی سرزمین اگرچہ سینے ہیں لیکن ان کے خوش ہونے اور ان کے ٹوٹ جانے کے بڑے گہرے اثرات معاشرتی اقدار پر مرتب ہوتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے سالم اور سلیم دل ''توشہ محشر'' بنائے ہیں۔خوش بخت شخص وہی ہوتا ہے جو آخرت سازی کے لئے اپنے دل کی اصلاح اور دوسروں کے دلوں کی تالیف کرتا رہتا ہے۔ہاں اتنا ضرور ہے کہ دل انہیں لوگوں کے سلیم ہوتے ہیں جو پیٹ کے معاملے میں حریص اور لالچی واقع نہیں ہوتے البتہ دوسروں کو نوازنے اور کھانا کھلانے کے خواہش مند رہتے ہیں۔

گھروں میں موجود سیاروں کے اثرات

ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

محترم قارئین تحفہ روحانیات! گذشتہ ماہنامہ تحفہ روحانیات میں خانہ اول یا ہفتم مختلف سیارگان کا ثمرہ شائع کیا گیا شمارہ دسمبر میں نہم تا دوازدہم کا ثمرہ شائع کیا جارہا ہے ان تمام شائقین نجوم کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ہماری اس محنت کو سراہا۔

خانہ نہم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

اس گھر کا تعلق سوچ، جسمانی یا ذہنی طویل سفر، اعلیٰ تعلیم، فلسفے، مذہب، عقائد، پیش گوئیوں اور دُور دراز مقامات کے سفر سے ہوتا ہے، بوقت پیدائش اس گھر میں موجود کواکب کے جو اثرات مرتب ہوں گے، وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

شمس اگر نویں گھر میں ہو تو

آپ ایک فلسفی یا ایک نیک اور معصوم انسان ہوں گے۔ آپ کے عقائد آپ کے لئے بے حد اہمیت رکھتے ہیں۔ آپ سفر کریں گے تب بھی دنیا کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ آپ جسمانی طور پر لمبے سفر کیا کریں گے، سیر و تفریح کے لئے سفر کیا کریں گے یہی آپ سفر اور سوچ بچار کے ذریعے ترقی کریں گے۔

قمر اگر نویں گھر میں ہو تو

آپ کے خوب سچے ثابت ہوا کریں گے۔ علم طبیعات مذہب اور فلسفے سے گہری دلچسپی رکھیں گے۔ اپنے مذہبی خیالات دوسروں تک پہنچا کر اپنی محبت کا اظہار کریں گے اور کچھ ایسے لوگوں کو تلاش کرلیں گے جو آپ کو سمجھتے ہوں۔ اعلیٰ تعلیم آپ کے لئے اچھی ثابت ہوگی۔ خاص طور پر نفسیات اور ہوم اکنامکس کی تعلیم اچھی رہے گی، ماہر نفسیات کے طور پر بھی کامیابی حاصل کرسکتے ہیں نیز دُور دراز مقامات پر محبت کے مواقع ملیں گے۔

عطارد اگر نویں گھر میں ہو تو

تجدیدی خیالات اور مذہبی یا فلسفیانہ مضامین کی وضاحت کرنے کی صلاحیت بدرجہ اُتم موجود ہوگی، شاید آپ کالج میں پڑھائیں گے یا کالج میں پڑھائی جانے والی کتابیں لکھیں گے۔ آپ علم حاصل کرنے یا دوسروں کو تعلیم دینے کے لئے سفر کریں گے یا سفر نامہ لکھنے کے لئے سفر کریں گے۔ اچھے صلاح کار بھی بن سکتے ہیں۔

زہرہ اگر نویں گھر میں ہو تو

سفر کے ذریعے خوش بختی اور خوشی ملے گی، معاشیات، قانون اور سیاسیات کا مطالعہ کریں گے۔ اپنے تہواروں سے محبت کرنے والے ہوں گے، فلسفے اور مذہب کے متعلق اپنی گہری سوچ دوسروں تک پہنچا کر اپنی محبت کا اظہار کریں گیسب سے زیادہ خوشی اور تسکین آپ کو دوسروں کی مدد کر کے ملا کرے گی۔

مریخ اگر نویں گھر ہو تو

آپ پڑھائی کے شوقین اور ایک ایسے طالب علم ہوں گے جو فلسفیانہ اور مذہبی معاملات میں جوش میں آجانے والا ہو۔ پروپیگنڈا کرنے کے ماہر ہوں گے اور ایک سرگرم باہمت اور بُرائی کو چھوڑ کر نیکی کو اپنانے والے انسان ہوں گے، آپ ایک اچھے دوست ثابت ہوں گے، تفریح کے لئے سفر کیا کریں گے۔ تیراکی کے لئے سمندروں کا رخ کیا کریں گے، پہاڑوں کو سر کرنے اور کیمپ لگا کر رہنے کے لئے پہاڑوں کا رخ کیا کریں گے۔ آوارہ گردی اور شکار کے لئے جنگلوں میں جائیں گے۔ خا

مشتری اگر نویں گھر میں ہو تو

آپ بہت ہی عمیق دماغ کے مالک ہوں گے، جو آپ کو معروضی اور موضوعی دونوں دنیاؤں میں بہت دُور لے جائے گا، آپ ذہانت کے باعث تعلیمی، فلسفیانہ، مذہبی اور علم طبعی کے میدانوں میں کامیابی حاصل کریں گے۔ پیش گوئیوں کے متعلقہ گھر میں پیش گوئی سے متعلقہ سیارہ مستقبل کے متعلق اچھا ادراک عطا کرے گا۔

زحل اگر نویں گھر میں ہو تو

عقائد وغیرہ پر یقین کرنا آپ کے لئے مشکل ہوگا، کیونکہ آپ کو ہر چیز کو پہلے شک وشبہ کی نظر سے دیکھیں گے لیکن جب ایک مرتبہ شُبہ دُور ہوجائے گا تو پھر آپ کے اعتقاد کو کوئی ختم نہ کرسکے گا۔ ایسے افراد مذہب، فلسفے اور اعلیٰ تعلیم کے میدانوں میں نیک ارادے کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ زحل کی موجودگی سفر کی نشان دہی بھی کرتی ہے مگر یہ سفر سیر وتفریح کے لئے نہ ہوگا بلکہ کیریئر کی خاطر یا کسی ضرورت کے تحت اختیار کرنا پڑے گا۔

یورنیس اگر نویں گھر میں ہو تو

آپ کے خیالات اور فلسفہ بہت عجیب وغریب قسم کا ہوگا، سوچ کا انداز بہت مختلف ہوگا، عجیب وغریب مضامین کے مطالعے کا شوق ہوگا۔ ایسے افراد کسی خاص موڑ پر پہنچ کر اپنا مذہب تبدیل کر لیتے ہیں۔

نیپچون اگر نویں گھر میں ہو تو

بہت عجیب وغریب عقائد کے مالک ہوں گے، آپ میں روحانی صلاحیت موجود ہوگی۔ خاص طور پر وجدان کی صلاحیت ہوگی، مہربانی اور نیکی ہی کو مذہب سمجھیں گے، اعلیٰ تعلیم، آرٹ، موسیقی، فکشن اور تھیٹر میں کامیابی حاصل کریں گے، نیز آبی سفر کے بے حد شوقین ہوں گے۔ جدید پیمانے پر کام سرانجام کیا کریں گے۔

پلوٹو اگر نویں گھر میں ہو تو

خطرناک مہماتی سفر اختیار کیا کریں گے۔ خاص طور پر فوجی مشن پر جایا کریں گے۔ امکانات ہیں کہ گھر سے دُور کسی واقعے کے نتیجے میں موت واقع ہوگی، فلسفے، مذہب، علوم طبعی اور زندگی بعد از موت میں بے حد دلچسپی لیں گے، روحانیت کو بھی علیحدہ کام کے طور پر اختیار کریں گے۔

خانہ دھم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

اس گھر کا تعلق کیریئر کامیابی، عزت اور اس کام کی نوعیت سے ہوتا ہے جو آپ حقیقتاً کرنا چاہتے ہیں، اس گھر میں پیدائش کے وقت موجود سیاروں کے اثرات جو مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل تحریر کئے جاتے ہیں۔

شمس اگر دسویں گھر میں ہو تو

آپ کا کیریئر میں آپ کی زندگی ہے۔ کامیابی حاصل کریں گے لیکن زندہ میں جب شکست سے واسطہ پڑے گا تو ہر شکست آپ کو پہلے سے زیادہ کوشش کے لئے تیار کردے گی اور یہ ایک اچھی بات ہے وہ کام جس میں قوت حیات اور ذاتی کشش کی ضرورت ہوتی ہے، اس میں کامیابی حاصل کریں گے۔

قمر اگر دسویں گھر میں ہو تو

آپ عوامی کیریئر اختیار کریں گے جس کے ذریعے عزت و مرتبہ اور شہرت ملے گی، عورتوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع بھی ملے گا۔ سمندروں سے متعلق کام، کیمیکلز، پٹرولیم وغیرہ میں بھی کامیابی حاصل کریں گے۔ آپ اچھے دوست ثابت ہوں گے آپ کی خوشیوں کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس طرح کام کر رہے ہیں۔ ایک مصروف دن بے انتہا خوشی اور فتح کے احساس سے ہمکنار کرے گا، جب کہ اُس کے برعکس کیفیت پیدا کرے گا۔

عطارد اگر دسویں گھر میں ہو تو

دماغی کیریئر اپنا کر خود اعتمادی کے ساتھ دماغی صلاحیتوں کو تسلیم کروالیں گے۔ لکھنے، لکھانے اور درس وتدریس کا کام بخوشی اور نیک ارادوں سے اختیار کریں گے اور کامیابی سے حاصل کریں گے، اداکاری، انویسٹ منٹ، سیلز وغیرہ بھی کامیابی حاصل کریں گے، اخبار میں کام کرنا بھی مناسب رہے گا۔

زہرہ اگر دسویں گھر میں ہو تو

خوبصورتی، فیشن، زیورات، موسیقی، انصاف، زمین اور مالی کاروبار سے متعلقہ کاموں میں کامیابی حاصل کریں گے۔ کیریئر میں کامیابی اور نمایاں مقام حاصل کرنے کے لئے زہرہ کی موجودگی ایک اچھی علامت ہے لیکن یاد رکھئے آپ کی اچھی شہرت کا سبب صرف اور صرف آپ کی خوبصورتی ہوگی۔

مریخ اگر دسویں گھر میں ہو تو

طب، پیشہ وارانہ کھیلوں میں حصہ لینے، کھیلوں کی تربیت دینے، ماڈلنگ اور ایکٹنگ میں کامیابی حاصل کریں گے، نیز اشیاء کی فروخت یا سخت منتظم کی حیثیت سے بھی کامیابی حاصل کریں گے۔ اس کے علاوہ دھاتوں کی خرید و فروخت، تیز آلات سے متعلقہ کام یا ملٹری میں شمولیت بھی کامیابی لائیگی۔

مشتری اگر دسویں گھر میں ہو تو

آپ جو بھی کیریئر اختیار کریں گے اس میں کامیابی حاصل ہوگی، خوش قسمتی اور اچھی کارکردگی یہ دونوں چیزیں مل کر آپ کو عزت و مرتبہ دیں گے۔ آپ ایک اچھے دوست ثابت ہوں گے، آپ ان کاموں میں خاص طور پر کامیابی حاصل کریں گے۔ جن کا تعلق مذہب، سفر یا تعلیمی میدان یا کھیل کے میدان سے ہے۔

زحل اگر دسویں گھر میں ہو تو

آپ ایک منتظم کی حیثیت سے کامیاب رہیں گے اور کامیاب منتظم ثابت ہوں گے کیونکہ خود اپنے گھر میں زحل کی موجودگی کسی نہ کسی قسم کے افسرانہ اختیارات کا باعث بنتی ہے۔ آپ کی مستعدی، خود اعتمادی اور فرائض کا احساس ہی آپ کی صلاحیتیں تسلیم کروانے کا باعث بنے گا۔ انہیں خصوصیات کے باعث ترقی بھی ملے گی، اگرچہ ترقی کے معاملے میں سست روی دیکھیں گے، مگر بہرحال عروج ضرور حاصل ہوگا۔

یورانس اگر دسویں گھر میں ہو تو

کیریئر میں آپ کو اکثر مدوجزر کا سامنا کرنا پڑے گا، یعنی کبھی تو اچانک آپ کو ترقی ملے گی اور کبھی آپ کو غیر متوقع بدقسمتی کا سامنا ہوا کرے گا۔ آپ کی زندگی میں متعدد مرتبہ کیریئر کی تبدیلی واقع ہوگی،

نیز آپ عجیب وغریب قسم کے کام اختیار کریں گے یا نئی صنعتوں میں کام کیا کریں گے یا سائنسی میدان میں کام کیا کریں گے اور ایجادات میں حصہ لیں گے۔

نیپچون اگر دسویں گھر میں ہو تو

ایسا ہی تخلیقی کیریئر مثلاً اداکاری، فنون لطیفہ یا موسیقی وغیرہ کو بطور کیریئر اپنائیں گے یا فلم بنائیں گے۔ یا ٹی وی پر کام کیا کریں گے یا جادوگری کے کمالات دکھائیں گے یا بحیثیت فلموں کے ڈائریکٹر یا فوٹو گرافر اپنا نام پیدا کریں گے یا پھر نشہ آور اشیاء کا کاروبار کریں گے یا ایسا کام کریں گے جس سے لوگوں کو حیرانگی ہو۔

دسویں گھر میں اگر پلوٹو ہو تو

آپ ہر معاملے میں اپنے آپ کو قطعی اختیارات کا حامل پسند کریں گے اور اپنے آپ کو کمانڈر انچیف کی حیثیت سے دیکھنا چاہیں گے۔ ایسے کیریئر اختیار کریں گے جس میں جان کو ہتھیلی پر رکھنا پڑتا ہے۔ مثلاً مینار بنانا، جاسوسی کرنا، تیز ڈرائیونگ کرنا، سرجری وغیرہ۔

خانہ یازدھم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

اس گھر کا تعلق دوستوں، دوستی کے معاملات، مشترکہ اور گروہی سرگرمیوں، مستقبل سے متعلق امیدوں اور خواہشات سے ہوتا ہے اس گھر میں پیدائش کے وقت سیارگان کی موجودگی کا ثمرہ جو واضح ہوتا ہے وہ درج ذیل تحریر کیا جاتا ہے۔

شمس اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ ایک اچھے دوست ثابت ہوں گے اسی وجہ سے آپ کے دوست بھی بے شمار ہوں گے، دوسروں کی مدد کر کے آپ کو سب سے زیادہ خوشی اور تسکین ملا کرے گی، صلاح کار، ماہر نفسیات یا سوشل ورکر کی حیثیت سے خاص طور پر کامیابی اور ہر دلعزیزی حاصل کریں گے۔

قمر اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

دوستوں اور دوستی کے معاملات کے متعلق بے حد جذباتی ثابت ہوں گے، آپ کو سب سے زیادہ خوشی اُس وقت ملے گی جب آپ دوسروں کی مدد کریں گے، دوسروں کو مشورہ دینے والے کاموں یا ماہر نفسیات یا ماہر نجوم کی حیثیت سے ہر دلعزیزی حاصل کریں گے۔ آپ اچھے دوست ثابت ہوں گے، آپ کے دوست بھی محبت کرنے والے اور جذباتی ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ دوستی اور محبت کو ایک دوسرے سے الگ کرنا مشکل ہے۔

عطارد اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ کھل کر دوستوں سے تمام معاملات پر گفتگو کیا کریں گے، آپ انہیں لوگوں کو دوست بنایا کریں گے جن کی دلچسپیاں آپ کی دلچسپیوں کی طرح ہوں، آپ اُن لوگوں سے متاثر ہوا کریں گے جو ہوشیار ہوں اور اپنے خیالات کے اظہار پر قدرت بھی رکھتے ہوں۔ نیز اپنے سے کم عمر کے لوگوں کو دوست بنانا زیادہ پسند کریں گے اور پوری زندگی آپ کے دوست نوجوان افراد ہی ہوں گے۔ آپ ادبی ذوق رکھنے والے ہوں گے۔

زہرہ اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ کے دوستوں میں اکثریت نوجوان خواتین کی ہوگی، آپ مشترکہ ثقافتی سرگرمیوں کی بنیاد پر لوگوں کو دوست بنایا کریں گے۔ اگر اپنے دوستوں کا تجزیہ کریں تو دیکھیں گے کہ اُن میں اکثریت بہت خوش لباس اور خوبصورت و پُرکشش لوگوں کی ہے۔ آپ کو زندگی میں روپے، پیسے، آرام اور تحفظ کی خواہش ہوگی۔

مریخ اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ کے تمام دوست آدمی ہوں گے اور آپ کی تمام خواہشات جسمانی ہوں گی، عورت کے زائچے کے گیارھویں گھر میں مریخ ہو تو ایسی عورت عورتوں سے زیادہ ملنا جلنا پسند نہیں کرتی بلکہ صرف مردوں کے ساتھ رہنا اور اُن سے ملنا جلنا پسند کرتی ہے لیکن اس کا شوہر اس بات کو کبھی سمجھ نہ پائے گا، آپ کھیلوں کی سرگرمیوں کو بنیاد بنا کر دوستوں کا انتخاب کریں گے۔

مشتری اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ کو دوستوں کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی، بے شمار دوست ہوں گے جو آپ کی مدد بھی کیا کریں گے، آپ بڑے پیمانے پر کام کا آغاز کر کے آگے ہی آگے بڑھنا چاہیں گے، ایک خواہش پوری ہوگی تو اس کی جگہ دوسری خواہش لے لیا کرے گی، مستقبل کا خیال ہی بڑی چیزوں کے حصول کی خواہش پیدا کرے گا۔

زحل اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ کی خواہشات اور مقاصد عملی اور مساوی ہوں گے مگر خواہشات اور مقاصد بلند نہ ہوں گے۔ دراصل آپ میں بلند اور اونچے خواب دیکھنے کی صلاحیت ہی نہ ہوگی، دوستوں اور ملنے جلنے والوں میں فرق ہوگا، دوست بہت پرانے ہوں گے اور انہیں کو زیادہ اہمیت حاصل ہوگی، آپ مستحکم، ثابت قدم اور قابل بھروسہ لوگوں کو دوست بنایا کریں گے۔

یورانس اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

دوست غیر معمولی قسم کے ہوں گے، آپ دوستوں کی قدر اُن کے غیر معمولی ہونے اور انفرادیت کے حامل ہونے کی بناء پر کیا کریں گے۔ آپ دوستی کی آزمائش بھی کیا کریں گے۔ آپ دوستی کی آزمائش بھی کیا کریں گے۔ آپ کی خواہشات اور مقاصد بھی دوسروں کی خواہشات اور مقاصد سے بالکل مختلف ہوں گے۔

نیپچون اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ کی خواہشات روحانی اور بالکل مبہم قسم کی ہوں گی۔ ایسے دوست بنائیں گے جو آپ کے مزاج کے موافق ہوں گے، ہم مزاج ہوں گے یا پھر وہ بھی آپ کی مانند شراب یا دوسری نشہ آور اشیاء کا شوق رکھتے ہوں گے۔ آپ میں ایک عادت یہ بھی ہوگی کہ آپ خفیہ دوست بنایا کریں گے جو آپ کے رازدار بھی ہوا کریں گے۔

پلوٹو اگر گیارھویں گھر میں ہو تو

آپ جنسی افراد کو دوست بنائیں گے۔ شاید ہی آپ کی زندگی کے ہر مرحلے میں ایسا نہ ہو۔ مگر کچھ عرصہ ایسا ضرور آئے گا کہ جب آپ ایسے لوگوں کو دوست بنائیں گے جن کی سرگرمیں آپ کی طبع (مزاج) کے موافق ہوں گی اور جو جسمانی تعلق بھی قائم کریں گے اور یہ بات محض ایک دوسرے کو فائدہ پہنچانے کے لئے ہوگی۔

خانہ دوازدھم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

اس گھر کا تعلق پُراسرار اور روحانی چیزوں، تخیل، دوسروں کی مدد، مہربانی، نیکی، قربانی، ذاتی شکست اور بدقسمتی سے ہوتا ہے جس میں پیدائش کے موقع پر سیاروں کی موجودگی کے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل تحریر کئے جاتے ہیں۔

شمس اگر بارھویں گھر میں ہو تو

آپ خود اپنے بدترین دشمن ہیں، آپ خود اپنی روحانی قوتوں کو اپنے منصوبوں کے خلاف استعمال کریں گے۔ ایسا اس وقت ہوگا جب تک آپ ایک اللہ، ایک عقیدے، ایک مقصد، ایک خیال یا ایک آئیڈیل کو تلاش نہ کرلیں، جو کہ آپ کو اچھے کاموں کی جانب متوجہ کرے، آپ وہاں قربانی دیں گے جہاں آپ کو فائدہ حاصل ہوا گر ایسا نہ کیا تو پھر شکست آپ کا مقدر بن جائیگی۔

قمر اگر بارھویں گھر میں ہو تو

غموں سے دل ٹوٹ جائے گا، جذبات کی وجہ سے غموں اور دُکھوں کا سامنا کریں گے، آپ کے نزدیک محبت قربانی کا نام ہے اور محبت کے لئے ہر چیز قربان کرنے کو تیار رہیں گے، روحانی قوتوں کو پروان چڑھا کر آپ خوشی حاصل کرسکیں گے۔ آپ ایک روحانی قسم کے انسان ہیں اور اگر اپنی روحانیت کے خلاف جنگ کی تو آپ نشہ آور اشیاء خاص طور پر شراب نوشی کی طرف مائل ہوجائیں گے جس کا نتیجہ تباہی کے سوا کچھ نہیں ہوگا۔

عطارد اگر بارھویں گھر میں ہو تو

آپ کو اُن بے شمار چیزوں کے بارے میں بھی معلومات ہوں گی جن کے متعلق آپ نے کوئی علم حاصل کیا ہوگا اور نہ کہیں پڑھا ہوگا، یہ معلومات بہت کام کی ہوں گی مگر آپ اس غلط قسم کی دلیلوں کی خاطر ہر اچھے خیال اور منصوبے کو رَد کردیا کریں گے، اس کی وجہ سے آپ ہمیشہ مشکل میں پھنس جایا کریں گے، جو اچھا خیال ذہن میں آئے اسے اہمیت ضرور دیں، نیز آپ اپنی باتوں کی وجہ سے بھی بھی مشکل میں پھنس جایا کریں گے۔

زہرہ اگر بارھویں گھر میں ہو تو

آپ کی خوبصورتی آپ کے لئے زندگی میں مشکلات کا باعث بن جائے گی، آپ کو اپنی محبت کی وجہ سے غم اور رکاوٹیں پیش آئیں گی، کچھ خوبصورت عورتیں جو آپ کے خیال میں آپ کی دوست ہیں وہ خفیہ طور پر آپ کی جان کی دشمن بن جائیں گی، نیز آپ مصیبتوں میں بھی آپ کچھ عجیب سی خوبصورتی محسوس کریں گے۔

مریخ اگر بارھوی گھر میں ہو تو

آپ کے زوال کا سبب اور آپ کی سب سے بڑی دشمن آپ کی بے صبری اور جلد بازی ہے، آپ کی یہ جنگجوئی اندر کی طرف جا کر السر اور اعصابی تکلیف پیدا کردیتی ہے، یاد رکھئے کہ تیز دھار والے آلات آپ کیلئے بے حد خطرناک ہیں، ان سے آپ خود اپنے آپ کو نقصان پہنچائیں گے۔ لیکن چھریوں اور چاقوؤں میں آپ کو کشش بھی بے حد محسوس ہوگی۔ اگر آپ سرجن بنے تو آپ ایک کامیاب ترین سرجن ثابت ہوں گے۔

مشتری اگر بارھویں گھر میں ہو تو۔

پیش گوئی کرنے کی روحانی آپ کے اندر موجود ہوگی۔ پُراسرار چیزوں اور مذہب میں دلچسپی لیں گے، قربانی دینے والے ہوں گے۔ آپ کے بے شمار مخفی (چھپے ہوئے) دشمن ہوں گے مگر آپ ان سب پر فتح حاصل کریں گے، ہر مصیبت آخر میں کامیابی پر ختم ہوا کرے گی، ہر بدقسمتی آخر میں آپ کے حق میں مفید ثابت ہوگی۔

بقیہ صفحہ نمبر 15 پر ملاحظہ فرمائیں

تحت الشعاع سیاروں کا زائچے میں عملی کردار

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء
(کراچی)

ارادہ تو یہ تھا کہ ماہ دسمبر کے نظرات کے حوالے سے کچھ لکھا جائے مگر اس ماہ اکثر نظرات کمزور حیثیت کی حامل ہیں اعمال سعد کے لئے، چونکہ چند سیارے شمس کی قربت کی وجہ سے تحت الشعاع ہونے کی حیثیت سے اپنی قوت سے عاری ہوں گے۔

نئے قارئین کے لئے یہ بتانا ضروری ہے کہ شمس کے سوا باقی تمام سیارگان غروب، تحت الشعاع (Combust) ہوتے ہیں جب بھی کوئی سیارہ سورج سے پہلے یا بعد مخصوص درجات کے فاصلے پر آتا ہے تو وہ سیارہ تحت الشعاع ہو جاتا ہے شمس کی طاقت ور روشنی اُسے بے نور کر دیتی ہے۔ ہر سیارے کے لئے مخصوص درجات مقرر ہیں جیسا کہ

(۱) **قمر**: شمس سے 12 درجہ پہلے اور 12 درجے بعد تک غروب رہتا ہے اور شمس و قمر کے قران کے وقت مکمل تحت الشعاع ہو جاتا قمر ہر ماہ تحت الشعاع ہوتا ہے۔

(۲) **مریخ**: سیارہ شمس سے 17 درجہ پہلے اور 17 درجہ بعد تک غروب رہتا ہے اور شمس سے قران کی صورت میں اپنی پوری طاقت کھو بیٹھتا ہے۔

(۳) **عطارد**: سیارہ شمس سے 14 درجہ قبل اور 14 درجہ بعد تک غروب رہتا ہے، نیز بعض ماہر نجوم عطارد کو اس صورت میں رعایت کا حق دیتے ہیں کہ عطارد اکثر شمس سے قریب رہتا ہے لہٰذا اس کے غروب ہونے کو اہمیت نہ دی جائے مگر حقیقت یہ ہے کہ شمس کے عطارد سے قران کے مخصوص درجاتِ قربت میں عطارد اپنی طاقت کھو دیتا ہے اور یہ بات تجربہ سے ثابت شدہ ہے۔

(۴) **زہرہ**: شمس سے 10 درجہ قبل اور بعد تک غروب رہتا ہے اور اپنی طاقت کھو دیتا ہے۔

(۵) **مشتری**: 11 درجہ قبل و بعد شمس سے قریب ہونے پر تحت الشعاع ہو جاتا ہے مگر بعض ماہر فن قران شمس و مشتری کو سعد تسلیم کرتے ہیں لیکن ویدک اسٹرالوجی میں مشتری غروب ہو کر اپنی طاقت کھو دیتا ہے۔

(۶) **زحل**: شمس سے 15 درجہ پہلے اور بعد تک غروب ہو جاتا ہے اور اپنی قوت کھو دیتا ہے۔

عزیزان من: یہ تو درجات کے حوالے سے بنیادی اُصول تھا، اب آگے بڑھتے ہیں کہ کسی فرد کے زائچہ پیدائش میں جو سیارے تحت الشعاع ہیں وہ کیا اثر دیں گے، مزید یہ بات بھی یاد رکھنا ضروری ہے کہ ہر وہ تحت الشعاع سیارہ اپنے بنیادی گھر اور اس کی عمومی منسوبات کو فائدہ دینے سے قاصر رہتا ہے یا تاخیر کا سبب بنتا ہے۔

(۱): زائچہ میں قمر تحت الشعاع ہو تو اپنے اُدوار میں صاحب زائچہ کو ذہنی سکون میسر نہیں آتا، والدہ ہو یا بیوی کی صحت متاثر رہے گی اور جائیداد کے مسائل سے ذہنی ڈپریشن رہے گی۔

(۲) زائچہ میں مریخ تحت الشعاع ہو تو اپنے اُدوار میں صاحب زائچہ شدید جلد باز اور ہائپر ٹینشن کی وجہ سے غصہ میں رہے گا اس کے علاوہ خون کی خرابی سے بیماریاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

(۳) زائچہ میں عطارد تحت الشعاع ہو تو اپنے اُدوار میں صاحب زائچہ مناسب فیصلے کرنے سے قاصر رہے گا اور ذہنی دباؤ کا شکار ہوگا، بہت زیادہ خود اعتمادی یا پھر اعتماد میں کمی واقع ہوگی، جسم میں دردوں سے تکلیف اور سانس کی تکلیف کا احساس ہوگا۔

(۴) زائچہ میں مشتری تحت الشعاع ہو تو اپنے ادوار میں صاحب زائچہ شادی شدہ ہے تو شوہر یا بیٹے کی طرف سے مسائل کا سامنا ہو صاحب زائچہ کے روحانی کام اُلجھے رہیں جگر وغیرہ جیسی بیماریاں ہو سکتی ہیں، مزاج میں اکھڑ پن اور خود غرضی آجائے۔

(۵) زائچہ میں زہرہ تحت الشعاع ہو تو اپنے اُدوار میں صاحب زائچہ آشوبِ چشم، امراض جلد اور گردوں کے امراض کا شکار رہے صاحب زائچہ کی بیوی ہو تو اس کی صحت خراب ہو یا محبت کے معاملات میں رکاوٹ پیدا ہو آرام و عیش و عشرت سے محروم ہو۔

(۶) زائچہ میں زحل تحت الشعاع ہو تو اپنے اُدوار میں صاحب زائچہ کو مقصد کے حصول کے لئے سخت محنت درکار ہو، کسی حادثہ کی وجہ سے ٹانگوں میں درد یا ہڈیوں سے فریکچر آجائے معاشرے میں عزت نہ ہو اور چھوٹے طبقے کے افراد کے ساتھ ہو۔

مناسب فلکی علاج

تحت الشعاع سیاروں کی علاج کی تدبیر کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) ایسا تحت الشعاع سیارہ جو کسی سعد گھر کا حاکم ہو اور 50 یا 50 فیصد

سے کم غروب ہو تو کسی اچھے اوقات میں لوح بنا کر دی جائے اور اسی طرح مخصوص سعد اوقات کے ادوار میں پہنائی جائے۔

(۲) ایسا تحت الشعاع سیارہ جو سعد گھروں کا حاکم ہو اور زائچہ کے 6، 12،8 گھروں میں سے کسی ایک گھر میں یا پھر نوامسہ میں ہبوط یا فتہ یا تحت الشعاع ہو تو یہاں علاج کی صورت میں اچھے اوقات میں بنائی ہوئی لوح کے ساتھ ساتھ اس سیارے کا پتھر بھی خاص اوقاتِ ادوار میں اس سیارے سے منسوب انگلی میں پہنایا جائے۔

(۳) ایسا تحت الشعاع سیارہ جو زائچہ کے 6،8،12 گھروں میں کسی ایک گھر کا بنیادی حاکم بھی ہو تو سیارے کی منسوبات کے مطابق سیارے کے دن میں صدقہ کا خاص اہتمام کیا جائے، یہ تو تھے مختصر سیاروں کے اثرات و علاج، ان شاء اللہ گھروں کے حاکموں کے لحاظ سے اثرات آئندہ پیش کئے جائیں گے۔

بقیہ ''گھروں میں موجود سیاروں کے اثرات''

زحل اگر بارھویں گھر میں ہو تو

بدقسمتی سے لانے والا سیارہ بدقسمت گھر میں اگر موجود ہو تو یہ پوری زندگی پر بدقسمتی کی ایک چادر تان دیتا ہے آپ کی زندگی میں اگر خوشی کے لمحات بھی آئیں گے مگر ان کا اختتام خوشی پر نہ ہوگا۔

یورانس اگر بارھویں گھر میں ہو تو

آپ خاص قسم کی روحانی صلاحیتوں، غیر معمولی فہم و بصیرت کے مالک ہونگے۔ اگر اپنی روحانی صلاحیتوں کا اظہار نہ کیا تو یورنیس کی یہ پوزیشن عجیب و خوفناک اور ناقابل یقین آفت اور بدقسمتی کی نشان دہی کرتی ہے۔

نیپچون اگر بارھویں گھر میں ہو تو

اگر آپ نے اپنی روحانی قوتوں اور دین کیلئے جان دینے کی خواہش کو دبایا تو شراب یا دوسری نشہ آور اشیاء کے استعمال کی طرف راغب ہو جائیں گے، عجیب و غریب خیالات آیا کریں گے، روحانی طور پر بیمار ہو جائینگے۔

پلوٹو اگر بارھویں گھر میں ہو تو

آپ کی زندگی یا تو ایک ٹریجڈی ہوگی یا پھر آپ کسی خیال، کسی مقصد یا آئیڈیل کے لئے اپنی روحانی قوتوں کو استعمال کریں گے، روحانی قوتوں کی وجہ سے آپ کو پہلے سے ہونے والے واقعات کا علم ہو جایا کرے گا مگر وہ بڑے واقعات ہوں گے، خاص طور پر موت کے بارے میں علم ہو جایا کرے گا لیکن خیال رہے کہ اگر آپ خود غرض ہو گئے یا مادہ پرست ہو گئے تو آپ کی یہ قوت ختم ہو جائے گی۔

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	06	08:37 تا 09:29	12:55 تا 13:46	شمال مغرب	19:31 تا 20:39	شمال مشرق

مقہوری اعداء

(مقصد عمل) سیارگان کا یہ قران بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے اس وقت میں نحس اعمال انجام دیئے جاسکتے ہیں۔ خاص طور سے بزرگ خواتین سے وراثتی جائیداد کا حصول اس کے علاوہ دشمن پر کسی بھی قسم کی بیماری کا مسلط کرنا شامل ہے۔ لیکن قارئین سے عرض کرونگا کہ تخریبی اعمال سے گریز کریں اور تعمیری اعمال کی جانب متوجہ رہیں۔

(عمل) قبل از وقت ایک پتلہ کالے ماش کی دال کا قبرستان کے پانی سے گوندھ کر بنائیں بہتر ہے کہ اس پتلہ کو قبرستان میں خشک کریں۔ عمل کے دوران سورۃ العصر لاتعداد پڑھتے جائیں کس طریقہ سے پڑھنی ہے اس بارے میں کئی بار بتا چکا ہوں عین بوقت عمل قبرستان سے چُنی ہوئی لکڑیاں جمع کر کے آگ دہکائی جائے اور ساعت عمل میں اس پتلہ کو آگ میں ڈال دیا جائے۔ ادرک لیموں اور پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے کے بعد اس آگ میں سورۃ العصر پڑھتے ہوئے ڈالتے جائیں جب تک ساعت ختم نہ ہو ورد جاری رکھیں بعد اختتام عمل نمکین شے پر 8 بار سورۃ الھب پڑھیں دونوں ہاتھ اُٹھا کر دعا کریں کہ اے باری تعالیٰ میرے دشمنوں کو میرے لئے مقہور فرمادے میرے دشمنوں پر مجھے غالب کردے تجھے تیرے پاک کلام کا واسطہ مجھے میرے مخالفین پر غلبہ عطا فرما اگر میں نے یہ عمل ناحق کیا تو مجھے اس عمل کی رجعت سے بچا اور اگر میں درست رستہ پر ہوں تو اس عمل کا اثر فوری ظاہر فرمادے۔

عطارد تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	06	06:54 تا 07:46	12:55 تا 13:46	شمال مغرب	19:31 تا 20:39	شمال مشرق

بلڈ پریشر کا شکار

(مقصد عمل) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر ہائی یا بلڈ پریشر لو کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو آج کے دن کے عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔ اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کے لیے استعمال ہوتے ہیں 13 بار پڑھ کر 1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض کو پہننے کے لیے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔

نقش بنانے کے لیے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کے لیے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔

مریخ تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	07	07:46 تا 08:37	13:46 تا 14:39	شمال مشرق	20:39 تا 21:47	شمال

فصل کا بچاؤ

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جن کی فصل کسی بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہو یا وہ افراد جو کہ زیادہ عمر ہونے کے باعث خون کی کمی کا شکار رہوں یا وہ افراد جن کے دل میں بزدلی اور خوف بے انتہا ہو سیاروں کی اس نظر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) عمل کیلئے دو انچ لمبائی چوڑائی کا ٹین کا ٹکڑا لیں اس کے کنارے گول کرنے کے بعد ان پر **یَاُحیی یا ممیتُ** اسمائے حسنیٰ اس طرح تحریر کریں کہ پہلے ان اسمائے حسنیٰ کے ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے کے فاصلے سے لکھیں۔ مثلاً ح ی ی م م ی ت ان حرف میں اپنا مقصد مثلاً ''دفع بیماری'' ہے تو اس نام کے حرف کو بھی ایسے ہی الگ الگ کر کے ایک حرف کے بعد لکھ دیں جو اس طرح سطر بنے گی **ح د ی ف ی**

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

ع م ب م م ی ا ت ری اسی وقت میں ان دونوں اسمائے حسنی کو ملا کر 1100 بار ورد کریں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں اور اس لوح پر پھونک دیں فصل کی خرابی کا ڈر خوف ہو تو کھیت میں اس لوح کو لٹکا دیں خون کی کمی بزدلی اور خوف کی کیفیت ہو تو سیدھے بازو پر اس لوح کو باندھ لیں بعد عمل روزانہ ان دونوں اسمائے حسنی کا ورد 108 بار کریں ان شاء اللہ دوبارہ نہ تو فصل خراب ہوگی اور نہ ہی خون کی کمی ہوگی اور نہ ہی دل میں بزدلی اور خوف کی کیفیت ہوگی یاد رہے کہ لوہے کی تختی پر یہ لفظ لوہے کی قلم (کیل) سے کندہ کیے جائیں۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	13	06:59 تا 07:50	12:58 تا 13:40	جنوب	17:15 تا 18:24	شمال مغرب

دفع بندش نکاح

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں بچیوں کی شادی کی بندش کو ختم کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے لیکن دوران عمل اور بعد عمل آپکی مکمل توجہ اور یکسوئی از حد ضروری ہے۔

(**عمل**) اول آخر درود شریف 7 بار **سورہ احزاب** کی پہلی 14 آیات 3 بار پڑھنے کے بعد سفید کاغذ پر لکھ کر اچھی طرح خوشبو لگا کر تعویز کو سبز اور سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر سیدھے بازو پر باندھ لیں بعد نماز فجر روزانہ اول آخر درود شریف 7 بار پڑھنے کے بعد **سورہ احزاب** 1 بار پڑھیں ان شاء اللہ جلد ہی نکاح کا پیغام آجائے گا اور نکاح کی بندش ختم ہوجائے گی جب تک مقصد حل نہ ہو عمل کو جاری رکھیں۔ نقش بنانے کیلئے سبز رنگ کی ریشمی کپڑے پر یا چاندی یا سونے کی تختی پر **سورہ احزاب** کے اعداد 5525 کا نقش مربع آتشی چال سے پر کریں دوسری جانب طلسم عطارد بنائیں جلد ہی مقصد پورا ہوگا۔

زہرہ قران عطارد

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	15	06:59 تا 08:42	12:58 تا 14:41	شمال مشرق	19:32 تا 21:50	شمال

پسند کی شادی کیلئے

(**مقصد عمل**) اس عمل سے ایسے لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی مطلوبہ شخص سے شادی کے خواہش مند ہوں یا ان کی شادی میں رکاوٹیں ہوں یا نکاح کی بندش کی گئی ہو۔ یہ عمل ایک طلسم پر مبنی ہے۔ طلسمات میں ایک خاص قوت ہوتی ہے جو کہ فوری اثر انداز ہوتے ہیں۔

(**عمل**) قبل از وقت چھوٹی مکھی کا شہد حاصل کرلیا جائے۔ اول 20 بار درود شریف + اسم "یاودود" کا ورد 4000 بار + 20 بار درود شریف + 7 قطرے اپنے خون کے شہد میں حل کر کے رکھ لیں۔ جس شخص کو اپنے تابع کرنا ہو اس کو یہ شہد کھلا دیں ہمیشہ کے لئے مسخر ہوجائے گا ہر طرح کا حکم بجا لائے گا۔ اس عمل کو ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں۔

شمس قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	22	09:37 تا 10:28	12:10 تا 13:02	شمال	18:26 تا 17:35	مشرق

دشمن کی مال و دولت

(**مقصد عمل**) یہ قران نحسین ہے کیونکہ حکمائے فلاسفہ نے شمس کو نحس سیارہ قرار دیا ہے جبکہ زحل نحس اکبر ہے اس قران میں دشمن کی مال و دولت 'جائیداد کی تباہ و بربادی' مرتبہ سے گرانا' ذلیل و خوار کرنا اور اسی طرح کے دیگر نحس اعمال کئے جاتے ہیں لیکن یاد رہے کہ معمولی سی رنجش کی بناء پر عمل شر کرنا خطرہ سے خالی نہیں۔ بہتر ہے کہ عمل کرنے سے قبل استخارہ کرلیا جائے۔ اجازت ملے تو عمل شروع کریں ورنہ مان لیں کہ آپ حق پر نہیں۔

(**عمل**) پیپل کے سبز پتہ پر ہشت در ہشت خانہ نیلی سیاہی سے تحریر کریں اس تحریر کردہ میں سورۃ الھب اس طرح تحریر کریں کہ بائیں سے دائیں جانب اس سورۃ کو برابر خانوں میں ایک ایک لفظ کے ساتھ لکھتے جائیں کہ جب پہلی سطر مکمل ہوجائے تو اوپر سے نیچے کی جانب سورۃ کو مکمل کرلیں۔ اسی طرح نقش کو مکمل کریں آخر میں اس کے دوسری جانب مقصد تحریر کریں جوں جوں یہ پتہ خشک ہوتا جائیگا دشمن مختلف قسم کے عذاب میں مبتلا ہوتا جائیگا لیکن عمل کرنے سے پہلے اپنی موت کو بھی یاد رکھیں ناحق عمل شر کرنا سخت رجعت میں بھی مبتلا کرسکتا ہے۔

زہرہ قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	25	07:58 تا 08:49	11:22 تا 12:14	جنوب مغرب	20:47 تا 21:55	مغرب

پوشیدہ امراض نسواں

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں ایسی خواتین کیلئے عمل تیار کیا

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کرلیا جائے (ادارہ)

جاسکتا ہے جو کہ لیکوریا یا اسی طرح کے پوشیدہ امراض میں مبتلا ہوں ذیل کا عمل نہایت مجرب ہے اور عموماً استعمال میں رہا ہے۔

(عمل) متذکرہ ساعتوں میں 4 عدد نقش مربع حروف صوامت خاکی چال سے پُر کریں۔ وہ لوگ جو کہ نقش پُر کرنا نہ جانتے ہوں احد رسص طعک لموہ 13 بار کاغذ پر لکھیں نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں تحریر کریں۔ ان میں سے 1 نقش پرانی قبر میں دوسرا نقش اسی قبر کے اوپر درخت میں تیسرا وزن کے نیچے اور چوتھا نقش مریض کو رکھنے کیلئے دیں روزانہ کلمہ طیبہ روزانہ 130 بار غروب آفتاب سے 10 منٹ قبل 13 یوم تک مریض خود ورد کرے ان شاء اللہ درج بالا امراض کا خاتمہ ہوگا اور مریض کو یہ مرض دوبارہ نہیں ہوگا۔

حضیض عطارد

سیارہ عطارد برج جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ مخنث خاصیت کا حامل سیارہ جب برج ثور کے 5 درجہ پر پہنچتا ہے تو حالت حضیض ظاہر کرتا ہے جو کہ ہبوط کے بعد دوسرے درجے کی نحس حالت ہے۔ عطارد ہمیشہ سورج کے قریب تر یا ساتھ رہتا ہے۔ اسی لئے عطارد کو شمس کا دم چھلہ بھی کہا جاتا ہے۔ شمس کی روشنی اس پر زیادہ قوت کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ ممتزج مزاج رکھنے والا یہ سیارہ عقل، ہمت، بہادری، عزیز رشتے داروں سے تعلق داری، قول قلم عمل سے تعلق رکھتا ہے۔ آسمانی درجہ پر یہ سیارہ علم وحکمت دانش پر حکومت کرتا ہے۔ لیکن درجہ حضیض پر پہنچنے کی حالت میں اس سیارہ کی تمام ساعت قوتیں نحس یعنی منفی رُخ اختیار کر لیتی ہیں۔ اسی دوران اپنے مقصد کے مطابق عمل شر تیار کر سکتے ہیں۔ تمام تیاری قبل از وقت کر لیں۔ اس سال

18 دسمبر بروز سوموار 06:50 تا 19 دسمبر 01:54 تک حضیض عطارد ہو گا۔

ساعت اول:۔ 12:10 تا 13:02 رجال الغیب — جنوب مغرب

ساعت دوئم:۔ 18:26 تا 19:35 رجال الغیب — مغرب

سکھر اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔ 0300-3293790

الفتح نیوز ایجنسی مہران مرکز سکھر

لاڑکانہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔

عبداللہ بکڈپو مین بازار لاڑکانہ 074-40115

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس



طلسم قمر



طلسم عطارد



طلسم زہرہ



طلسم مریخ



طلسم مشتری

طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

حالت قمر

قمر در عقرب: 13 دسمبر 18:58 تا 16 دسمبر 06:07

ہبوط قمر: 13 دسمبر 22:51 تا 14 دسمبر 22:26

قمر در ثور: یکم دسمبر 01:38 تا 03 دسمبر 02:20

قمر در ثور: 28 دسمبر 11:23 تا 30 دسمبر 13:30

شرف قمر: یکم دسمبر 04:58 تا 06:37

شرف قمر: 28 دسمبر 14:50 تا 16:33

شادی بیاہ کی تاریخیں

1.2.8.9.10.16.17.23.24.25.28

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 11 تا 02 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ جمعۃ المبارک۔

0300-6351192

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ **ادارہ روحانیات**

تسخیر محبوب

تحریر
حکیم نعیم الحسن
(لاہور)

قارئین تحفہ روحانیات! آپکی خدمت میں عیسوی نئے سال کے آنے کی خوشی میں چند مجربات پیش کر رہا ہوں اس اُمید کے ساتھ کہ آپ دوستو کو میری جانب سے یہ شائع کردہ مجربات پسند آئیں گے۔

دوستوں آج کے دور میں سب سے بڑا مسئلہ نوجوانوں کا یہ ہے کہ ہر جوان چاہتا ہے کہ اس کی جلد از جلد شادی کسی اچھے اور بڑے گھر میں ہو جائے تا کہ اُن کی مال و دولت ہتھیا کر خود عیش و آرام کی زندگی بسر کریں مگر کچھ والدین اپنی بیٹیوں کے اچھے رشتے بارے پریشان رہتے ہیں کہ نیک لوگوں سے واسطہ پڑے اور نیک لڑکیاں بھی اسی انتظار میں رہتی ہیں کہ انہیں نیک سیرت لڑکے ملیں۔ ایسے نیک لوگوں کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے تسخیر حُب کے چند اعمال لے کر حاضر ہوا ہوں۔

اعمال حُب

اگر کسی کو اپنی محبت میں تابع کرنا ہو یا اپنا بنانا ہو تو یہ عمل کپڑے، میک اپ چینی، لالچی، خوشبودار چیز پر فیوم پر پڑھ کر استعمال کرے 786 بسم اللہ الرحمن الرحیم گیارہ مرتبہ درود شریف پھر۔ تین سو تیرا مرتبہ (313) یَا لَطِیْفُ یَا وَ دُوْدُ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ آیت کریمہ لا الہ انت سبحانك انی کنت من الظالمین ۔158 مرتبہ پڑھیں۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کامیاب ہونگے۔ اجازت عمل عام ہے۔

شرائط و طریقہ عمل :۔ عمل شروع کرنے سے پہلے مکمل آداب و شرائط کی پابندی اور پاکیزگی و طہارت کا انتظام کریں اعلیٰ قسم کی اگربتی سلگائیں۔ نوچندی جمعرات بعد عشاء شروع کریں۔ ۲ رکعت نفل استخارہ کی نیت سے ادا کریں اور درج ذیل دعا تین سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اکتالیس دن تک باقاعدگی سے اس طرح عمل کریں۔ اکتالیس دن پورے ہونے پر آپ اس آیت کے عامل ہو جائیں گے کب بھی کوئی اسم ضرورت پیش آئے کوئی بھی دن ہو بعد نماز عشاء ۲ رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں اور پھر یہی دعا صرف ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا مانگ کر سو جائیں۔ رات خواب میں آپ کو خواب سے آگاہ کر دیا جائے۔ عمل پورا ہونے تک کسی سے بات نہیں کرنا اور کوئی کام وغیرہ نہیں کرنا ہے۔

عبارت:۔ **من مزید حال نست یا عجاز الغیب یا عطائے علی یا عطائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم**

معشوق تابع کرنا

یہ عملیات کالا جادو مع تسخیر ہمزاد سے دے رہا ہوں، اگر آپ کسی کو تابع کرنا چاہتے ہیں تو اسم بدوح کا عمل شروع کریں۔ یہ عمل حب کے لیے تحفہ ہے۔ یہ میرے تجربہ میں نہیں ہے۔ لیکن اول آخر درود شریف 11/11 مرتبہ پڑھیں۔ تعویذ ذیل کو کیسر زعفران اور کافور کے ساتھ لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں اور جب تک بتی جلتی رہے۔ اسم یَابَدُّوْح کو تین ہزار ایک سو پچیس 3125 مرتبہ۔ ۴۰ یوم میں سوا لاکھ پورا کرے۔

تسخیر محبوب نایاب عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ۷۸۶ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے کسی کو پلائے تو وہ عورت اس کے عشق میں دیوانی ہو گی عمل کا آغاز نوچندی منگل سے کریں۔ پہلے دن روزہ رکھیں سرخ رنگ کا لباس پہنیں نماز عشاء کے بعد اگربتی سلگائیں۔ الگ کمرہ منتخب کریں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ عمل جگہ پاک صاف ہوں چالیس یوم کا عمل ہے۔ چالیس یوم روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ معشوق عاشق ہو جائے گی مگر بری نیت نہ کرے۔ تمام اعمال اپنی جگہ درست اور آزمودہ ہیں۔ اس میں کچھ چھپایا نہیں مکمل عمل خلوص نیت کیساتھ سے تحریر کئے گئے ہیں۔

آپ جو بھی عمل کریں اس کی آپ کو اجازت ہے اور راہنمائی کیلئے مجھ سے یا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ بغیر راہنمائی کے کوئی بھی عمل کامیاب نہ ہوگا۔ میری دعا ہے کہ خدا آپ کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔

مجرب حاضرات

تحریر
خضر عباس پیاسی
(راجن پور)

قارئین تحفہ روحانیات ماہ نومبر میں میری جانب سے جو حاضرات شائع کی گئی تھیں قارئین نے اُنکو بے حد پسند کیا اور جن حضرات کو فائدہ ہوا اُنہوں نے شکریہ کے خطوط بھی لکھے جو کہ مجھے ادارہ کی جانب سے موصول ہو گئے اس بار پھر دوبارہ اپنے اُن چاہنے والوں کی وجہ سے نئی اور نایاب حاضرات کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اور قارئین سے التماس ہے کہ جب بھی میری حاضرات سے قارئین کو فائدہ ہو تو تحفہ روحانیات کی 10 کاپیاں خرید کر دوستوں میں تحفتاً تقسیم کر دیا کریں تا کہ مزید حضرات بھی فائدہ حاصل کر سکیں۔

سورۃ القدر کے موکل کی حاضری

آپ اس حاضرات کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق روزانہ ایک جگہ اور ایک وقت پر پڑھیں بعد عمل نقش پر دم کر لیا کریں۔ یہ حاضرات ۴۰ یوم کی ہے یعنی آپ ۴۰ یوم تک اس حاضرات کے عمل کو روزانہ ایک جگہ پر وقت مقررہ پر پڑھیں۔ بعد عمل کسی بھی بچے یا بچی کو بٹھا کے نقش اس کے ہاتھ میں دیں آپ عمل پڑھیں چند لمحوں میں حاضرات کا نزول شروع ہو جائیگا۔

اجب یا ھشیائیل حاضر کرو حاضرات حاضر کرو حاضرات
بحرمت بحق یا ھشیائیل بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صل اللہ علیہ وسلم)



سورۃ القدر کے موکل کی حاضری

آپ اس حاضرات کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق روزانہ ایک جگہ اور ایک وقت پر پڑھیں بعد عمل نقش پردم کر لیا کریں۔ یہ حاضرات ۴۰ یوم کی ہوگی۔ یعنی آپ ۴۰ یوم تک اس حاضرات کے عمل کو روزانہ ایک جگہ پر وقت مقررہ پر پڑھیں۔ بعد عمل کسی بھی بچے یا بچی کو بٹھا کے نقش اس کے ہاتھ میں دیں آپ عمل پڑھیں چند لمحوں میں حاضرات کا نزول شروع ہو جائیگا۔



اجب یا زلائیل حاضر کرو حاضرات حاضر کرو حاضرات
بحرمت بحق یا الاول بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صل اللہ علیہ وسلم)

کراچی اور گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
گلستان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، کراچی
0300-2680248 / 021-2733755

تسدیس عطارد و مریخ کا لازوال تحفہ

تحریر
علامہ سید سبط حسن جعفری
(کوئٹہ)

احساس کمتری کا شکار یا خودستائی مریض اگر آپ کے علم و ہنر کی قدر کوئی نہیں کرتا تو اپنا احترام حاصل کرنے کا نایاب وقت

ایک ایسا عمل جس کے استعمال کے بعد آپ کے مخالفوں کی بے بسی دیکھنے کے قابل ہوگی

آج کل تدریسی تعلیم عام ہے لیکن تربیت نام کی کمی ہے اگر آپ بھی ایسے افراد کے درمیان رہتے ہیں جو تعلیم کی ڈگریاں لئے بیٹھے ہیں۔لیکن کسی ہنر کی تعریف کرنے کی بجائے نکتہ چینی کرتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کی تخلیقی صلاحیتیں ایک جگہ ٹھہر گئی ہیں تو آپ کو عطارد و مریخ کی تسدیس کے وقت ایک عمل کر لینا چاہئے۔اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوگی کہ لوگوں میں آپ کی دھاک بیٹھ جائے گی اور آپ کی تعریف کرنے کے لئے وہ مجبور ہوں گے۔اس طرح آپ کی تعریف بھی ہوگی اور آپ کھل کر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

کہتے ہیں کہ ایک بادشاہ کے 9 مشیر ہوا کرتے تھے۔ان مشیروں کی آپس میں نہیں بنتی تھیں لیکن تھے سب کے سب ذہین اس لئے وہ ایک دوسرے کو نیچے دکھانے کے لئے پوری کوششیں کیا کرتے تھے لیکن ان کی آپس کی رنجشوں کا نقصان یہ نکلا کہ بادشاہ نے جن خطوط پر اپنی حکومت قائم کی تھی وہ اُن اصولوں پر نہ چل سکا کیونکہ ایک کے مشورے کو دوسرا رد کر دیتا تھا اور نتیجے میں حکومت کا شیرازہ بکھر گیا کیونکہ آپس کی نااتفاقی سب سے بڑی شکست ہوتی ہے۔ایک یورپی دانش ور نے کہا ہے۔

"مجھے میرے اپنوں سے بچاؤ، غیروں سے مقابلہ میں خود کرلوں گا"

یہ الفاظ بھی خانہ جنگی سے پناہ طلب کرنے کے ہیں۔آپ یہ دیکھئے کہ اپنوں کی تکلیف سے بچاؤ کی تدبیر دانش ور کے پاس بھی نہیں ہے بلکہ اس نے لوگوں سے مدد طلب کی ہے جبکہ بیرونی مخالفوں کے مقابل وہ اکیلا لڑنے کا عزم رکھتا ہے جب ایک دانش ور یہ کہہ سکتا ہے تو آپ اور ہم جو نادانوں کی بستی میں آباد ہیں کیا کر سکتے ہیں۔

یورپی دانش ور کی طرح پاکستانی دانش ور بھی ایسے ہی خیالات کا اظہار کرتے ہیں لیکن پاکستانی دانش ور بات کو نہایت عمدگی سے پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں:

یہی کہا تھا کہ میری آنکھ دیکھ سکتی ہے
تو مجھ پہ ٹوٹ پڑا سارا شہر نابینا

ان اندھوں کی بستیوں کا رونا زمانہ قدیم سے چلا آرہا ہے اسی لئے علمائے جفر نے ہر ایک وقت کی طاقتیں تلاش کیں اور ان کو عمل میں لا کر خود بھی محفوظ رہے اور اپنے ملنے جلنے والوں کو بھی محفوظ رکھتے رہے۔لہٰذا اس وقت کی قوت میں آپ بھی محفوظ رہیں اگر کوئی ذہنی طور پر مفلوج ہوگا تو وہ شاید آپ کی مخالفت پہ زیادہ اُتر آئے لیکن اگر تھوڑی سی بھی ذہانت ہوگی تو آپ کے علم و ہنر کے گیت گاتا پھرے گا۔

اس مضمون میں جن قوتوں کو استعمال کرنا ہے ان کی مختصر سی تفصیل یہ ہے کہ مریخ انسان کے جذبات، خون اور جسم پہ کنٹرول کرتا ہے جس وقت یہ اعلیٰ پوزیشن پہ ہوتا ہے اس وقت جسمانی قوت، حوصلہ، اُچھل کود، کھیل و کھلاڑی، بھاگ دوڑ کی صلاحیتوں کے علاوہ مردانہ طاقت کے لاجواب عمل کئے جا سکتے ہیں اور عطارد جس کا کنٹرول دماغ اور دماغی قوتوں پہ ہوتا ہے۔مزید تحریر و تقریر، زبان کی روانی، یادداشت کی بحالی اور لوگوں سے تعریفی کلمات کہلانے کے عمل کئے جا سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ اپنا نام معہ والدہ کی تعداد قمری ابجد سے حاصل کریں اور اپنے ہنر کے اعداد قمری مزید حاصل کریں جیسا کہ ریڈیو، ٹی وی، مکینک یا انجینئر، وکالت کے شعبے، ایڈووکیٹ اور وکیل، جج اور چیف جسٹس، اٹارنی جنرل یا اور جو بھی عہدے ہوں ان کے اعداد قمری حاصل کریں، ڈاکٹر، طبیب، حکیم اور دکانداری، ہنرمند، جنرل مرچنٹ، جنرل سٹور، تاجر، تخلیق کار، اداکاری کے شعبے، موسیقی کے شعبے، ادیب و شاعر، الغرض ہر قسم کے نام کو شامل کرنا ہے جو آپ کے علم و ہنر سے متعلق ہوں۔اب آپ کے پاس دو قسم کی رقم جمع ہوگئی ایک نام کی اور دوسری ہنر کے اعداد قمری، اس تعداد کو الگ الگ کاغذ پر لکھیں اور ساتھ ہی یہ بھی لکھیں کہ تعداد نام سے متعلق ہے اور ہنر سے متعلق ہے کیونکہ اس تعداد سے ابھی اور بھی کام لینے

ہیں۔اس سلسلے میں پہلا کام یہ کرنا ہے کہ نام اعداد قمری میں ہنر کے اعداد قمری جمع کریں اب کل برآمد اعداد میں آیت ''ان الذین یبایعونک سے اللہ فیوتیہ اجراً عظیما''۔(سورۃ طلاق آیت 2) کے اعداد قمری 5754 شامل کریں۔اس اعداد سے 30 کم کردیں بقیہ اعداد کو 4 پر تقسیم کریں۔حاصل ہونے والی اعداد کو خانہ اوّل میں رکھ کر بالترتیب رفتار کے مطابق ایک ایک کے اضافے سے نقش بھرتے جائیں اگر تقسیم سے ایک زائد بچے تو خانہ 13 میں آنے والی تعداد میں ایک کا مزید اضافہ کردیں اور آگے وہی ترتیب کہ ایک ایک کا اضافہ کرتے جائیں۔اگر 2 بچیں تو خانہ 9 میں اضافہ ہوگا اور اگر 3 بچیں تو خانہ 5 سے اضافہ ہوگا۔نقش کے 16 خانے مکمل کرنے کے بعد ہر ایک لائن کی پڑتال کریں اگر تمام لائنوں سے اُوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں کے علاوہ ایک کونے سے دوسرے کونے کے اعداد وہی برآمد ہوں جو نام کہ، ہنر کی اور آیت کی تعداد کا کل مجموعہ تھے تو آپ کا نقش درست ہے ورنہ کسی جگہ گڑبڑ ہے۔اس کی تلاش کریں اور وقت سے پہلے درست نقش بھر کر رکھ لیں۔دوران عمل مریخ و عطارد کے بخورات کوٹ کر ایک جگہ سُلگاتے رہیں۔لباس سرخی مائل یا پیلے رنگ کی جھلک والا پہنیں اگر ایسا لباس نہ ہو تو سرخ کپڑا زمین پہ یا ٹیبل پر بچھائیں اور پیلے رنگ کی ٹوپی یا رومال سر پہ پہنیں۔اپنا رخ رجال الغیب کی مخالف سمت جانب کریں یعنی یہ مخلوق جس طرف ہوں اس طرح اپنی کمر کر کے بیٹھیں۔کمرہ تنہا ہو اور آپ خود پاک صاف ہوں۔نقش بھرنے کی رفتار دی جارہی ہے اس رفتار کے مطابق اوّل دوئم کے مطابق پہلے خانہ میں پہلی تعداد جو تقسیم سے حاصل ہوئی تھی لکھ کر بقیہ خانوں میں ایک ایک کا اضافہ پہلی تعداد میں کرتے جائیں اور لکھتے جائیں۔نقش مکمل ہوجائے گا۔

اب نام کی تعداد سے 41 کم کریں اور بقیہ تعداد کے مطابق قمری ابجد سے حروف تیار کریں مثال کے طور پر آپ نام کے اعداد اگر 555 ہیں تو اس تعداد سے 41 کم کرنے پر 514 باقی بچے۔اس کے حروف یہ برآمد ہوں گے۔4 سے د۔10 سے ی۔500 سے ث۔برآمد ہوئے۔ان کا جملہ (د۔ی۔ث) بنا لیکن ہم نے 41 عدد پہلے ہی الگ کئے تھے ان کا جملہ ایل بنا کر جب تمام حروف کو اس کے ساتھ ملایا تو یہ ''دیثائل'' بنا یہ تحریری موکل ہے اسے نقش کے اُوپر لکھنا ہے اور اس کے اوپر 786 لکھیں گے۔

عدد ہنر کے بقایا ہیں اس تعداد سے بھی 41 تفریق کر کے بقیہ اعداد کے ہندسوں کے حروف تلاش کریں اور موکل بنائیں۔اس موکل کو نقش کے نچلے حصے میں لکھیں۔نقش کے دائیں جانب **کھعیص** اور بائیں **حمعسق** لکھیں۔چاروں کونوں پر دائیں طرف سے **یا حافظ۔ یا حفیظ۔ یا وکیل۔ یا رقیب** لکھیں اور ان کے نیچے **قولہ۔ الحق ولہ، الملک** لکھ کر گلاب کی خوشبو میں معطر کر کے منگل یا بدھ کی صبح فجر کی نماز کے فوری بعد سورج نکلنے سے پہلے اپنی گردن میں لٹکائیں یا بازو سے باندھیں اور ایک ہفتہ مسلسل فجر کی نماز کے بعد بدھ والے دن سے ہی وہی آیت سورہ طلاق میں دیکھ کر پڑھیں تاکہ زیر زبر کی غلطی نہ ہو۔ایک ہفتہ مکمل نہیں ہوگا کہ لوگوں پر آپ کی ہیبت طاری ہوجائے گی اور اگر کوئی کم عقل بے وقوف ایسا ہوگا جس کی ذہنی طاقت خودنمائی کی طرف مائل ہوگی۔یا وہ احساس کمتری کا شکار ہوگا تو اس کے سوا تمام مخلوق آپ کا احترام کرے گی حتیٰ کہ جنات بھی آپ کے سامنے دوزانوں ہوں گے اور وہ صاحب جو ذہنی طور پر مریض ہوں گے۔ان کے قول و فعل کا آپ پر کوئی اثر نہ ہوگا بلکہ لوگ اسے کمتر انسان سمجھنے لگیں گے۔

آپ کو پوری تفصیل کے ساتھ عمل سمجھا دیا ہے اگر آپ کسی وجہ سے خود نہ بنا سکیں تو ادارہ روحانیات کو وقت اور خوشبوؤں کی قیمت ادا کر کے بنوالیں۔وقت گزرنے کے بعد بھی منگوالیں کیونکہ یہ ہماری ہنرمندی ہے کہ ہم آیت کی تاثیر وقت پہ اُتار لیتے ہیں اور نام و ہنر کی تعداد اور آپ کے مطابق دن نکال کر بھر دیتے ہیں۔اس نقش کی تاثیر بھی وہی ثابت ہوئی ہے جو نام اور آیت کے اعداد ملا کر حاصل کی جاتی ہے کیونکہ مجموعی تعداد وہی بنتی ہے۔جو نام، آیت اور ہنر کی تھی۔اگر کوئی قاری نقش نہ بنا سکے تو وہ ادارہ سے رسالہ ہذا کے آخر میں شائع کردہ کوپن راہنمائی عملیات کو پُر کر کے منگوا سکتے ہیں۔

عطارد زہرہ (قران)

دماغی صلاحیتوں کو اُبھارنے اور کاروباری زندگی کو نکھارنے کا بہترین موقع

جب دو ستارے کسی ایک برج پہ ایک ہی جیسے درجے طے کر رہے ہوں تو اسے عربی زبان میں قران کہتے ہیں۔جس کے لغوی معنی ہوئے قریب ہونا، آپس میں ملنا، حج و عمرہ کا باہم ادا ہونا اور جب آپس میں دو سعد ستارے اس مرکز پہ آجائیں تو اسے ''قران السعدین'' کہا جاتا ہے۔

عطارد کو تحریر و تقریر پر حاکمیت حاصل ہے اور زہرہ کو حسن و لطافت پر کنٹرول حاصل ہے۔آپس میں یہ دونوں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور یہ دوستی ان کے درمیان خود بخود قائم نہیں ہوتی بلکہ روزِ اَزل سے قدرت کے قانون کے تحت قائم ہے اور جو کام اللہ کے حکم سے ہو رہا ہو وہی کام مکمل راہ عمل ہے۔اس سعادت میں حصول علم کی کوششیں

اورعورت سے محبت کی پائیداری میں مدد لی جاسکتی ہے چونکہ زہرہ لطیف ہنرمندیوں پر قابض ہے اس لئے ایسے خواتین وحضرات جنہیں فنون لطیفہ سے لگاؤ ہے وہ فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔شوبز سے تعلق رکھنے والے، اداکاری کے جوہر دکھانے والے خواتین وحضرات کیلئے یکساں فائدہ مند وقت ثابت ہوگا۔حتیٰ کہ انعامی قرعہ اندازی جو کہ ان ہی کے اوقات میں ہورہی ہو وہ بھی ان افراد کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔جن کے پاس اس وقت کا لکھا ہوا نقش ہوگا۔دکان دار، موبائل شاپ، جنرل سٹور، بس سروس، سنیما گھر، پرنٹنگ پریس، تھیٹر، کمپیوٹر گرافر، عوامی لیڈر، ریڈیو، ٹی وی، اخبارات کے مبصرین اور خبریں پڑھنے یا لکھنے والے افراد کے فن تحریر اور تقریر میں عمدہ نکھار آنے کا سبب پیدا ہوگا۔

وہ گھرانے جہاں آپس میں رہنے والے پیار ومحبت کی بجائے نفرت کا اظہار کرتے ہوں۔بہن بھائی میں اختلاف ہو۔ماں بیٹے میں مخالفت ہو۔باپ بیٹی کی نفرت ہو یا میاں بیوی میں عداوت ہو تو انہیں بھی اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے اپنے خاندان سے اختلافی فضاء کو ختم کرکے امن و محبت کی راگنی الاپنے کے لئے نقوش حاصل کرنے چاہئیں۔

دلچسپ عمل ان دونوں کواکب کا یہ ہے کہ عطارد کے عدد پانچ ہوتے ہیں، جبکہ زہرہ کے عدد چھ ہوتے ہیں ان دونوں کو جمع کیا 5+6=11 حاصل ہوا۔اب انہیں مفرد کیا تو 1+1=2 بنا اور 2 عدد سے حرف ''ب'' برآمد ہوا۔یہ ایک ایسا حرف ہے جس کی ادائیگی کے بغیر آپ قرآن شریف کی کوئی آیت یا اسم نہیں پڑھ سکتے۔اس حرف میں اتنا بڑا راز پوشیدہ ہے کہ اس کی وضاحت میں کئی کتابیں لکھی جاسکتی ہیں۔بہرحال آپ نے دیکھا کہ طاق اور جفت مل کر جفت ہوگئے۔

ستارہ عطارد جب اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہے تو وہ اسم الٰہی ''**یا وارث یا بصیر**'' پڑھتا ہے جس کے اعداد بحساب ابجد قمری وارث کے 707 بصیر کے 302 عدد مجموعہ 1009 حاصل ہوا جبکہ ستارہ زہرہ کی تسبیح **یا اللہ یا شفیع** ہے۔جس میں اللہ کے اعداد 66 نکلے اور شفیع کے 460 حاصل ہوئے۔ان کا مجموعہ 526 ہوا۔ان سب کو جمع اور مفرد کریں۔عطارد کا مجموعہ 1009 انہیں مزید جمع کیا۔9+1+0=10 باقی رہا ایک اب عطارد کے مجموعہ 6+2+5=13 کو مفرد کیا۔3+1=4 حاصل ہوا، اگر اس میں عطارد کا حاصل ایک ملادیں تو پانچ برآمد ہوا جو عطارد کا عدد ہے۔اور اگر ان اعداد کو اس کی اپنی شکل میں جمع کریں۔1009+526 تو مجموعہ 1531 بنے گا۔اسے مفرد کریں۔1+3+5+1=10 تعداد نکلی۔

علم جفر میں اعداد ایک سے نو تک حاصل کئے جاتے ہیں۔لہٰذا صفر ختم ہوا اور ایک عدد حاصل ہوا جو اسم ذات اللہ کی ابتداء ہے اور اگر پہلے سے جمع پانچ کو ملحوظ خاطر رکھیں تو 5+1=6 بن گیا گویا تسبیح والے اسم ایک دوسرے کی گنتی پوری کررہے ہیں۔

طریقہ:۔اسم الٰہی **یا وارث یا بصیر** اور **یا اللہ یا شفیع** کو ذوالکتابت نقش میں بھرنا ہے۔مثالی نقش کے کناروں پر نقش کی رفتار لکھی ہے آپ نے رفتار کو نقش میں نہیں لکھنا صرف اسماء اور تعداد لکھنی ہے۔نقش کے کنارے **قولہ الحق وله الملك** سے مکمل کریں سب سے اُوپر 786 لکھیں۔اس کے نیچے نام ملائیکہ یا جبرائیل لکھیں اسی طرح چاروں جانب چاروں ملائکہ کے نام لکھیں۔دائیں بائیں حروف مقطعات لکھیں اور چاروں کناروں پر خدام کے نام لکھیں۔وقت مقررہ پر نقوش مرتب کررکھیں۔عورت کی ضرورت ہو تو جمعہ کے دن فجر کی نماز کے بعد مقصد کو نقش کے پیچھے لکھیں اور مرد کو ضرورت ہو تو بدھ کے دن فجر کی نماز کے بعد مقصد لکھیں۔ان شاء اللہ لکھا جانے والا مقصد پورا ہوگا اور جب تک مقصد پورا نہ ہو اسماء کی تعداد کے مطابق دونوں کواکب کی تسبیح بدھ اور جمعہ کے دن بعد نماز فجر، ظہر اور عشاء پڑھ کر دعا کریں۔اضافی کچھ نہیں پڑھنا یہ خیال رکھیں۔اگر کوئی قاری نقش نہ بنا سکے تو وہ ادارہ سے رسالہ ہذا کے آخر میں شائع کردہ کوپن راہنمائی عملیات کو پُر کرکے منگوا سکتے ہیں۔

زحل و شمس (قران)

کینسر، السر اور شوگر جیسے مہلک امراض کے خاتمہ کیلئے نایاب وقت

زحل اور شمس کی آپس میں سخت مخالفت ہے بلکہ یوں کہہ لیں کہ ان کی آپس میں دشمنی ہے اور اس دشمنی کی نظر میں آج آپ کو اپنے سینے کا ایک ایسا راز بتانے لگا ہوں کہ ایسی نایاب شے برصغیر پاک و ہند کے علاوہ اہل فارس یا عرب کے ہاں بھی کسی کتاب میں لکھی ہوئی بھی نہ ملے گی۔جس طرح شفاف چشموں کا پانی پی کر ایک شفاف دل رکھتا ہے اور وہ دُور دراز پہاڑوں میں رہتا ہے وہ اکیلا نہیں ہے بلکہ ایک جم غفیر اس کے ساتھ ہے آج کل تین بیماریاں ایسی ہیں کہ ان کا علاج اس وقت تک کسی بھی ذریعہ علاج سے ممکن نہ ہوسکا ہے۔سب سے پہلی بیماری شوگر ہے۔یہ ایک ایسی بیماری ہے کہ اس کا مریض معمولی سا زخم بھی برداشت نہیں کرسکتا کیونکہ اس کا زخم کبھی بھی مندمل نہیں ہوتا۔اس کے مریض کو بڑی آسانی سے پہچانا جاسکتا ہے کیونکہ اس کی کھال اور گوشت کے

درمیان ایک ہلکی سی جھلی ختم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اس کی کھال گوشت چھوڑ دیتی ہے اور وہ لٹک جاتی ہے۔

دوسری بیماری کینسر ہے یہ ان افراد کو ہوتی ہے جن کے بزرگوں میں چیچک کے جراثیم ہوتے ہیں۔ ایلو پیتھک طریقہ علاج نے چیچک کو کھال پر اُبھرنے سے تو روک لیا لیکن اس کے جراثیم کا خاتمہ کرنے میں ناکام رہی، لہٰذا ایک مہم کے تحت پوری دنیا میں چیچک سے بچاؤ کے انجکشن مفت لگائے جاتے رہے اور آج بھی بچوں کو وہ انجکشن لگائے جاتے ہیں۔ اس کا اتنا فائدہ تو ہوا کہ وہ بیماری جسم کے اُوپر پھیلنے سے، چہروں کی زخمی حالت یا آنکھوں کی بینائی کھو جانے کا خوف ختم ہو گیا۔ مگر جو لوگ اس مرض سے ناواقف ہوتے ہیں یہ بیماری شمس وزحل کے قران، اربعہ، تثلیث وتسدیس کے وقت بڑی تیزی سے پھیلتی ہے لیکن چونکہ انجکشن جسم کے اس حصہ میں لگتا ہے جو گوشت اور کھال کے درمیان ایک پانی کی تہہ ہوتی ہے آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ اگر کھال پر کوئی خراش آ جائے تو سب سے پہلے ہلکا سا پانی نمودار ہوتا ہے اور اس کے بعد خون نکلتا ہے، لہٰذا یہ انجکشن اس پانی میں بھر جاتا ہے اس وجہ سے اندر کی بیماری جسم پر نمایاں نہیں ہوتی، اس لئے چیچک کا مرض اندر ہی اندر اتنا پھیل جاتا ہے کہ جب وہ تمام جسم کو ناکارہ کر دیتا ہے تب کہیں جا کر اس کا انکشاف ہوتا ہے اور پھر

''مرض بڑھتا ہی رہا جوں جوں دوا کی''۔

تیسرا مرض معدے میں ایک زخم پیدا ہوتا ہے جسے عرف عام میں السر کہتے ہیں، اس مرض کا علاج بھی اس لئے ممکن نہیں کہ یہ جسم کے انتہائی اندرونی حصہ میں ہوتا ہے اور وہاں زخم مندمل کرنے کا سامان قدرت نے بنایا ہی نہیں ہے کیونکہ قدرت نے ان جگہوں پر خودکار نظام بنایا ہے جہاں زخم، چوٹ یا خراش لگنے کا زیادہ خطرہ ہے اور اکثر کھال پہ زخم زیادہ آتا ہے اسی لئے کھال کی تہہ میں ایک ایسا پانی گردش کرتا رہتا ہے جو زخم والی جگہ پر پہلے نکلتا ہے۔ یہ سب کمال اسی پانی کا ہے کہ چند دنوں میں زخم بھر جاتا ہے اب چونکہ انتڑیوں میں وہ پانی موجود نہیں ہوتا اس لئے انسانی جسم میں قوت مدافعت عمل کرتی ہے جس کا انتظام آج کل ہماری خوراک میں ممکن نہیں رہا کیونکہ ہم لوگ قدم قدم پر خود بیماریوں کو پیدا کرنے والی اشیاء استعمال کرتے ہیں یعنی کہ خوراک کے پردے میں زہر کھاتے ہیں۔

بوعلی سینا ایک بزرگ گزرے ہیں جن کی لکھی ہوئی حکمت کی کتاب پوری دنیا میں آج تک کسی نہ کسی حوالہ سے ڈاکٹری اور طب میں پڑھائی جاتی ہے، ان کا کتاب کا نام ہے ''القانون'' یہ کتاب اگر کوئی شخص ایک مرتبہ زندگی میں پڑھ لے تو وہ انسان کے اندرونی نظام کو اس طرح سمجھنے لگتا ہے جیسا کہ اس نے خود انسان کا اندرونی نظام تیار کیا ہو، بوعلی سینا، حکیم اجمل اور حکیم عبداللہ کے علاوہ ہندی کوک شاستروں میں یہ بات واضح طور سے موجود ہے کہ کیلا کھانے سے تین گھنٹہ پہلے اور بعد میں دودھ کا استعمال نہ کیا جائے لیکن ستم ظریفی دیکھئے کہ لوگ کیلا اور دودھ ایک جگہ مکس کر لیتے ہیں جسے ملک شیک کا نام دیا گیا ہے اور پھر میٹھے چاولوں پر دہی ڈال کر کھاتے ہیں ان دونوں اشیاء کے بارے میں یہی بتایا گیا ہے کہ یہ معدہ میں زخم پیدا کرنے کا سبب ہیں آج آپ کو ان بیماریوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کا ایک عمل بتاتا ہوں۔ روحانی عمل تب ہی کامیاب ہوگا جب آپ پرہیز بھی رکھیں گے ورنہ بغیر پیندے کے بالٹی میں ساری زندگی پانی بھرتے رہیں کوئی فائدہ نہیں، اسی طرح جتنا علاج کیا جائے سب بے فائدہ ثابت ہوگا۔ جب تک ان امراض کے پھیلنے کے راستے نہ روک لئے جائیں۔

طریقہ یہ ہے کہ ایک تختی لوہے کی حاصل کریں جس پر 4×4 مناسب حد تک چھوٹے چھوٹے خانے بنائے جاسکیں۔ اوپر والی لائن تھوڑی سی کھلی ہو کیونکہ اس جگہ اسم الٰہی کتابت ہوگا اور نچلے خانوں میں ہندسے کندہ ہوں گے۔ آپ کو حیرت ہوگی کہ میں نے پہلے بھی کئی عمل اسی اسم کے بتائے ہیں جبکہ آج بیماری سے حفاظت کا عمل بھی اسی اسم سے بتلا رہا ہوں۔

4×4 کی الواح تیار کرنے سے پہلے کاغذ پر ایک نقش تیار کر کے دیکھ لیں کہ آپ کی لکھائی کتنی جگہ تک پھیلتی ہے اور پھر اسی حساب سے لوہے کی تختی پر تیار کریں۔

پہلے خانے میں ''ال'' لکھنا ہے اس کے اعداد 31 ہوئے، دوسرے، تیسرے اور چوتھے گھروں تک ایک ایک کے اضافہ سے خانے بھرتے جائیں۔ آپ کی سہولت کے لئے ہر ایک خانہ میں اوپر کی جانب نمبر لکھ دیئے ہیں تاکہ نقش کی چال آپ کو معلوم ہو جائے۔

اب خانہ 5، 6، 7، 8 لکھنے ہیں،

طریقہ یہ ہے کہ خانہ پانچ میں 137 خانہ چھ میں 138 خانہ سات میں 139 خانہ آٹھ میں اسم کا حصہ قم کتابت کرنا ہے۔

اب خانہ 9، 10، 11، 12 لکھنے ہیں، اس لئے خانہ 9 میں 398، خانہ دس میں 399، خانہ گیارہ میں ''ت'' خانہ بارہ میں 401 لکھنا ہے۔

اب ہمارا آخری دور خانہ 13، 14، 15، 16 تک لکھنا رہ گیا ہے، اس کے

لئے خانہ تیرہ میں 89 خانہ 14 میں ''من'' خانہ پندرہ میں 91 خانہ سولہ میں 92 لکھ لیجئے، نقش کا حصہ مکمل ہوگیا۔

اب نقش کے اوپر سورہ یاسین کی آیت باون (52) کا حصہ **سلام قولا من رب رحیم** لکھنے کے بعد اُوپر 786 لکھ دیں۔ نقش کے بائیں جانب سورہ طلاق کی آیت نمبر 2 **ومن یتق اللہ** سے **بکل شیء قدیر** تک تینوں جانب لکھیں کہ پوری پوری سما جائے، نقش کے پیچھے مریض کا نام مع والدہ اور نجات پانے والے مرض کا نام اور نجات پانے کا جملہ لکھیں۔

لوح مبارکہ سائل کو دیتے وقت اس بات کی وضاحت کر دیں کہ مرد حضرات بائیں جانب قمیض کی جیب میں رکھے اگر عورت ہے تو ایک تھیلی میں بند کر کے قمیض کے اندرون بائیں جانب لٹکائے رکھے۔ دو مہینے سیاہ چنے بھنے ہوئے یا اُبلے ہوئے ہلکا سا نمک ڈال کر کھائے۔ سبز یا سیاہ قہوہ پیئے، ہر قسم کی چکنائی، گوشت اور سبزیاں پرہیز ہیں۔ دو ماہ کے بعد سب سے پہلی خوراک کبوتر کی یخنی استعمال کرائیں۔ اس کے بعد مرغ اور پھر مچھلی کی خوراک دی جائے لیکن ایک وقت روٹی کی جگہ چنے استعمال ہوتے رہیں اور یہ سلسلہ چنے کھانے کا بہت عرصہ تک قائم رکھا جائے۔ ان شاء اللہ مرض کا خاتمہ یا 75 فیصد کمی دو ماہ کے اندر ہوگی۔ باقی 25 فیصد مرض بہت آہستگی سے دُور ہوگا۔ بشرطیکہ پرہیز قائم رکھا جائے۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 11 تا 02 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ جمعۃ المبارک۔

0300-6351192

لوح شرف مشتری اور قرض نجات

غربت اور مفلسی ایک ایسا عذاب ہے جس سے نجات کیلئے اس مصیبت میں گرفتار شخص وقتی طور پر کچھ ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے کسی نہ کسی طرح کہیں سے قرض حاصل کر لیتا ہے اور پھر تمام عمر اُس قرض کی قسطیں ادا کرتا رہتا ہے یا پھر پہلے قرض کو اتارنے کیلئے مزید قرضہ لیتا ہے ایسے پریشان حال لوگوں کیلئے عرض کروں کہ ان کے زائچہ پیدائش میں مشتری حالت رجعت میں ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ مشتری کی یہ گردش ساری عمر صاحب زائچہ پر ایسی اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ قرض پر قرض لے کر اس کے وزن تلے دبا جاتا ہے شرف مشتری اللہ کی طرف سے ایسے پریشان کن لوگوں کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے جو کہ قرض سے نجات چاہتے ہوں سیارہ مشتری کی اس نحس حالت کو ختم کرنے کیلئے لوح مشتری قرض سے نجات کیلئے تیار کی جاتی ہے جس میں خاص قرآنی آیات کی برکت اور تاثیر اس قدر ہوتی ہے کہ بہت مختصر وقت میں لوح مبارکہ اپنا اثر تیزی سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرض سے نجات مل جاتی ہے **ھدیہ 7200 روپے**

لوح شرف مشتری اور حصول انعام
ھدیہ 9200 روپے

جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے ہیں مگر ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا بلکہ محنت کی کمائی انعامی اسکیموں میں لگا کر پھر خالی ہاتھ بیٹھ جاتے ہیں میری ایسے بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنا زائچہ پیدائش بنوائیں میں یقین سے کہتا ہوں کہ اُن کے زائچہ میں مشتری نحس حالت یعنی نظر مقابلہ تربیع یا نحس قران کے درجات پر موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں اور اپنی مالی پریشانیوں کو ختم کرنے کیلئے انعامی اسکیموں کا سہارا لیتے ہیں پھر بھی انعام اُن کے قریب سے ہو کر گزر جاتا ہے۔ 12 سال بعد اس خاص موقع پر تیار کی جانیوالی لوح مشتری برائے حصول انعام یقیناً آپکو انعامی دولت سے مالا مال کر دے گی بلکہ آئندہ بھی آپ انعامی اسکیموں میں فاتح ہونگے۔ یہ خاص لوح شرف مشتری کا وقت گزرنے کے بعد تیار نہ کی جاسکے گی کیونکہ 12 سال بعد جو اس لوح کے بنانے میں قوت ہوتی ہے وقت شرف مشتری گزرنے کے بعد وہ قوت اور تاثیر کبھی دوبارہ نہ ملے گی۔

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت اس بار دوبارہ سے حاضر ہواہوں ۔ وہ غیر مسلم بھائی جنہوں نے نومبر کے تحفہ روحانیات میں شائع ہونے والے منتروں کا استعمال کیا اور جب اُن کو فائدہ ہوا تو انہوں نے شکریہ کے خطوط بھیجے ۔ میری حوصلہ افزائی کا شکریہ ایسے قارئین جنہوں نے روحانی طریقوں سے بیماریوں کے حل بارے معلوم کیا تھا اُن قارئین کیلئے یہ خوشخبری ہے کہ جعفریہ جنتری 2018ء میں ''**دفع المراض شفاء القرآن**'' کے عنوان سے میری جانب سے مضمون شائع کر دیا گیا ہے وہ تمام قارئین جعفریہ جنتری سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

روحانیات بڑھانے والا آسان مجرب عمل

طریقہ عمل:۔ اگر کوئی عامل اپنی روحانیت بڑھانے کی خواہش رکھتا ہو تو دو کلو مٹھائی پر **سورۃ اخلاص** گیارہ بار درود شریف بانوے بار پڑھ کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی کو ہدیہ کر کے پھر یہ عمل علیحدہ بیٹھ کر روزانہ دس منٹ پڑھا کرلے، ان شاء اللہ عجائبات ملاحظہ کرے گا، روحانی مخلوقات سے ملاقات ہونی شروع ہو جائے گی جب تک عمل جاری رکھے گا عجائبات کا ظہور ہوتا رہے گا، جب چھوڑ دے گا اثر جاتا رہے گا۔

عمل) آنکھیں بند کر کے جب سانس اندر جائے تو یا محمد مصطفیٰ کہے جب سانس باہر نکالے تو یا علی کہا کرے، روضہ رسول کا تصور کر کے عمل شروع کرنا ہے۔

ہر کام میں فتح پانے کے لئے مجرب عمل

طریقہ عمل:۔ اس عمل کو تسخیر کرنے کیلئے چالیس دن بڑا گوشت، چھوٹا گوشت، بدبودار چیز کا پرہیز لازمی ہے، عشاء کے بعد یا نماز تہجد کے بعد علیحدہ جگہ اگربتی جلا کر اور وضو کر کے اِس عبارت عمل کو دو زار بار روزانہ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ کے ساتھ ورد کیا کریں، ہر جمعرات کو صدقہ دیا کریں اور ایک کلو مٹھائی پر ختم شریف پڑھ کر مؤکلات اِس عمل والے کہہ کر بچوں میں تقسیم کر دیا کریں، یہ عمل نو چندی جمعرات کو شروع کریں، عمل شروع کرنے سے پہلے سوا کلو گوشت کسی محتاج غریب عیال دار کو دے دیں، اس گوشت کے دو تین حصے کر کے غریب خاندان میں تقسیم بھی کر سکتے ہیں، پھر عمل کی ابتدا کریں، رجعت سے محفوظ رہیں گے، ایک چلہ کے بعد اِس عمل کو دو سو بار روزانہ ورد رکھیں، ہر قسم کی فتوحات حاصل ہوں گی، جس جائز کام کو ہاتھ ڈالیں گے غیب سے اس کے پورا ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے، عمل پڑھنے کے بعد اپنے مطلب کی دُعا کیا کریں، اس عمل کا چلہ والا دوسرے عمل سے بے نیاز ہو جاتا ہے، اجازت شرط ہے یا خود استخارہ کرلیں، استخارہ میں اجازت شرط ہے یا خود استخارہ کرلیں، استخارہ میں اجازت ملے تو حضور پاک اور اہل بیت کے ایک دیگ چاول پلاؤ یا زردہ کی پکا کر ایصال ثواب کر کے غریبوں میں تقسیم کریں تو جلد کامیاب ہوں گے، حصار کی کوئی ضرورت نہیں اگر کوئی حصار کر کے عمل کرنے کا شوق رکھتا ہو تو حصار کر کے پڑھائی کر سکتا ہے۔

عبارت عمل:۔ **یَا بُدُّوْحُ اِفْتَحَ وَعَلَیْنَا اَبْوَابَ الْفُتُوْحَاتِ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ**

ہر قسم کے سایہ جن کا علاج

طریقہ عمل:۔ چالیس دن جلالی جمالی پرہیز کریں یعنی بڑا چھوٹا گوشت نہیں کھانا، مچھلی، مرغی، مرغا کا گوشت نہیں کھانا، دہی، لسی چٹنی، لہسن پیاز کا پرہیز کرنا کسی سے سینہ لگا کر نہیں ملنا وغیرہ لباس سفید ہو جگہ علیحدہ پاک ہو، پڑھائی کے دوران دوسرا شخص یا عورت، بڑا چھوٹا بچہ نہ پاس ہو، چھ اگربتی عمل پڑھنے سے پہلے جلانی ہے۔ اگر وضو ٹوٹ جائے تو دوبارہ اُٹھ کر وضو کر کے شروع سے عمل پڑھنا ہے، پہلی پڑھائی نہیں گنی جائے گی، عمل سے پہلے حصار آیت الکرسی گیارہ بار پڑھ کر جسم پر دم کریں، اپنے گرد حصار اُنگلی پر دم کر کے چاروں طرف انگلی پھیر دیں، پھر عمل شروع کریں، تعداد عمل گیارہ تسبیح روزانہ ہے ایک چلہ کے بعد تسبیح روزانہ ورد رکھیں۔ پہلے ایک دیگ زردہ کی پکا کر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیہ السلام کو ثواب پہنچا کر تمام بزرگان کو ایصال ثواب کر کے لوگوں میں تقسیم کریں نو چندی پر عشاء یا تہجد نماز کے بعد پڑھا کریں، پڑھنے کے بعد بغیر کسی سے بات کئے اپنے بستر پر سو جایا کریں جاگ آنے کے بعد بات کر سکتے ہیں، کھا پی سکتے ہیں۔

مریض پر عمل کا طریقہ کار:۔ جس کسی کو سایہ جن تنگ کرتا ہو ایسے مریض کو وضو کرا کر اپنے سامنے بٹھائیں عبارت عمل گیارہ

طاہر نیوز ایجنسی ،عارف بازار بورے والا۔ 0334-7193958 ادارہ روحانیات

پڑھ کر دم کریں دائیں کان میں سات بار پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں دم کریں پھر پانچ بار عبارت عمل پینے پر دم کریں یہ ایک دن کا عمل ہوگا، اِس طرح مریض کو تین دن دم کریں، مریض دُور ہو جائے گا، اگر مریض پر دم کرنے سے سایہ بولے تو اس سے کہہ دیں اِس کو چھوڑ دو ہم خیرات اِس شخص سے دلوا دیتے ہیں وہ مان جائے تو دو کلو گوشت یا جو وہ بتا دے خیرات کر دیں یا ویران جگہ ڈال آئیں، اگر نہ مانے تو اس کے کان میں دوبارہ دم کریں تنگ ہو کر خود کہے گا میں اِس کو چھوڑ دوں گا، مگر خیرات ضرور کرائیں۔ ورنہ مریض اور عامل کو سخت نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا، مجرب کامیاب عمل ہے۔ اگر کسی صاحب کے پاس اس سے آسان اور تجربہ شدہ عمل ہو تو ضرور تحفہ روحانیات میں شائع کروائیں تاکہ دوسرے افراد بھی مستفید ہو سکیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
حضرت خواجہ اُویس قرنی
ڈکّاں مَیں تیری چَرنیٔ
رَسُول بَارگاہ میری مَدَدْ کرنا
یَا عَلِیُ مَدَدْ کرنا مُشکِلْ کو حَل کرنا
یَا عَلِیُ مَوْلَا عَلِیُ مُشکِلْ کُشَا
مَدَدْ کرو بَنَامِ خُدا

بچہ کا رونا دور کرنا اور بھوت چڑیل ڈائن کے دور کرنے والا عمل

طریقہ عمل: ۔اِس عمل کو عشاء کے بعد ایک سو دس بار روزانہ پڑھا کرے، عمل سے پہلے ایک قرآن پاک پڑھا کر دیگ پلاؤ یا کھیر کی پکائی ایصال ثواب اہل بیت کرے، پھر یہ عمل نو چندی بدھ شروع کرے، چالیس یوم یہ عمل پڑھنا ہے، پھر گیارہ بار صبح شام وِرد رکھے، جب بچہ روتا ہوا آئے تو تین بار عمل دم کرے، پھر تین بار دم کر کے دونوں کان میں پھونک دے، یہ طریقہ سات رات کرے ہر قسم کی مرض دور ہو جائے گی۔ لاعلاج مریض بچہ کو صبح شام کرنے سے صحت ہونے کے آثار پیدا ہوں گے۔ بچہ کے سر سے وار کر آدھ کلو گوشت کسی غریب کو دے آیا کرے، گیارہ دن بعد یہ عمل دہرانا ہے جب تک چلہ پورا نہ ہو۔

آیت الکرسی ھزاری شاہ لوھے دے کی کنڈی چاڑی شاہ علی دی کرسی بھاری شاہ اِردے گرے یا علی چکر دلے۔ مصطفیٰ سینے اُتے سیر کرے بابا مشکل کشا شیر خدا ہر مرض کی دوا

عمل نمبر5: زہر باد دُور کرنے والا دم

طریقہ عمل: ۔عشاء کے بعد گیارہ بار روزانہ وِرد رکھیں، عمل میں آجائے گا، جب ضرورت ہو مریض سے سوا کلو گوشت ویران جگہ رکھوا دیں بعد میں مریض پر گیارہ بار دم کریں، یہ طریقہ سات دن کریں، سات دن بعد بوتل پانی پر گیارہ بار دم کر کے دیں، مریض یہ پانی گیارہ دن صبح شام پیا کرے اور صبح سورج نکلنے کے بعد چہرہ پر چھڑکا کرے، صحت ہوگی۔

عبارت عمل:۔ **بسم اللہ الرحمن ۔ حضرت بی بی فاطمہ احمد علی شیر چار یار رسول دے پنجواں آپ رسول تُساں ھتہ تھلے شمشیر واسطہ حسن حسین دا زہر باد نوں کر لو زیر۔**

لوحِ مزمل خاص

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔
حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔
حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔
حضرت بصریؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔
اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔
تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

عابد شاپر فروش ،ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 **ادارہ روحانیات**

حُروف نورانی اور تحفظ دشمنان

تحریر:۔ عصمت اللہ حیدری (راولپنڈی)

میں اپنے بہت محترم اور پیار کرنے والے مخلص دوست علامہ سبط حسن جعفری صاحب (کوئٹہ) کے اسرار پر تحفہ روحانیات شمارہ دسمبر کیلئے حروف مقطعات اور حروف نورانی پر ایک اور تحقیقی مضمون ارسال کر رہا ہوں جیسا کہ گزشتہ شمارہ میں صفحہ نمبر 27 پر ''حروف مقطعات کی روشنی میں شان نبوت'' کے عنوان سے مضمون شائع ہو چکا ہے جسے دوستوں نے پسند کیا۔ علامہ صاحب بلاشبہ محبت کرنے والی شخصیت ہیں اور جس محبت اور خلوص سے آپ نے مجھے مضمون لکھنے کا حکم فرمایا میں حکم عدولی نہیں کر سکتا۔

حروف مقطعات جو بعض سورتوں کے شروع میں آئے ہیں۔ وہ یہ ہیں

الم۔ المص۔ الر۔ المر۔ کھیعص۔ طٰہٰ۔ طسم۔ طس۔ یس۔ ص۔ حم۔ حمعسق۔ ق۔ ن۔

یہ چودہ ہیں ان میں مکرر منہا کر دیئے جائیں تو یہ حروف باقی رہ جاتے ہیں۔

ا۔ل۔ م۔ ص۔ ر۔ ك۔ ه۔ ی۔ ع۔ ط۔ س۔ ح۔ ق۔ ن۔ یہ چودہ ہیں۔ پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ حروف مقطعات کی اس خوبصورت ترتیب سے یہ حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔

صراط علی حق نمسکه علی کا راستہ ہی حق ہے

میرا مرکز حروف مقطعات رہے ہیں۔ ان کو علم جفر کی رو سے حروف نورانی کہتے ہے۔ ابجد میں ۱۴ حروف نورانی ہوتے ہیں ۱۴ ظلمانی ہوتے ہیں۔ قرآن مجید میں جو حروف مقطعات ہیں وہ پورے چودہ ہیں نہ ایک کم نہ ایک زیادہ۔ حروف مقطعات قرآن کریم میں قرآن کی حفاظت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خود قرآن کی حفاظت کا جو دعویٰ کیا ہے وہ ان قوتوں کے ساتھ ہے جو اس کے اندر قائم ہیں۔ ان حروف نورانی کو لکھ کر اپنے مال و متاع یا کھیت یا گھر میں رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر حروف نورانی کو تکسیر کر کے اس کی لوح مربع تیار کر کے خود پاس رکھے تو سرکش شیاطین جادو سحر ضرر رسانی دشمنان حاکم ظالم چور درندوں اور حادثات جسمانی سے حفاظت ہوتی ہے کوئی شخص اس کے جسم کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

دشمن کا مقابلہ ہو تو **المص کھیعص حمعسق قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ** بکثرت پڑھے تو دشمن پر خود غالب ہو جائے۔ اگر ہوائی جہاز کے سفر سمندر کے سفر یا کسی اور اندرون ملک سفر یا معمولی سفر میں بھی ان حروف کو پڑھ کر سوار ہو جائے تو حادثہ واقع نہیں ہوتا۔ اور حادثہ ہو تو وہ محفوظ رہے گا عموماً یہی ہوا ہے کہ پڑھنے والا اور سواری ہی محفوظ ہو جاتی ہے۔ اگر سفر خشکی کا ہو تو دشمن، چور، سانپ، بچھو اور درندوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ایک عارف کا کہنا ہے کہ ان کے پاس رکھنے سے تمام آفات سے حفاظت رہتی ہے اور رزق ملتا ہے۔ کسی مریض کو مرگی ہو تو یوں پڑھ کر اس کے کان میں دم کرے فوراً ہوش آ جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ کٓهٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ حٰمٓعٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ اور چند مرتبہ دم کرنے کے بعد پھر مرگی نہ آئے گی۔

کتابوں میں لکھا ہے کہ بصرہ میں ایک شخص ڈاڑھ کا درد جھاڑتا تھا۔ بخل کی وجہ سے کسی کو نہ بتاتا تھا۔ جب مرنے لگا تو اس نے بتایا کہ حروف مقطعات سے جھاڑتا تھا۔

شیخ امام بونی کا قول ہے کہ جو شخص ہرن کی جھلی پر چودھویں شب کسی بھی ماہ کی ہو بعد نماز عشاء کے گلاب و زعفران سے لکھ کر بازو بند بنائے اور داہنے بازو پر باندھے تو اس کے قلب میں شجاعت پیدا ہو۔ دشمنوں کے دلوں میں اس کی ہیبت ہو۔ خلق کی نظر میں مقبول ہو۔ اگر محتاج ہو غنی ہو جائے۔ اگر خوف زدہ ہو تو مامون ہو جائے، اگر جادو یا قید یا جنون میں مبتلا ہو تو اس سے خلاصی پائے۔ اگر قرض دار ہو تو اللہ کی طرف سے اس کا قرض ادا ہو، اگر کسی فکر یا رنج میں مبتلا ہو تو وہ دفع ہو جائے اگر مسافر ہو تو صحیح وسالم گھر آ جائے۔ جس کسی کا نکاح نہ ہوتا ہو اس کے پاس رکھنے سے لوگوں کو اس کے نکاح کی رغبت پیدا ہو۔ اگر کسی دکان میں رکھا جائے تو خوب نفع پیدا ہو۔ اگر کسی کو باندھا جائے تو وہ تمام آفات سے محفوظ ہوں۔ اگر نکمے ہوں یا کام و تعلیم کی رغبت نہ رکھتے ہوں یا سرکش ہوں تو ان میں صلاحیت پیدا ہو گی۔ فرماں بردار اور لائق و فائق ہو جائیں گے۔ ان تمام امور کیلئے لوح نورانی ماہ ربیع الاول کی ۱۴ تاریخ کو تیار کرنی چاہئے۔

ربیع الاول کی نوچندی جمعرات کو چاندی کے نگینے پر یہ حروف کندہ کریں اس

شیخ محمد حسین نیوز ایجنٹ ،فوارہ چوک جھنگ صدر 0333-675200 ادارہ روحانیات

کو پہنے تو امن میں رہے۔ اگر حاکم کے پاس جائے تو اس کی عزت ہو۔ اگر کسی غضبناک آدمی کے سر پر ہاتھ پھیر دے تو اس کا غصہ جاتا رہے اگر پیاس کی شدت میں چوس لے تو سکون ہو جائے۔ اگر بارش کے پانی میں دھو کر نہار منہ پیے تو حافظہ قوی ہو جائے۔ اگر بیکار آدمی پہنے تو روزگار لگ جائے۔ اگر مرگی والے کو پہنائیں تو مرگی جاتی رہے ان حروف مبارکہ کو یوں لکھیں۔

الم الم المص المر الر کھیعص طه یسن طسم یسن ص حمعسق ق ن والقلم وما یسطرون۔

بہت محنت کے بعد ایک حروف نورانی کی لوح عددی تیار کی ہے۔ جو برسوں سے بنا کر دی ہیں۔ عامل حضرات بھی اسے تیار کرتے ہیں۔ جملہ مندرجہ بالا امور میں کام دیتی ہیں اور ہر امر کا تحفظ لازمی ہے۔ اسے لوح تحفظ بھی کہتے ہیں۔ وہ ذیل میں ہے۔

۷۸۶

مجیب الدعوات والاکرام

کھیعص	حمعسق	المص	الم العین
یس محمد	الر	حم محصی	نعم المولیٰ
طسم سبحان	طس ملك	مجید اکبر	طه الله معز
الله باری	ص حق	ق لطیف	ن علی

ق والقران المجیدن والقلم وما یسطرون

تمام لوح کے اعداد ۸۶۶ ہیں۔ لوح کے سر پر مجیب الدعوات والاکرام کے عدد بھی ۸۶۶ ہیں۔ اس نقش کو کاغذ پر یا چاندی کی تختی پر لکھیں۔ لوح کے ضلع **قوله الحق وله الملك** سے بنائیں جیسا کہ نقش کا قاعدہ ہے اور اطراف میں موکل کناروں پر خدام لکھیں۔ اگر حروف مقطعات سے مکر نکال کر نو چندے ہفتہ کی صبح کو دھو کر پیئے۔ تو سال بھر تک آشوب چشم سے محفوظ رہے۔ وہ یہ ہیں **الم المص المر الر کھیعص طه طسم طس یس ص ق ن۔**

الم سے مفلحون تک جمعرات کے روز سے شروع کر کے پاک پلیٹ پر مشک وزعفران سے لکھے اور آب چاہ سے دھو کر پیئے اس روز کھانا نہ کھائے پھر رات کو پیئے۔ مطلب یہ کہ دن کو روزہ رکھے اور اس پانی سے روزہ کھولے۔ پانچ دن ایسا ہی کرے تو حافظہ میں زیادتی ہو اور نفس میں قوت ہو۔ قلب میں علم کو برقرار ہو معرفت میں ترقی ہو۔

نزلے میں ناک کا بند ہونا

تحریر:۔ فیصل قریشی (لاہور)

عموماً سردی کے دنوں میں نزلہ، زکام اور کھانسی کی شکایتیں بڑھ جاتی ہیں۔ نزلے کی ایک نمایاں علامت ناک کا بند ہونا بھی ہے۔ سیال مادوں کے ناک کے اندرونی حصوں میں بھر جانے کی وجہ سے جب ناک بند ہو جاتی ہے تو مریض کو ناک کے راستے سانس میں دشواری ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں رات کو سوتے وقت وہ خراٹے لیتا ہے اور صبح جب سو کر اٹھتا ہے تو اس کا منہ خشک ہوتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ مریض کی ناک سے گاہے بگاہے سیال مادہ بہتا رہے۔ اس کے سر میں درد بھی ہو سکتا ہے اور مسلسل کھانسی کے ساتھ حلق سے گاڑھا بلغم بھی خارج ہو سکتا ہے۔ یہ تمام علامتیں انفیکشن ظاہر کرتی ہیں۔ ایسی صورت میں چہرے کے مختلف حصوں میں درد بھی ہو سکتا ہے۔ جسم کا درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے یعنی بخار ہوتا ہے اور ناک سے بہنے والا مادہ گاڑھا سبزی مائل رنگ اختیار کر لیتا ہے۔

اسباب: ناک بند ہونے کی وجہ وہ اضافی سیال مادہ ہے جو نزلہ، زکام میں جمع ہو جاتا ہے۔ اگر ناک کے اندر غیر مضر قسم کے ابھار (Polyps) ہوں تو ان سے بھی ناک بند ہو سکتی ہے۔ جس کی وجہ سے سیال مادہ کو باہر نکلنے کا راستہ نہیں ملتا جس سے سر بھاری بھاری محسوس ہوتا ہے۔

علاج: بند ناک کو کھولنے کے لئے گھر پر یہ ترکیب آزمائی جا سکتی ہے۔ گرم پانی سے بھرے ہوئے ایک بڑے پیالے میں وکس یا Olbas Oil کے چند قطرے ملا کر بھاپ کو ناک کے راستے اندر داخل کرنے کی کوشش کریں۔ زیادہ بہتر نتائج کے لئے پیالے پر اپنا منہ جھکا کر اوپر تولیہ ڈال لیں۔ تین چار منٹ تک اس حال میں سانس لیں اور دن میں دو بار یہ عمل دہرائیں۔ اس طرح سانس کی نالی کھل جائے گی۔ اس مقصد کے لئے ڈاکٹری نسخے کے بغیر فروخت ہونے والی Decongestant Spray بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فنگر (چھلا) تیار کیا گیا ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہو جاتا ہے اور تا حیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔ ھدیہ مبلغ -/500 روپے

آپ کی مالی پوزیشن علم اعداد کی رُو سے

تحریر:۔ایس اے شہزاد (پشاور)

قارئین تحفہ روحانیات اس بار آپ کیلئے علم اعداد کی رو سے مالی پوزیشن جاننے کا ایک نایاب طریقہ لے کر حاضر ہوا ہوں اور ساتھ اپنے اُن دوستوں کیلئے جو حاضرات کا شوق رکھتے ہیں اُن بھائیو کیلئے نیلم پری کی نایاب حاضرات کا عمل کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔

عدد (1): خوش قسمت عدد ہے ان کی مالی پوزیشن کافی بہتر ہوتی ہے لیکن ان کو رسک لینے سے گریز کرنا چاہئے۔ معاشرے میں ان کی اچھی ساکھ ہوتی ہے۔

عدد (2): مالی لحاظ سے یہ ایک درمیانہ نمبر ہے ان کو کامیابی اوسط درجے کی ملتی ہے، محفوظ قسم کی سرمایہ کاری پسند کرتے ہیں، یہ دماغی کام زیادہ کرتے ہیں اس لئے ان کو آرام کی بھی بہت ضرورت ہوتی ہے۔

عدد (3): یہ بھی خوش قسمت عدد ہے۔ حسب ضرورت حصول آمدن کو ظاہر کرتا ہے۔ پیسہ ان کے پاس کافی آتا ہے لیکن اخراجات بھی زیادہ ہو جاتے ہیں۔ اس لئے بچت نہیں ہوتی۔

عدد (4): مالی لحاظ سے ان کی پوزیشن اچھی ہوتی ہے، تاہم آسودگی کچھ دیر سے حاصل ہوتی ہے، ان کو اتفاقیہ کامیابی نہیں ملتی۔

عدد (5): مالی لحاظ سے یہ بھی اچھا نمبر ہے ان کو پرائز بانڈ اور لاٹری کے نمبروں میں بھی کامیابی ملتی ہے۔ ان کو سفر اور کاروبار میں تبدیلیوں سے بھی کافی مدد ملتی ہے۔ منصوبہ بندی کے تحت کام کرتے ہیں۔

عدد (6): مالی پوزیشن درمیانی ہوتی ہے۔ ان کے حالات اچھے ہونے چاہئیں تھے، لیکن زیادہ اچھے نہیں ہوتے۔ عام طور پر ان کو دوستوں سے بھی مالی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ یہ پیسوں کو ضائع نہیں کرتے لیکن محتاجوں کی امداد کرتے رہتے ہیں۔ اس لئے روپیہ ان کے پاس جمع نہیں ہوتا۔

عدد (7): اس عدد کے مالک افراد کی مالی پوزیشن کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ یہ لوگ انقلاب اور تبدیلیوں کی زد میں ہوتے ہیں، یہی وجہ ان کے استحکام میں آڑے آتی ہے لیکن جب ان کو واقعی روپے کی ضرورت پیش آتی ہے تو روپے کے حصول کے لئے بہت محنت کرتے ہیں اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

عدد (8): کامیابی سے ہمکنار کرتے ہیں، کامیابی ان کو جوانی کے بعد ملتی ہے، ان کو قرض لینے سے پرہیز کرنا چاہئے، پرائز بانڈ کی دنیا میں ان کو کامیابی نہیں مل سکتی، صرف قوت بازو سے ان کے حالات اچھے ہو سکتے ہیں۔

عدد (9): مالی لحاظ سے خوش قسمت ہوتے ہیں، لمبے عرصے پر محیط کاروبار ان کے لئے موافق ہوتے ہیں۔ روپیہ ان کے ہاتھ میں نہیں ٹکتا، ان کو پرائز بانڈ یا لاٹری کے نمبروں میں بھی کامیابی ملتی ہے، اعداد دو طریقوں سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ ایک بذریعہ تاریخ پیدائش، دوسرا بذریعہ نام اعداد معلوم کرنے کے طریقے آپ کو علم الاعداد کی ہر کتاب سے مل سکتے ہیں۔

حاضرات نیلم پری

قارئین تحفہ روحانیات! اپنے وعدہ کے مطابق نایاب حاضرات کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔ نوچندی جمعرات کو شب 12 بجے کے بعد بہتے پانی کے کنارے بیٹھ کر اس عمل کو 342 مرتبہ 40 یوم تک پڑھیں۔ اوّل آخر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل اپنے اِرد گرد حصار کریں۔ عمل کے لئے کوئی ایسی جگہ منتخب کریں جہاں پر آتے جاتے وقت یا عمل کرتے وقت کوئی شخص آپ کو دیکھ نہ سکے۔ دوران عمل آپ کو خوفناک چہرے نظر آئیں گے لیکن گھبرائیں نہیں وہ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے، بعض ذی روحیں نیلم پری کے روپ میں نظر آئیں گی، وہ اپنے آپ کو نیلم پری ظاہر کریں گی، لہٰذا کوئی اعتبار نہیں کرنا۔ آخری روز عمل شروع کرنے سے قبل اپنے پاس توشہ رکھیں سوا پاؤ دودھ کی کھیر اپنے ہاتھوں سے پکی ہوئی 5 عدد پوری اور 5 گجرے پھولوں کے ہار عمل کے اختتام پر نیلم پری بمعہ ایک بزرگ صورت جن کے حاضر ہوگی اور مسکرا کر اس بزرگ کا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں دے کر چلی جائے گی، یہ توشہ آپ نیلم پری کو پیش کریں گے جو اپنے ساتھ لے جائے گی، آپ کو کوئی نشانی دے گی۔

لا الٰہ کا کوٹ الااللہ کی کمائی
جیوے نیلم پری جو حاضرات گھیر کے لائی۔

بسم اللہ کے اسرار مخفی

تحریر
شیخ عبدالخالق
(کراچی)

قارئین محترم السلام علیکم ! امید ہے کہ آپ سب خیریت سے ہوں گے۔آپ قارئین محترم کے لئے اپنے خاندان کے بزرگوں کے مجربات پیش کررہا ہوں۔اس جدید دور میں بہت کام آئیں گے۔

1۔رزق و مال میں خیر وبرکت ، جاد و و جنات،نظر کا مکمل خاتمہ:

یہ عمل عروج ماہ نو چندی جمعرات نماز فجر کے بعد کریں ۹۲ بار 11 دن برابر ان شاءاللہ اس عمل کی روحانی قوت سے ہر کام آسان ہوجائے گا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم : یااللہ الصمد یارسول کل وچ ھو یا تیر انور فضل کریں تاں بیڑے تاویں رحمت کریں۔جنت واڑیں اللہ توں اے بخش ھار تو توبہ میری استغفار میری توبہ وار وار۔

2.ادائیگی قرض

قرض ادا کرنا چاہتے ہوں اور کہیں سے ادا نہیں ہو پارہا تو اس عمل کو تہجد کی نماز کے بعد پڑھے اور آسمان پر پھونک اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور **یا واحد** ۱۱۱۱ بار پڑھیں۔۲۱ دن برابر۔ان شاءاللہ ایسا اسباب پیدا ہوجائے گا کہ قرض ادا ہوجائے گا۔

3.لاعلاج امراض

مجھ سے بہت سے لوگوں نے پوچھا ایسا عمل بتائیں کہ لاعلاج امراض سے نجات حاصل ہو میرے نانا نے مجھے ایک ایسا عمل بتایا تھا جو ہر طرح کے امراض کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔میں نے ایک خاتون کو دیا جو کہ کینسر اور شوگر کی مریضہ تھیں ایک ماہ لاتعداد بار اس خاتون نے پڑھا پہلے شوگر کنٹرول ہوئی پھر 7 ماہ کے اندر اندر کینسر ختم ہوا 3 سال تک اس خاتون نے یہ عمل کیا آج خاتون بحکم خالق تندرست اور صحت مند ہے وہ لوگ جو ہر طرح کے امراض میں مبتلا ہوں وہ یہ عمل کریں ان شاءاللہ 3 ماہ میں بہترین نتائج سامنے آئیں گے

حٰمٓ لاینصرون 5000 روزانہ پڑھیں چلتے پھرتے بستر پر پڑھیں پڑھتے پڑھتے سوجائیں ہر بیماری دفع ہوجائے گی۔

4.تسخیر خاص و عام کے لئے

ہر بندہ چاہتا ہے کہ میری عزت ہر کوئی کرے اس عمل کو کریں ہر بندہ عمل کرنے والے کی عزت واحترام کرے گا۔نماز مغرب کے بعد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

66 بار پڑھیں 90 دن تک اور **یا رحیم** ،500 بار نماز فجر میں پڑھیں۔ بے پناہ طاقت والا عمل ہے۔ہر بندہ عمل کرنے والے کی عزت واحترام کرے گا۔

5.قوت سماعت کے لئے

جمعرات کے روز چاشت کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف گیارہ بار اور 500 **بار یا سمیع** پڑھیں۔41 دن تک ان شاءاللہ قوت سماعت میں اضافہ ہوگا۔اور 92 بار **محمد رسول اللہ** پانی پر دم کریں۔

6.حمل کی حفاظت

حاملہ خواتین دوران حمل باوضو ہوکر **یا حیی یا قیوم** ۱۱۱ بار پڑھیں اول و آخر **آیت الکرسی** 3 بار پڑھ کر اپنے پیٹ اور سینے پر دم کریں بچے کی پیدائش میں بھی آسانی ہوگی پہلے ماہ سے 9 ماہ تک پڑھیں۔

7.سر درد اور چکر آنے کو دفع کرنا

صبح نہار منہ اور شام عصر و مغرب کے درمیان **اللہ المالک النور** ۲۱ بار دم کریں۔پانی کے گلاس پر دم کریں ۲۱ دن تک اور ہر نماز کے بعد گیارہ بار سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں۔

8. سوکھے پن کا خاتمہ

بچے کمزور اور لاغر اور دبلے پتلے ہو سرسوں کے تیل پر **یا جبار** ۱۰۱ بار دم کریں تیل کی مالش رات بچے کے جسم پر کریں اور صبح غسل کروادیں ۴۱ دن برابر کریں۔

9.رشتے کی بندش ختم کرنے کے لئے

سورہ یٰسین دس بار دس دن تک پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی پئیں اور مسجد میں جا کر دعا کریں ان شاءاللہ ہر قسم کی بندش ختم ہوجائے گی۔

10. بینائی کی حفاظت

1۔اگر سورہ العصر کو تین بار سرمہ کی سلائی پر دم کریں اور اس سلائی سے سرمہ اپنی آنکھ میں لگائیں ہر طرح کے آنکھوں کے امراض سے نجات حاصل کریں۔

Peanuts مونگ پھلی کے فائدے

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

مونگ پھلی کا تعلق پھلوں والی فصلات سے ہے۔یہ بھی ایک پھلی ہے اس کا پودا بیلدار ہوتا ہے۔لیکن سطح زمین پر زیادہ پھیلتا ہے۔اس کی پھلیاں زمین کے اندر پیدا ہوتی ہیں لیکن اس کا شمار مغز اور بیج کے زمرے میں آتا ہے۔مونگ پھلی میں بہت زیادہ غذائیت پائی جاتی ہے۔اس کی اسی خوبی کی وجہ سے اسے گھروں میں تیار کئے جانے والے پکوانوں اور سنیکس میں استعمال کیا جاتا ہے۔مونگ پھلی کا پودا سالانی اگنے والا پودا ہے۔یہ واحد تخم (بیج) ہے جو زمین کے اندر پیدا ہوتا ہے۔اس کے پودے کا قد 50 سینٹی میٹر کے قریب ہوتا ہے۔اس کے پھول ڈنٹھل کی صورت اختیار کر کے زمین کے اندر داخل ہو جاتے ہیں۔زمین کے اندر ہی یہ پھلی کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔مونگ پھلی کی ایک پھلی میں ایک سے تین تک دانے (بیج) ہوتے ہیں۔جو ساٹھ دنوں میں ایک جاتے ہیں۔اس بات کا پتہ اس وقت چلتا ہے جب زمین سے باہر کے پودے کی رنگت زرد ہونے لگ جاتی ہے اسوقت پودا کھاڑ لیا جاتا ہے اور خشک ہونے پر پھلیوں کو پودوں سے الگ کر لیا جاتا ہے۔مونگ پھلی کے آبائی وطن بارے ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ جنوبی امریکہ ہے۔کئی سالوں سے یہ فصل وہاں کاشت آرہی ہے۔ایک ہزار سال قبل مسیح میں جب پیرو کے ساحلی علاقوں کی کھدائی محکمہ آثار قدیمہ کے ماہرین نے شروع کو تو انہیں کھدائی کے دوران مونگ پھلی بھی ملتی تھی۔سولہویں صدی میں پرتگیزی اسے برازیل سے مغربی افریقہ لے آئے اور ہسپانوی اسے بحرالکاہل کے اس پار فلپائن لے گئے۔فلپائن سے یہ جاپان، ہندوستان، ملائیشیا، چین اور مڈغاسکت جیسے ملکوں میں پہنچی۔ہندوستان میں آج کل پوری دنیا میں میں مونگ پھلی کی پیداوار کا 40 فیصد حصہ پیدا ہوتا ہے۔

مونگ پھلی کی غذائی صلاحیت :۔مونگ پھلی میں اعلیٰ قسم کی حیاتیاتی کافی مقدار میں پائی جاتی ہے اور اسی پروٹین کی بدولت مونگ پھلی خصوصی اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ایک کلوگرام گوشت سے حاصل ہونے والی پروٹین کے مقابلے میں ایک کلوگرام مونگ پھلی میں پائے جانے والی پروٹین کی مقدار کہیں زیادہ ہوتی ہے۔جبکہ ایک کلوگرام انڈوں کے مقابلے میں اڑھائی گنا زیادہ ہوتی ہے۔سویابین اور نیپر کے علاوہ کوئی بھی سبزی پروٹین کی مقدار میں مونگ پھلی کا مقابلہ نہیں کر سکتیں کیونکہ اس میں جو پروٹین پائی جاتی ہے۔وہ بہت ہی متوازن ہوتی ہے۔گو اس میں کئی امینو ایسڈ ایسے ہیں جو نہیں پائے جاتے ہیں۔اس کے باوجود مونگ پھلی کا معیار زیادہ اچھا ہوتا ہے۔جو امینو ایسڈز مونگ پھلی میں نہیں پائے جاتے وہ سارے دودھ میں پائے جاتے ہیں اس لئے ان پکوانوں میں جو مونگ پھلی سے تیار کئے جاتے ہیں ان میں دودھ شامل کر لینے سے وہ کمی پوری ہو جاتی ہے۔مونگ پھلی کو جتنا زیادہ چبایا جائے اتنا جلدی یہ ہضم ہوتی ہے اگر اسے اچھی طرح نہ چبایا جائے تو یہ ہضم نہیں ہوتی۔یہ مونگ پھلی کی خامی ہے۔لیکن اس کو بھون کر استعمال کیا جائے تو اس کی یہ خامی بھی دور ہو جاتی ہے۔جبکہ پکا لینے سے اس کا نشاتی مزید قابل ہضم بن جاتا ہے۔اگر زیادہ چبانے کی مذمت سے بچنا ہو تو اس کو پیس کر آٹا بنا کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔چونکہ مونگ پھلی میں تیل بھی ہوتا ہے لہذا یہ پینے سے مکھن بن جاتی ہے۔جس کو استعمال کرنے سے پہلے تھوڑا سا نمک ضرور ملا لینا چاہئے۔اگر اس مکھن کا پیسٹ زیادہ گاڑھا ہو تو اس میں پانی وغیرہ نہ ملایا جائے بلکہ پتلا کرنے کے لئے مونگ پھلی کا تیل ملایا جا سکتا ہے۔ایک سو گرام مونگ پھلی میں رطوبت 3.0 فیصد، معدنی اجزاء 2.4 فیصد، پروٹین 25.3 فیصد ریشے 3.1 فیصد، چکنائی 40.1 فیصد، کاربوہائیڈ ریٹس 26.1 فیصد تک پائے جاتے ہیں۔جبکہ اتنی مقدار مونگ پھلی میں معدنی اور حیاتینی اجزاء میں فاسفورس 350 ملی گرام، وٹامن ای 261.4 ملی گرام، آئرن 2.8 ملی گرام، کیلشیم 90 ملی گرام کے علاوہ کچھ مقدار میں وٹامن بی کمپلیکس بھی ہوتی ہے۔100 گرام مونگ پھلی میں کیلوریز کی تعداد 567 ہوتی ہے۔

قدرتی فائدے اور طبی استعمال :۔مونگ پھلی کا شمار پوری دنیا میں پائی جانے والی سب سے زیادہ غذائیت بخش غذاؤں میں ہوتا ہے۔امریکہ کے ماہرین زراعت کہتے ہیں کہ مونگ پھلی میں پانچ اہم ترین غذائی اجزاء جیسے غذائی، پروٹین، نایاسین، فاسفورس اور تھایامین پائے جاتے ہیں۔ان کے علاوہ مونگ پھلی ایسا مغزیا پھلی جس میں بہت زیادہ فوائد پنہاں ہیں۔اس میں آسانی کے ساتھ ہضم ہو جانے والا تیل بہت زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔مونگ پھلی کا تیل معتدل قسم کا بہترین مسہل ہے۔یہ تیل جلد میں نرمی

پیدا کرتا ہے۔ دودھ پلانے والی ماؤں کے ساتھ ساتھ حاملہ خواتین کے لئے مونگ پھلی کے ساتھ شکر اور بکری کا دودھ بہت اچھی غذا ہے۔ یہ ایسی غذا ہے جو ہر قسم کی انفیکشن کی راستی روکنے کی صلاحیت رکھتی ہے خصوصاً تپ دق، اور ہیپا ٹائیٹس جیسی بیماریوں کا شکار مریضوں کے لئے نادر روزگار دوا ہے۔ مونگ پھلی میں خرابی یہ ہے کہ اس کو زیادہ کھاتے رہنے سے جسم میں تیزابیت بڑھ جاتی ہے۔ مردوں کو جریان منی اور عرست انزال جیسی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔ کچھ اگر لوگ بھونی ہوئی مونگ پھلی استعمال کریں تو انہیں الرجی ہو جاتی ہے۔ سانس کی تکلیفوں میں مبتلا مریض خاص طور پر دمہ کے مریض پھلی کم کھائیں تو ان کے حق میں بہتر ہے۔ البتہ اگر یہ لوگ مونگ پھلی کو نمک ملے پانی میں ابال کر استعمال کریں تو نقصان بہت کم پہنچتا ہے۔ اسی طرح جو لوگ یرقان کے مرض میں مبتلا ہوں یا انہیں معدے سے متعلق کوئی مرض لاحق ہو تو وہ بھی کوشش کر کے مونگ پھلی سے پرہیز کریں تاکہ ان کے معدے میں تیزابیت، بدہضمی اور جلن پیدا نہ ہو۔ انگلستان کے ڈاکٹروں نے بار بار تحریر کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ مونگ پھلی استعمال کرتے رہنے سے ہیموفیلیا یعنی خون کا تھکہ بننا اور کٹ جانے یا چوٹ لگنے پر خون مسلسل بہتے رہنا جیسے حالات میں بہترین علاج ثابت ہوا ہے۔ علاوہ ازیں حیض کی دنوں میں زیادہ خون آنے کی شکایت کے ساتھ ساتھ تکسیر جاری رہنے کی شکایت بھی مونگ پھلی استعمال کرنے سے جاتی رہتی ہے۔ اسہال اور خاص طور پر پرانے اسہال کا بہتر علاج مونگ پھلی ہے ایسے افراد جنہیں کھانا کھاتے ہی اجابت کے لئے جانا پڑتا ہو، اگر بکری کے دودھ میں لیموں کا رس ملا کر مٹھی بھر مونگ پھلی کے ساتھ استعمال کریں تو بہت ہی اچھے نتائج حاصل ہوں گے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اسہال کی وجہ نکوٹینک ایسڈ کا جسم میں کم ہونا ہوتی ہے جبکہ مونگ پھلی میں پایا جانے والا مادہ نایاسین ان کی یہ کمی پوری کر دیتا ہے۔ مونگ پھلی کے استعمال سے موٹاپا دور ہو جاتا ہے۔ بار بار کے تجربات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ دوپہر کا کھانا کھانے سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے مٹھی بھر بھنی ہوئی مونگ پھلی بغیر چینی ملی ہوئی چائے یا کافی کے ساتھ استعمال کرتے رہنے سے وزن کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بھوک بھی کم ہو جاتی ہے اور آہستہ آہستہ وزن کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ مونگ پھلی کا تیل خوبصورتی میں اضافے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی لئے اس تیل کو بیوٹی ایڈ کے طور پر باقاعدگی کے ساتھ استعمال کرنا بیرونی جلد کی نشوونما کرتا ہے۔ بلوغت کی عمر میں چہرے پر نکلنے والی پھنسیوں اور کیل مہاسوں کو پیدا نہیں ہونے دیتا۔ زیادہ بہتر نتائج کے لئے صاف تیل مونگ پھلی میں ہم وزن لیموں کا رس ملا کر کسی بوتل میں محفوظ کر لیں۔ روزانہ رات کو سونے سے پہلے اچھی طرح چہرے پر لگاتے رہنے سے چہرہ تروتازہ رہتا ہے۔ مونگ پھلی کا استعمال ذیابیطس (شوگر) کے مرض میں بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ اس مرض کا شکار مریض روزانہ مٹھی بھر مونگ پھل کھالیا کریں تو وہ غذائیت کی کمی کا شکار نہیں ہوتے خصوصاً ان میں نایاسین کی کمی نہیں ہوتی۔ مونگ پھلی کا استعمال خون کی نالیوں کے امراض کو بھی روکتا ہے۔ مونگ پھلی کو نمک کے ساتھ چبایا جائے رو مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں۔ نقصان پہنچانے والے بیکٹیریا کا خاتمہ ہوتا ہے اور دانتوں کا قدرتی انیمل قائم رہتا ہے۔ البتہ مونگ پھلی کھا لینے کے بعد منہ کو پانی سے اچھی طرح صاف کر لینا چاہئے تاکہ مونگ پھلی کے ذرات منہ میں جمع نہ رہیں۔

مونگ پھلی کا دیگر استعمال : ۔مونگ پھلی کو مختلف طریقوں سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً بھون کر ابا کر پکا کر کچا اور بھاپ سے پکا کر اس پر چینی چڑھا کر مٹھائی بنا کر یورپی ممالک میں مونگ پھلی کنفیکشنری کا اہم جزو ہے۔ اس کو سینڈوچ، آئس کریم، ٹافی، کیک اور چاکلیٹ میں ڈالا جاتا ہے۔ کئی فوڈ پراڈکٹ ایسے ہیں جو مونگ پھلی سے تیار کئے جاتے ہیں مونگ پھلی کے پودے کو سبزی کے طور پر پکا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ جب اس کا بیج بھوٹ رہا ہوتا ہے یعنی پنیری بن چکی ہوتی ہے اس کے استعمال کا بہترین وقت ہوتا ہے۔ اس کی پنیری زود ہضم ہونے کے ساتھ ساتھ غذائیت سے بھرپور ہوتی ہے۔ یہ وہ دور ہوتا ہے جب اس پنیری میں وٹامن بی اور سی بھی کثیر مقدار میں موجود ہوتی ہے۔ مونگ پھلی کا دودھ دیگر جانوروں جیسے گائے، بکری وغیرہ، کی طرح ہوتا ہے۔ اس میں وہ سارے اجزاء ہوتے ہیں جو جانوروں کے دودھ میں شامل ہوتے ہیں۔ اس کے دودھ کی دہی بھی بنائی جا سکتی ہے۔ جس میں وہی ذائقہ اور خوشبو ہوتی ہے۔ جو بکری گائے کے دودھ سے تیار کی گئی دہی میں ہوتی ہے۔ اس دہی کی ساری خوبیاں حیوانی دودھ کی خوبیوں جیسی ہوتی ہے۔ مونگ پھلی کا آٹا مغربی ممالک میں بہت مقبول ہے اور اس کی مقبولیت میں آئے دن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ یہ آٹا کئی فوڈ پراڈکٹ بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس آٹے میں گیہوں کے آٹے سے زیادہ غذائیت ہوتی ہے۔ اس کو دودھ بنانے کے لئے آدھا کلوگرام ہلکے بھونے ہوئے مونگ پھلی کے دانوں کو دو گھنٹے پانی میں ڈوبا رہنے دیں۔ اس طرح ان کا باریک سرخ رنگ کا چھلکا اتر جائے گا جس دانے کا چھلکا نہ اترا ہوا اسے ہاتھ سے اتار دینا چاہئے۔ ان دانوں کو جو نرم ہو چکے ہوتے ہیں گرائنڈر میں گرائنڈ کر کے پیسٹ بنا لیں۔ اگر گرائنڈر نہ ملے تو سرد ائی کی طرح کونڈی میں خوب رگڑیں۔ اس میں تین گناہ یعنی ڈیڑھ کلوگرام پانی ملا کر کسی باریک کپڑے سے چھان لیں۔ ہلکا سا گرم کر کے اس میں چینی یا شہد کر کے پی لیں۔ یہ حیوانی دودھ کا نعم البدل دودھ ہوتا ہے۔

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ

حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیط 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ

حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھاب 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) ان ایام میں خاص سعد نظر عطارد تسدیس مریخ قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 06 تا 09 دسمبر رہیں گے اس نظر کے تحت قریبی عزیز و اقارب سے تعلقات استوار ہونگے ایک نیا جذبہ اور جوش پیدا ہو سکتا ہے صحت کا خیال رکھیں۔ بخار یا نزلہ زکام کی امراض طوالت پکڑ سکتے ہیں۔ دیرینہ امراض سے نجات کیلئے اگر اس ہفتہ اقدامات کئے جائیں تو انشاءاللہ جلد صحت یابی کی اُمید ہے خاص طور سے معدہ اور جگر کے مریض فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ اپنے طبعی برج عقرب میں داخل ہو رہا ہے یہاں پر اس سیارہ کا داخلہ آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ طاقت اور قوت لینے کا وقت ہے اپنے رُکے ہوئے کاموں کو کسی بھی طرح نکالنے کی کوشش کریں۔ اس برج میں اس کا قیام 26 جنوری 2018ء تک رہیگا۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنا یا بیماریوں سے نجات حاصل کرنا یا جادو سحر کا خاتمہ کرنے کیلئے اس سے بہتر کوئی وقت نہیں۔ اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کرینگے۔ انہی ایام میں وراثتی معاملات حل ہو سکتے ہیں مخالفین پر فتح حاصل ہوگی۔

(17 تا 25) خانگی حالات سنوارنے کا موقع ملے گا۔ اہل خانہ سے متعلقہ امور حسب منشاء انجام پذیر ہونگے۔ مطلوبہ اولاد ہوگی اولاد کے بہتری کے سامان ہوں گے سکون ہوگا۔ مخالفین سے محتاط رہیں۔ قرضدار کا قرضہ صالح نیت کے تحت بھی ادا نہ ہو سکے گا اور نہ ہی قرض خواہ اپنے مقروض سے کچھ وصول کر سکے گا۔ غیر شادی شدہ حضرات کی دلی تمنا پوری ہونگی حسب منشاء محبوب سے شادی کرنے سے کامیابی حاصل ہوگی۔ اندرون خانہ ہر طرح سے خیر و عافیت ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کی 27,28 تاریخیں سعد ہے۔ آپ کیلئے زائچہ کے مطابق نگینہ پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔ کاروبار میں خیر و برکت رہے گی۔ ملازمتی امور کی انجام دہی بھی اچھے طریقہ سے ہوگی فرائض منصبی کی بجا آوری حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ دیگر پیشہ وارانہ فرائض کی بجا آوری بھی بڑے فائدے کی امید رکھیں۔ کاروباری اغراض کے تحت کیا جانے والا سفر حصول مقاصد کا باعث ہوگا۔ اس ہفتہ کے آخری ایام معاملات عشق و حسن پروان چڑھیں گے۔ جو کہ کامیاب ہوتے نظر آرہے ہیں۔

(یکم تا 8) اپنے مقصد کیلئے نہ صرف یہ کہ 2,4,6 تاریخیں موافق ہونگی بلکہ اس ہفتہ کے بعد سے کسی بھی وقت کا انتخاب کیا جا سکتا ہے آپ کو کسی نئی پیشکش کو قبول کرتے ہوئے صرف محتاط رہنا چاہئے۔ جب مشتری موافق نظرات کے تحت ہو۔ یہ ہفتہ قانونی اور آفیشل معاملات میں بھی مسائل لائیں گی۔ یہ ہفتہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات پر زبردست دباؤ لائے گا۔ اس ہفتہ میں بعض اوقات زائد کام اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا۔

(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران زہرہ قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 12 تا 16 دسمبر ظاہر ہونگے اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے وابستہ واقعات ان دنوں پوری ہونگی۔ انعامی اسکیموں میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے اس ماہ آپ کا لکی عدد 53 ہے۔ اپنی ذہن قوتوں کو زنگ نہ لگنے دیں۔ حالات آپ کے حق میں نہیں احتیاط ضروری ہے۔ یہ وقت کاروباری سرگرمیوں اور آمدنی میں اضافہ کرنے والی سرگرمیوں کے لئے موافق ہوگا۔

(17 تا 25) زہرہ جو کہ اس ہفتہ حضیض درجات سے گزر رہا ہے۔ جسکی وجہ سے یہ ہفتہ نحس ثابت ہو سکتا ہے خاص طور سے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی پر نحس اثرات مرتب ہونگے جبکہ غیر شادی شدہ افراد کا اپنے محبوب سے کسی بھی معمولی بات پر اختلاف ہو سکتا ہے۔ لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے سب سے بہتر بات یہ ہے کہ ان انعام میں بہت محتاط رہیں۔ کوئی خوشی کی تقریب منگنی یا نکاح رسم ادا کرنے کیلئے یہ ایام بہتر نہ ہیں۔ یہ ہفتہ مالی معاملات میں احتیاط کا متقاضی ہے۔ کاروبار میں نقصان کا اندیشہ ہے لہذا کسی بھی قسم کی جائیداد کا ان ایام میں خرید و فروخت نہ کریں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ زہرہ قران زحل کے سبب دیرینہ محبت قائم رکھنے کیلئے اقدامات کئے جا سکتے ہیں وہ خواتین و حضرات جو چاہتے ہوں کہ اُن کا محبوب کبھی جدا نہ ہو اُس کیلئے روحانی امداد حاصل کر کے اپنا مقصد حل کر سکتے ہیں علاوہ ازیں ایسی خواتین جو کہ اپنا حسن دیر تک قائم رکھنا چاہتی ہوں ان ایام میں احتیاطی تدابیر اور روحانی امداد کے ذریعے اپنے مقصد کو پا سکتی ہیں۔ غیر معمولی نوعیت کے اختلافات پیدا ہوں تو رائی کا پہاڑ بنانے سے پرہیز کریں۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

(یکم تا 8) اس ہفتہ قائم ہونے والی عطارد مریخ تسدیس بہتری کی جانب اشارہ دیتی ہے وہ معاملات جو کہ عرصہ دراز سے خراب چلے آرہے تھے بہتر ہوتے دکھائی دے رہے ہیں شریک حیات کا تعاون رہیگا۔ ڈپریشن اور ہائی بلڈ پریشر کے مریض احتیاط برتیں تو کسی حد تک ان امراض سے نجات پاسکتے ہیں دشمنوں پر غلبہ ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس ہفتہ کوئی سازش کرنے والا حاسد بے نقاب ہو جائے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔ تیز دھار آلات سے محتاط رہیں ذرا سی سستی یا کوتاہی نقصان دہ ثابت ہوسکتی۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات کی وجہ سے تمام حالات آپ کے حق میں ہیں محبوب کو پیغام بھجوانا ہو یا منگنی یا شادی کی رسم ادا کرنی ہو تو اس سے بہتر وقت آپ کیلئے نہیں۔ آپکو کوئی مالی، کاروباری یا گھریلو فیصلہ ضرور کرنا ہے تو اسی ہفتہ میں کر سکتے ہیں۔ کسی بھی بات پر بلاوجہ جھگڑا ہوسکتا ہے بات کو طول دینے سے گریز کریں۔ خاتون خانہ کچن میں کام کرتے ہوئے تیز دھار آلات اور آگ سے احتیاط کریں۔ بچوں کی صحت کی جانب خصوصی توجہ دیں۔

(17 تا 25) اس ماہ کے آخری ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ اپنی کھوئی ہوئی قوت دوبارہ حاصل کر رہا ہے ازدواجی معاملات یا لڑائی جھگڑے کی فضا اور ذہنی تناؤ سے نجات پاسکیں گے۔ بہتر ہے کہ اپنے الفاظوں کو نرم رکھیں کسی بھی قسم کی سختی سے گریز کریں۔ تلخ کلامی کی وجہ سے بات بگڑ سکتی ہے۔ آپ کی جانب سے کسی کو کوئی شکایت نہ۔ بلاوجہ اپنا بلڈ پریشر ہائی نہ کریں۔ وقت گزرنے کے ساتھ حالات آپ کے حق میں ہوتے جائینگے۔

(26 تا 31) مزاج میں رومانوی تاثرات غالب رہینگے۔ سفر کے دوران احتیاط کریں۔ دشمنوں پر غالب رہنے کے لئے کوئی اچھا طریقہ نہیں ہے۔ آپ احساس کمتری سے باہر آئیں۔ مسئلہ خود بخود حل ہو جائیگا۔ مجموعی طور پر یہ سال آپ کے لئے بہتر ہوگا۔ لیکن آپ کے پر برج زحل کی نحوست پڑتی رہیگی۔ اور جب زحل کا داخلہ آپ کے برج میں ہوگا اس نحوست میں اضافہ ہوسکتا ہے سیاہ اناج کا صدقہ ہفتے کے دن دیا جائے۔

سرطان

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

(یکم تا 8) کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی۔ طالب علم تعلیمی میدان میں ترقی کر سکیں گے۔ دور دراز سے مہمانوں کی آمد کا امکان رہے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہوسکیں گے۔ اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں تا کہ پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اہل خانہ سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ یہ ایام آپ کے لیے خوشخبری کا پیغام لاسکتا ہے۔ شیئرز، جائیداد، مشینری کی خرید و فروخت ان دنوں میں بہتر ثابت ہوگی۔

(9 تا 16) اپنی منزل مقصود کو حاصل کرنے کیلئے آپ کو سخت محنت درکار ہوگی۔ شر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں۔ ٹریفک کے امور احتیاط طلب ہونگے قانونی امور میں آپ کی مصروفیت بڑھنے کا امکان ہے کسی اہم فیصلے کا نتیجہ آپ کے حق میں نہ ہو سکے گا۔ ذہنی پریشانی میں اضافہ ہوگا اس ہفتہ کھیلوں میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔ طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو دور کر سکیں گے شراکت کے کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے۔ ایک دیرینہ خوشخبری ملنے والی ہے۔ وراثتی معاملات کو ان ایام میں حل کر سکتے ہیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ حالات بہتری کی جانب آرہے ہیں نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے اچھے ایام نہ ہیں۔ اس ہفتہ کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی اپنے اردگرد کے افراد سے رکھی گئی امید پوری ہونگی 17 اور 18 کو شادی خانہ آبادی کا امکان ہے اہم فیصلے کرنے میں بزرگوں کی مدد لینا بہتر رہے گا۔ کسی عزیز دوست سے ملاقات ہو سکے گی اور اندرون ملک چھوٹے سفر پیش آئیں گے۔ روپے پیسے کے معاملات توجہ طلب ہونگے سرمایہ کاری سودمند ثابت ہوگی۔

(26 تا 31) اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ عزیز و اقارب سے الجھنے سے گریز کریں اگر کوئی مسئلہ درپیش ہے تو اس سلسلہ میں بزرگوں سے مشورہ کرنا سودمند ثابت ہوگا۔ دوستوں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کیلئے معاون ثابت ہونگی۔ کسی اہم مہمان کی آمد متوقع ہے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہیگی۔ سرمایہ کاری اور شراکت سودمند رہے گی۔ ان ایام میں ذاتی ترقی کیلئے مثبت اقدامات کر سکیں گے، اہل خانہ کا مشورہ بھی سودمند ثابت ہوگا۔ مجموعی طور پر آپ کیلئے یہ ہفتہ بہتر اور سودمند ثابت ہوگا۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔ م۔ پتھر، ہیرا، لہسنیا۔ مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔ موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُھَیمِنُ 115 بار۔ یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) کسی ایسی پیش کش کے جل میں نہ آجائے گا جس میں کام تو بہت زیادہ ہو مگر وقار نہ ہو ایسی پیشکش کو دوسروں کی طرف لوٹا دیجیے اور خود کسی بڑے موقع کی تاک میں رہیے۔ کاروبار سے حسب منشا فائدہ اٹھانے کا ہفتہ ہے اگر آپ اپنے مفادات کا رخ تبدیل کریں تو نتائج پر نظر ضرور رکھیں۔ اگر حالات اسی طرح خوش گوار اور موافق رہے تو آپ خاصے حسد کا نشانہ بنیں گے صرف انہی دوستوں پر بھروسا کریں جن کا خلوص آسودہ ہے۔

(9 تا 16) علم و عقل کا حاکم سیارہ عطارد قران شمس کی نظر قائم کئے ہوئے ہے۔ یہ وقت آپ کیلئے بہتر ثابت ہوسکتا ہے خود غرض لوگوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں ایسے لوگ آپ کے قریب جمع ہونا شروع ہو جائیں گے۔ بہتر لائحہ عمل تیار کر کے آئندہ کی پریشانیوں کو سنبھال سکتے ہیں۔ عدالتی کاموں میں احتیاط کی ضرورت ہے بہتر ہے کہ نہایت احتیاط سے کام لیں اسی دوران مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ ریڑھ کی ہڈی اور کمر میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ کسی بہتر معالج سے فوری علاج کروائیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں شمس قران زحل کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات 19 تا 25 دسمبر قائم ہو رہے ہیں۔ ان ایام میں ایسا کوئی قدم نہ اٹھائیں کہ آپ کو بعد میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ ان ایام میں آپ کا سیارہ توازن میں نہیں لہذا سفر سے اجتناب کریں۔ اس دوران کسی بزرگ سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔ درج بالا نظر کسی نقصان کی جانب اشارہ کرتی ہے۔ جو کام آپ کے ہاتھ میں ہے اسے ختم کئے بغیر دوسرے منصوبوں پر غور نہ کریں اس طرح آپ حسب منشاء کامیابی حاصل کرسکیں گے۔

(26 تا 31) قنوطیت پسندی سے دور رہیں ہشاش بشاش رہیں اور افسردگی سے بچیں۔ حد سے زیادہ خود اعتمادی سے گزیر کریں یہ صورت دیگر آپ نقصان اٹھا سکتے ہیں، اگر آپ سنجیدہ نہیں ہیں تو بہت سے سنہرے مواقع گنوا رہے ہیں۔ کسی نئے منصوبے کا آغاز کرنے کی غلطی سے باز رہیں اپنے مستحکم کاروبار کو ختم کرنے سے پہلے مخلص دوستوں سے مشورہ کریں چھوٹے مسائل کو بھی اتنی ہی وقت دیں جتنا کہ بڑے مسائل کو دے رہے ہیں۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد
حروف۔ غ، پ۔ پتھر، زمرد، فیروزہ۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا عزیزُ 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) سیارگان کی سعد نظر آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگی آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تسدیس قائم کر رہا ہے یہ وہ مبارک وقت ہے جس میں آپ ایسے معاملات درست کر سکتے ہیں جو کہ عرصہ دراز سے بگڑے ہوئے تھے۔ ناراض دوستوں کو منانے کیلئے یہ وقت بہترین ہوسکتا ہے۔ کچھ لوگ آپ کے بارے بے بنیاد خبریں پھیلا رہے ہیں۔ لہجہ میں تھوڑی نرمی لائیں تو معاملہ درست ہوسکتا ہے۔ یاد رکھیں اپنی عزت بنانے میں بہت وقت درکار ہوتا ہے اور عزت گنوانے میں صرف ایک غلطی۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے اثرات کی وجہ سے آپ کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ پنچایتی فیصلے اور مقدمہ میں جیت ہوگی۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ آپ کے آس پاس ایسے دوسرے افراد بھی موجود ہیں جو آپ سے بازی لے جاسکتے ہیں۔

(17 تا 25) کچھ کام ایسے ہوتے ہیں جنہیں وقت پر کر لینے سے بہتری ہوتی ہے اس ماہ کے آغاز سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ حالت رجعت سے گزر رہا ہے 23 دسمبر کو یہ سیارہ اپنی اصل قوت اور مستقیم حالت میں آرہا ہے لہذا یہ بہترین وقت ہوگا کہ آئندہ کیلئے لائحہ عمل تیار کریں اولاد پر خصوصی توجہ دیں۔ سیر و تفریح کا پروگرام بن سکتا ہے۔ یاد رکھیں آپکی ذرا سی کوتاہی یا لاپرواہی مرض میں اضافہ کرسکتی ہے۔ کاروباری معاملات پر غور کریں۔ کسی تقریب میں جانے کا اتفاق ہوگا۔ والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(26 تا 31) کاروبار میں منافع بدستور قائم رہے گا، گھریلو، خاندانی اور جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ گذشتہ کئے گئے معاہدے پر عمل درآمد کرسکیں گے۔ اچانک کاروباری سفر پیش آسکتا ہے کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوسکے گی اپنے درخشاں مستقبل کیلئے کوئی اقدام کرسکیں گے آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی کوئی کاروباری پریشانی آسکتی ہے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا ماحول میں مزید خوشگواری رہے گی اپنی نجی مسائل کو حل کرسکیں گے۔ پنچایت یا کسی روحانی محفل میں جانے کا موقع ملے گا۔ نئے نئے دوست بن سکیں گے لیکن اس دوران اپنے کاروبار پر توجہ لازمی دیں۔

میزان

برج میزان 24 ستمبر تا 23 اکتوبر، سیارہ زہرہ
حروف۔ ر، ت، ط۔ پتھر، اوپل، سفید پکھراج۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، تانبہ، پیتل
لکی عدد 6 یا عَلیمُ 100 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخ 31,17
لکی نمبرز 12,72,23,11

عقرب

برج عقرب 24 اکتوبر تا 22 نومبر، سیارہ مریخ
حروف۔ ن، ی۔ پتھر، عقیق زبرجد۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ لوہا، تانبہ۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا فتاح 70 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخ 25,12,4
لکی نمبرز 97,87,64,28

(یکم تا 8) آدھی چھوڑ کر ساری کی طرف نہ جائیں ورنہ واپسی پر یہ بھی نہیں ملے گی۔ گپ بازیوں اور افواہوں سے دور ہیں، باوقار کامیابی کیلئے کوشاں رہیں کہ جو آپ کے جوہر نکھار سکے مصروف رہیں اور اپنے عزائم پر ثابت قدمی سے جمے رہیں۔ تخلیقی کاموں کیلئے اپنے ذہانت کو بروئے کار لائیں۔ الیکٹرانک کی اشیاء کی مرمت کروا سکتے ہیں۔ آگ سے کوئی حادثہ لاحق ہوسکتا ہے۔ جتنا ہو سکے محتاط ڈرائیونگ کریں نقصان کا اندیشہ ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں آپ مسائل کا حل نکال سکتے ہیں۔ کوئی دیرینہ آرزو پوری ہوسکتی ہے۔ کاروبار وسعت اختیار کر جائیگا دوستوں سے وفا کی اُمید رکھی جاسکتی ہے۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔ بلاوجہ کسی بھی بات پر دوست سے ناراضگی پیدا ہوسکتی لیکن زہرہ عطارد قران قائم ہونے کی وجہ سے جلد ہی صلح بھی ہو جائیگی۔ عزیز واقارب جو کہ اب تک ناراض تھے ان کو منانے کا اچھا وقت ہے موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ کسی تقریب میں جانے کا موقع ملے تو ضرور جائیں۔

(17 تا 25) سیارہ زہرہ کا قیام ان دنوں خانہ حضیض میں ہے یہ ایام آپ کیلئے بہتر نہ ہے۔ آپ کو ان دنوں بہت احتیاط کرنا ہوگی۔ محبوبہ یا شریک حیات سے بہتر تعلقات استوار رکھنے کیلئے خاموشی سے یہ وقت گزاریں۔ وہ میزانی افراد جو کہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونا چاہتے ہیں۔ اس ہفتہ منگنی یا نکاح کی کوئی تقریب نہ کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا شادی شدہ افراد لڑائی جھگڑا سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں گھریلو معاملات بہتر نہ رہینگے۔ خاموش رہ کر جتنا وقت گزارا جائے بہتر ہے۔

(26 تا 31) یہ ہفتہ بزرگ خواتین سے دعا کروانے کیلئے بہتر ہے ایسے لوگ جن کی والدہ حیات ہیں خصوصی طور سے اپنی والدہ سے اپنے حق میں دعا کروائیں انشاءاللہ انکی دعا کی برکت سے مسئلہ حل ہو جائیگا ویسے بھی والدہ کے اُٹھے ہوئے ہاتھ اپنی اولاد کے حق میں دعا کرنا تقدیر کو بدل دیتے ہیں۔ وہ افراد جن کے والدین حیات نہ ہوں کسی بھی روحانی بزرگ سے اپنے حق میں دعا کرواسکتے ہیں یہ ہفتہ آپ کیلئے برکتوں سے بھرپور ثابت ہوسکتا ہے۔

(یکم تا 8) ایک مرض جو کہ عرصہ دراز سے آپ کیلئے پریشانیوں کا باعث بنا ہوا تھا اگر اس ہفتہ اُس مرض سے نجات کیلئے باقاعدہ طور پر علاج شروع کیا جائے تو بہت جلد آپ صحت یاب ہو سکتے ہیں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ عزیز واقارب کی جانب سے خوشخبری ملنے کا امکان ہے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ صاحب اولاد افراد بچوں کی جانب خصوصی توجہ دیں خاص طور سے اُن کے تعلیم و تربیت کے معاملات باریک بینی سے دیکھیں۔ اخراجات پر کنٹرول کرتے ہوئے سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں سیر و تفریحی کی غرض سے کسی ذہنی سکون والی جگہ کا انتخاب کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کوئی نیا کام کریں اور اس سے لطف اندوز ہوں۔ اگرچہ آپ کو خاصی مخالفت کا سامنا کرنا پڑیگا لیکن اسکے باوجود آپ شفقت آمیز برتاؤ کی وجہ سے اپنی منزل پر پہنچ جائینگے اس مخالفت کو پریشانی کی وجہ نہ بنائیں سفر اس ہفتہ کیلئے سودمند ہے۔ جی چاہے تو سفر اختیار کر سکتے ہیں۔ جوش اور ولولے سے معمور ہفتہ ہے لیکن پھر بھی دوسروں کو متاثر کرنے کیلئے فضول خرچی سے باز رہیں۔ ہمیشہ اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائیں۔

(17 تا 25) آپ میں موجودہ مسائل سے نمٹنے کی صلاحیت موجود ہے اس ہفتے کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی کوشش کریں اور اپنی کوششوں کے بہتر نتائج کا انتظار کریں۔ اپنی کوششوں کا ثمر حاصل کرنے کے لئے بہترین وقت ہے۔ لیکن حد سے زیادہ مطالبہ ٹھیک نہیں ہوگا، آپ کے آس پاس ایسے دوسرے افراد بھی موجود ہیں جو آپ سے بازی لے جاسکتے ہیں۔ ہفتے کے اختتام کو دلچسپی سے گزاریں، مطالعہ جاری رکھیں کہ آپ کے علم میں اضافہ ہوگا۔

(26 تا 31) رواں ہفتہ اضافہ ہر لحہ متوقع ہے۔ حالات کو بہتر بنانے کیلئے موزوں ترین وقت ہے اپنی ساکھ قائم رکھنے کے لئے اپنی قوت پر بھروسہ کیجئے اور دوسروں کا احترام حاصل کیجئے۔ نوجوان افراد سے رابطے کے لیے موقع کی تلاش میں رہیے اس میں آپ سے چھوٹے اہم اور زیادہ عمر والے بھی شامل ہیں۔ وہ جیسے ہیں انہیں ویسے ہی کہیں۔ اپنے مسائل کا خود تجزیہ کریں۔ ہر دیکھی سنی پر اعتبار نہ کریں۔ مستقبل بعید بھی گہری توجہ کا متقاضی ہے۔

طاہر بک ڈپو، نزد نخلستان ہوٹل دیپال پور 0300-4854922 ادارہ روحانیات

برج قوس 23 نومبر تا 21 دسمبر، سیارہ مشتری
حروف۔ف۔پتھر، زرد عقیق۔مبارک دن، جمعرات
مبارک رنگ، سبز۔موافق دھات، ٹین، سونا، چاندی
لکی عدد 3۔اسم اعظم، یاسلام 111 بار
سعد تاریخیں 31,22,18,13,8,3
نحس تاریخ 26,20,6,1
لکی نمبرز 91,61,43,49,86

قوس

(یکم تا 8) اگر اس ماہ آپ نے احتیاط نہ کی تو ذرا سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے۔ان دنوں آپ کی طبیعت میں انتہائی نرمی آسکتی ہے قابل اعتبار دوستوں سے اہم معاملات میں اس ماہ مشورہ کیا جا سکتا ہے۔ایک بیماری آپ کی جان چھوڑے دے گی۔ بشرطیکہ آپ بھی اس وہم کو اپنے دل سے نکال دیں۔آمدنی بڑھانے کے مواقع ملیں گے نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے یہ ماہ نیک ثابت ہوگا۔حالات بہتری کی طرف گامزن ہیں۔

(9 تا 16) چھوٹے مسائل پر توجہ دینے کا وقت ہے اس کے ساتھ ساتھ نئے منصوبوں کے آغاز کیلئے مناسب ہفتہ ہے۔ان منصوبوں میں دوسروں کی شرکت بھی مفید ہے۔نئے منصوبوں پر غور وفکر کیلئے موزوں ہفتہ ہے اس کے برعکس پرانے منصوبوں کو مناسب طور پر سنبھالا جا سکتا ہے اگر دوسرے لوگ تعاون کریں تو قانونی معاملات اور کاروباری معاہدہ کی جانچ پڑتال کی جا سکتی ہے۔ملازمین پر ایک حد تک بھروسہ کریں کاروبار کو مزید بڑھانے کیلئے آپکو ان کی ضرورت ہے۔اہل خانہ کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں۔والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں جتنا ممکن ہو اُتنا خرچہ کریں۔

(17 تا 25) پرانے منصوبوں پر نئے سرے سے کام کرنے کیلئے انتہائی موزوں وقت ہے۔آپ میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ بڑے سے بڑے منصوبے کو بہتر طور پر مکمل کر سکیں لیکن اس کیلئے بھرپور توجہ اور دلچسپی کی ضرورت ہے۔اپنی مخفی خواہشات کے متعلق کسی کو اپنا رازدار نہ بنائیے بے شک اپنی سوجھ بوجھ اور نظریات پر بھروسا کیجیے لیکن ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانا ہوگا۔آنے والے وقت کیلئے نئی منصوبہ بندی کر کے اُس پر عمل درآمد شروع کر دیں۔

(26 تا 31) آپ جوش وخروش کو حد سے نہ بڑھنے دیں۔آپ کی ذات خاصی اہم ہے اور دوسروں کو اس کی ضرورت ہے لہذا پورے بھروسے کے ساتھ اور محنت سے کام کریں۔جو مواقع آپ کو میسر آئے ہیں ان سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے لیکن جو کام آپ کے ہاتھ میں ہے اس سے غفلت نہ برتئے بزرگوں کے مشوروں کو نظر انداز نہ کریں۔آپ کی کام کرنے کی قوت اور جدت طبع میں ہم آہنگی کامیابی کے حصول کو سہل بنا سکتی ہے اہل خانہ کا خیال رکھیں۔

برج جدی 22 دسمبر تا 20 جنوری، سیارہ زحل
حروف۔ض، ظ، ج، خ۔پتھر، عقیق، سیاہ نیلم۔مبارک دن، ہفتہ
مبارک رنگ، خاکی، نیلا سیاہ۔موافق دھات، سونا پلاٹینیم
لکی عدد 8۔اسم اعظم، یا خالق 21 بار
سعد تاریخیں 30,25,17,13,2
نحس تاریخ 31,28,21,15,7,3
لکی نمبرز 91,46,95,78

جدی

(یکم تا 8) ان ایام میں اپنے سماجی تعلقات اور سماجی سوجھ بوجھ سے حسب منشاء فائدہ اٹھائیں اور اس وقت محنت سے زیادہ شہرت آپ کے کام آئیگی۔ان لوگوں کی مکارانہ چالوں اور عیاری سے بچ کر رہیں جو آپ کی محنت کا پھل کھانے کی فکر میں ہیں۔اپنی صوابدید پر بھروسہ کریں اور دوسروں کے مشورے یا تجاویز پر عمل نہ کریں آپ کو جلد ہی بڑے اہم مواقع میسر آنے والے ہیں۔پُرسکون زندگی گزاریں اور دوسروں کو بھی گزارنے دیں۔بزرگوں کی نصیحت پر عمل کریں اور اُن سے خصوصی دعا کا اہتمام کروائیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اپنے عزائم کی راہ میں کسی رکاوٹ کو نہ آنے دیں تحفظ ذات اور ذہنی سکون آج کا سب سے بڑا انعام ہوں گے۔ماضی کا جائزہ لینے کا ہفتہ اپنی گزشتہ کامیابیوں اور ناکامیوں کا جائزہ لیجیے اور حال کے منصوبوں کو بہتر طور پر پایہ تکمیل تک پہنچانے کا لائحہ عمل تیار کریں۔

(17 تا 25) ان ایام میں زحل قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 19 تا 25 دسمبر ظاہر ہونگے۔یہ نحس ترین وقت ہے کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ کر لیں مالی نقصان کو اندیشہ ہے ان ایام میں چوری بھی ہو سکتی ہے۔گھر سے باہر جانے سے قبل اپنی قیمتی اشیاء کو سنبھال کر رکھیں۔ذہن اور صاحب علم لوگ اس خاص نظر سے فائدہ اُٹھا سکیں گے عزت مال و دولت اور شہرت میں اضافہ ممکن ہے۔یہ ہفتہ مبارک ثابت ہوگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ بہت نیک نظر قائم ہو رہی ہے ان سیارگان کی اس قران کی وجہ سے آپ کی زندگی میں بڑی تبدیلیاں آسکتی ہیں آئندہ آنے والے ایام آپ کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں وہ افراد جو کہ من پسند شادی کے خواہشمند ہوں ان کی خواہش کسی حد تک تکمیل پا سکتی ہے اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے یہ ہفتہ خوشی کا باعث ہوگا۔کسی پریشانی کے ختم ہونے کا بھی امکان ہے۔کاروبار کو بڑھانے کے مواقع ملیں گے نوکری پیشہ افراد کی ترقی ہونے کے امکانات واضح ہیں۔اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے ممکن ہے کہ سیر و تفریح کا پروگرام بن جائے۔تقریبات میں جانے کا اتفاق ہوگا۔عزیز واقرباب سے تعلقات بڑھانے کا یہی مناسب وقت ہے۔

دلو

برج دلو 21 جنوری تا 19 فروری، سیارہ یورانس
حروف۔ س، ش، ص، ث۔ پتھر، عقیق، سیاہ نیلم۔ مبارک دن، ہفتہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پلاٹینیم
لکی عدد 4۔ اسم اعظم، یا باریٔ 213 بار
سعد تاریخیں 30,25,17,13,2
نحس تاریخ 31,28,21,15,7,3
لکی نمبرز 41,53,46,92,07

(یکم تا 8) پریشانیوں اور مصیبتیں دن بدن آپ کے نزدیک آتی جارہی ہیں دیگر آپ کے برج کا حاکم سیارہ نحس درجات سے گزر رہا ہے۔ پریشانی میں صبر واستقامت سے کام لیں۔ شدید سر درد یا ٹانگوں میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے کوئی بیماری حملہ آور ہو سکتی ہے۔ ایک قریبی بزرگ اس وقت بیماری کی حالت میں ہے اور آپ کا منتظر ہے چاہیے کہ آپ اس سے ملاقات کیلئے آپ لازمی جائیں۔ عطارد زحل کا قران اپنے اثرات یکم تا 07 دسمبر دکھائے گا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ اسے ذرائع اپنائیں جو آپ کو مالی حیثیت کو مزید مضبوط کریں۔ اس ہفتے کسی قسم کا کاروباری لین دین نہ کریں کوئی دوسرا شخص آپ کے منصوبے کو اپنے مفاد کی خاطر استعمال کرنے کی فکر میں ہے۔ بہت جلد آپ کو مختلف نوعیت کے حیران کن نتائج سے واسطہ پڑے گا۔ انہیں اپنی طبیعت پر برے اثرات نہ ڈالنے دیں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ کسی بھی ایسے نئے منصوبے سے خوف نہ کھائیں جو آپ کی صلاحیتوں سے مطابقت رکھتا ہو۔

(17 تا 25) ان ایام میں زحل قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 19 تا 25 دسمبر ظاہر ہونگے۔ شراکت داری سے فائدہ ہوگا۔ مالی معاملات خود اپنے ہاتھ میں رکھیں۔ رقم کا حساب کتاب اچھی طرح جانچ پڑتال کریں۔ لاپرواہی مالی نقصان دے سکتی ہے۔ اس ہفتہ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔ ملازمین پر کڑی نگاہ رکھیں نقصان سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ گھر اور دفتر سے نکلتے وقت تالا اچھی طرح چیک کر لیں۔

(26 تا 31) صحت مند اور لمبی عمر پانے کیلئے اس ہفتہ بہتر اقدامات کر سکتے ہیں کوشش کریں کہ اپنا مکمل میڈیکل چیک اپ کروائیں امراض سے نجات کیلئے تجویز کردہ نسخہ جات اس ہفتہ بہت تیزی سے اثر انداز ہو سکیں گے بہترین معالج کی تلاش ہے تو کوشش کریں کہ آپ کے معالج کے نام کا سر حرف س، ش، ص، ث یا ج، خ سے ہو انشاء اللہ جتنے بھی امراض ہیں آپ اُن سے بہت جلد نجات پا سکیں گے۔ کسی نہ کسی شغل سے جی بہلائیں۔ مگر گھر سے باہر نہ نکلیں۔ اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ بزرگوں سے اپنے حق میں خصوصی دعا کروائیں۔

حوت

برج حوت 20 فروری تا 20 مارچ، سیارہ نیپچون
حروف۔ د، چ۔ پتھر، زرد عقیق۔ مبارک دن، جمعرات
مبارک رنگ، نیلا یا سبز۔ موافق دھات، ایلومینیم
لکی عدد 3۔ اسم اعظم، یا غفار 313 بار
سعد تاریخیں 31,22,18,13,8,3
نحس تاریخ 26,20,06

(یکم تا 8) نئے کاروباری لوگوں سے رابطے کیلئے موزوں ترین وقت ہے۔ دوسرے اگر آپ سے حسد کرتے ہیں تو اس سے آپ پریشان نہ ہوں کیونکہ بہتان طرازی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔ محض افواہوں اور گپ بازیوں پر بھروسہ نہ کریں پہلے اپنے سامنے موجودہ لوگوں کے متعلق حقائق معلوم کریں پھر انکے متعلق کوئی حتمی رائے قائم کریں بصورت دیگر نقصان کا اندیشہ ہے۔ کامیاب ہونا چاہتے ہیں تو قریبی لوگوں سے تعاون کریں

(9 تا 16) اپنے چند ایک دوستوں سے رابطہ قائم رکھیئے اور ان سے مل کر وقت سے لطف اٹھایئے دوسروں کو آپ کی محبت اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے محبت تنہا لوگوں کی دوست ہے ان کے کام آتی ہے۔ کچھ ہفتوں کے لئے اپنی حکمت عملی تبدیل کر دیں اگر آج افراد کو نظر انداز کر دیں تو آپ کی مخالفت کم ہو جائے گی ایک فیصلہ متوقع ہے لہذا تدبیر سے کام لیں ہر پہلو پر تنقیدی نظر ڈالیں اور اچھے نقطہ نظر پر بھرسہ کریں۔ اپنی کوششوں کو تیز تر کر دیجئے۔

(17 تا 25) اس ہفتے کوئی سفر کرنا چاہتے ہیں تو بے حد احتیاط کی ضرورت ہے اگر آپ نے جلد بازی سے کام لیا تو غیر متوقع نقصان کا اندیشہ موجود ہے۔ جو ہستی آپ کے قریب ہے اس کی شفقت اور محبت کو قبول کیجیے اگر کام آسان ہے تو بھی سخت محنت کیجئے اس سے آپ کو بہت فائدہ ہوگا۔ اپنے حالات کی بہتری کے لئے نیا موڑ اختیار کیجیے اپنی ذاتی ضروریات کا جائزہ لیجیے اور اپنے آپ کے ساتھ نہایت خلوص اور ہمدردی کا برتاؤ کیجیے۔

(26 تا 31) یہ خاصا آزمائشی ہفتہ ہے اپنی حکمت عملی سے کام لیتے ہوئے ہر قسم کے جھگڑوں سے گریز کریں الجھنیں دوسروں سے کے لئے چھوڑ دیں۔ دوسروں کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنے سے زندگی اور بھی تابناک ہو جاتی ہے۔ اگر آپ دوسروں کی مدد نہیں کر سکتے تو دوسروں کے معاملات میں مداخلت بھی نہ کریں۔ زندگی کا بھرپور لطف اٹھایئے مگر ضروریات زندگی سے چشم پوشی نہ کریں۔ سیر و تفریحی کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کسی تقریب میں جانے کا موقع ملے تو ضرور جائیں یاد رکھیں یہی درست وقت ہے روٹھے ہوئے عزیز و اقارب اور دوستوں کا منانے کا۔

حکومتی پرائز بانڈ، قرعہ اندازی کامیاب نتائج

قارئین تحفہ روحانیات! ماہ رواں میں دو قرعہ اندازیاں ہونگی جو کہ بالترتیب یکم دسمبر 2017ء مالیتی بانڈ 40,000 روپے فیصل آباد میں ہوگی اسی طرح دوسری قرعہ اندازی 15 دسمبر 2017ء مالیتی بانڈ 200 لاہور میں انشاءاللہ ہونگی۔ اس سے قبل گذشتہ ماہ یکم نومبر 2017ء مالیتی بانڈ 75,00 روپے کوئٹہ میں پہلی قرعہ اندازی ہوئی۔ جس میں پہلا انعامی بروکن 635053 اور دوئم درجہ کے بالترتیب انعامی بروکن 645869، 765349، 803833 اور دوسری قرعہ اندازی اسی روز مالیتی بانڈ 25,000 روپے کراچی میں ہوئی جس میں پہلا انعامی بروکن 030166 اور دوئم درجہ کے بالترتیب انعامی بروکن 093312، 448540، 948110 آئے تیسری قرعہ اندازی 15 نومبر 2017ء مالیتی بانڈ 1500 پشاور میں ہوئی۔ جس میں پہلا انعامی بروکن 180231 اور دوئم درجہ کے بالترتیب انعامی بروکن 287457، 755034، 974057 اور دوسری قرعہ اندازی اسی روز مالیتی بانڈ 100 روپے حیدر آباد میں ہوئی جس میں پہلا انعامی بروکن 844250 اور دوئم درجہ کے بالترتیب انعامی بروکن 227550، 261619، 473154 آئے۔

حکومتی پرائز بانڈ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کئے گئے ہیں۔ ان پرائز بانڈ نمبرات اول، دوئم، سوئم آنے پر انعامی رقم دی جاتی ہے۔ آپ اس سیریل سے شروع ہونے والے حکومتی پرائز بانڈ خریدیں اس بارے میں راہنمائی کے طور پر رسالہ تحفہ روحانیات میں چند مخصوص صفحات ہمیشہ کی طرح شائع کئے جاتے ہیں۔ بیشتر شائقین لکی نمبر کے **مبارکباد کے خطوط اور پیغامات بذریعہ ایس ایم ایس فون کالز** کے ذریعے ڈرا کے رزلٹ کے روز سے ہی ملنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کیلئے ادارہ اپنے تمام قارئین کرام کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

محترم شائقین لکی نمبر رسالہ ہذا میں تمام کلیہ جات اور نمبراتی ڈیبیاں بہت تحقیق کے بعد شائع کی جاتی ہیں۔ جن کو ماہر لکی نمبر عرصہ دراز سے تحقیق کے بعد حتمی اور کامیاب نتائج پر کھنے کے بعد اپنی تحقیق ادارہ کو ارسال کرتے ہیں یہ تمام تحقیق مخلصانہ اور ہمدردانہ طور پر ارسال کی جاتی ہے۔ میری دعا ہے کہ تمام عالم اسلام کے بعد مسلمانوں کو پروردگار اپنے حبیب پاکؐ اور ان کی آل کے صدقے میں اپنے حفظ امان میں رکھے۔ دامن مراد خوشیوں سے بھر دے۔ (آمین ثمہ آمین)۔

نومبر 2017 تحفہ روحانیات کے صفحہ نمبر 41 پر شائع کردہ **نومبر کے لکی نمبر کے** عنوان میں سے 15 نومبر کی ڈبی سے 8 کا فیگر بطور کلوز ظاہر ہوا۔

نومبر 2017 تحفہ روحانیات کے صفحہ نمبر 42 پر شائع کردہ نمبرات میں سے **محترم ایم عادل** (ترنبیلا ڈیم) جو کہ عرصہ دراز سے شائقین لکی نمبر کیلئے اپنے ذاتی ریسرچ شدہ نمبرات عوام کی خدمت کیلئے شائع کروا رہے ہیں۔ انکی جانب سے شائع کردہ یکم نومبر کی ڈبی سے 6 کا فیگر صفحہ میں جبکہ 15 نومبر کی ڈبی سے 180 کا پورا پیکٹ درجہ اول میں ظاہر ہوا۔ اسی صفحہ پر موجود دوسری ڈبی **عمران انصاری** (لاہور) کی جانب سے شائع کردہ یکم نومبر کی ڈبی سے 3 کا فیگر کلوز میں جبکہ 15 نومبر کی ڈبی سے 180 کا مکمل پیکٹ ظاہر ہوا۔

صفحہ نمبر 43 پر **محترم وارث علی نقوی** (گجرات) کی جانب سے جو مختصر نمبرات شائع کئے گئے تھے ان میں 09 کا آکڑہ درجہ دوئم میں ظاہر ہوا۔ اسی صفحہ پر موجود دوسری ڈبی **محترم میاں جاوید اقبال** (نارووال) کی طرف سے جو نمبرات شائع کئے گئے ان میں سے یکم نومبر کیلئے شائع کردہ مختصر ترین آکڑوں میں 63 کا آکڑہ درجہ اول میں جبکہ 15 نومبر کی ڈبی سے 180 کا پیکٹ درجہ اول میں ظاہر ہوا۔

رسالہ تحفہ روحانیات کی اس کامیابی پر شائقین لکی نمبر نے ادارہ کا بے حد شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے انعامی نمبرات کو استعمال کر کے انعام حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ پاکستان بھر سے جن شائقین لکی نمبر نے اس تحقیق کے ذریعے انعام حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے بذریعہ ایس ایم ایس اور فون کالز کر کے رسالہ کی مکمل ٹیم خصوصاً جناب ایم عادل، جناب محترم وارث علی نقوی اور میاں جاوید اقبال صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ انشاءاللہ آئندہ بھی قارئین کی خدمت میں ماہرین لکی نمبر کا تحقیقاتی نچوڑ قارئین تحفہ روحانیت کی خدمت میں شائع کیا جاتا رہیگا۔ فائنل ٹارگٹ حاصل کرنے کیلئے رسالہ ہذا کے صفحہ نمبر 48 پر شائع کردہ کوپن برائے لکی نمبر مکمل شرائط کے ساتھ ادارہ کو روانہ کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مکمل رہنمائی کی جائیگی۔

دعا گو! صبر عابد حمیں شاہ

1 نمبر 438	2 نمبر 421	21 نمبر 704	26 نمبر 437
3 نمبر 345	4 نمبر 370	22 نمبر 132	27 نمبر 186
5 نمبر 230	6 نمبر 124	23 نمبر 593	28 نمبر 487
7 نمبر 197	8 نمبر 791	24 نمبر 013	29 نمبر 127
9 نمبر 870	10 نمبر 036	25 نمبر 952	30 نمبر 019
11 نمبر 709	12 نمبر 547		
13 نمبر 961	14 نمبر 512		
15 نمبر 224	16 نمبر 231		
17 نمبر 673	18 نمبر 751		
19 نمبر 578	20 نمبر 841		

روزانہ کے لکی نمبرز علم نجم سے زائچہ کے بعد استخراج کیے جاتے ہیں۔ان نمبرز کی بقایا اور گھر بھی لے سکتے ہیں زندگی کے کئی امور میں ان کا استعمال کر سکتے ہیں۔قارئین پرچی اور جواء کے استعمال میں ان نمبروں سے گریز کریں۔

لوح حصول انعام

عزت، مال، دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی، 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔(اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔)

ہدیہ لوح 4200 روپے

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192

دسمبر کے لکی نمبرز

تحقیق:۔ایم عادل (تربیلا ڈیم)

بانڈ مالیت:۔ 40000

تاریخ:۔01-12-2017

فسٹ یا سیکنڈ

68 54

99 14

86 41



فیصل آباد کی ڈرا
146,415
514,145
861,996
541,992

بانڈ مالیت:۔ 200

تاریخ:۔15-12-2017

فسٹ یا سیکنڈ

33 58

25 81

36 90



لاہور کی ڈرا
333,335
254,365
589,814
586,904

تحقیق:۔عمران انصاری (لاہو)

01-12-2017

2	5
3107	5197
0	7
0124	7248

15-12-2017

6	3
6124	3178
8	7
8214	7145

رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع کردہ مضامین کے جملہ حقوق محفوظ ہیں مکتبہ روحانیات کی جانب سے شائع کردہ اس رسالہ کے کسی بھی صفحہ کی فوٹو کاپی کروا کر فروخت کرنا قانوناً جرم ہے خلاف ورزی کرنے والے پر قانونی کاروائی کی جائیگی۔(ادارہ)

وارث علی نقوی (گجرات)



میاں جاوید اقبال (نارووال)

یکم دسمبر کی ڈرا

F/S=16=26=45=54

128 168
240 267
420 452
581 542



F/S=12=24=42=58

15 دسمبر کی ڈرا

F/S=12=21=52=62

150 126
264 216
582 522
639 624



F/S=15=26=58=63

سُپر فائنل ٹارگٹ حاصل کرنے کیلئے 03336158193 پر رابطہ کریں — ادارہ روحانیات

یکم دسمبر 2017ء | بانڈ مالیت 40000 | شہر فیصل آباد | ڈرا نمبر 72 | تحقیق مرزا محمد الیاس (سلانوالی)

بروز جمعہ | بوقت 09:15 | برج ثور 17 | ساعت قمر 3.4 | عدد کا پیمانہ 64 | حاکم زہرہ

فسٹ اینڈ سیکنڈ

OPEN 1-4-5-8-9 OFF 0-2-3-6-7



13	43	54	93
14	47	84	94
17	53	87	97

15 دسمبر 2017ء | بروز جمعہ | بانڈ مالیت 200 | شہر لاہور | ڈرا نمبر 72

بوقت 09:15 | برج عقرب | ساعت قمر 34 | عدد کا پیمانہ 24 | حاکم سیارہ زہرہ 2/7

فسٹ اینڈ سیکنڈ

OPEN 1-4-5-6-8 OFF 0-2-3-7-9



14	47	57	83
14	53	64	84
44	54	67	87

قارئین کے نام

محترم حضور محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب بانی رسالہ تحفہ روحانیات، مکتبہ روحانیات ہیں جو ادارہ روحانیات کو بڑے منظم طریقہ سے چلا نا اور باقاعدگی سے رسالہ تحفہ روحانیات کو بہت خوبصورتی سے ترتیب دینا اور دن بھر لوگوں سے ملاقات کی مصروفیت، ٹیلی فون کی گھنٹی مسلسل بجتے رہنا اور ہر سائل کو خوش اسلوبی سے جواب دینا یہ ان کی فراخ دلی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض اوقات جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے مضامین رسالہ ہذا میں شائع نہیں ہوتے لیکن **جنات کی روحانی واردات** پر جامع مضمون ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے۔ سب سے بڑھ کر نجوم سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کیلئے **''گھروں میں موجود سیاروں کے اثرات** '' کا جو سلسلہ محترم شاہ صاحب نے شروع کیا ہے اُس کی جتنی تعریف کروں کم ہے۔ ان مضامین کو تیار کرنے میں کم از کم ایک ہفتہ تو لگ جاتا ہو گا۔ تحفہ روحانیات میں تنقیدی مضمون بھی پڑھنے کو ملتے ہیں۔ جبکہ **حیدر علی حیدری** (کوئٹہ) **عرفان ہاشمی** (ایبٹ آباد) گل محمد' ککے زئی (پشاور) قابل احترام دوست ہیں بہت اچھا اور باقاعدگی سے لکھ رہے ہیں۔ ان لوگوں سے لاکھ درجہ اچھے ہیں جن کے پاس مجرب عملیات' نجوم وجفر تو ہیں لیکن نہیں لکھ رہے اور خاندانی بخل پر قائم و دائم ہیں۔ حیدر علی حیدری صاحب نے فرمایا کہ اس احقر العباد کے مضامین بہت طول پکڑ جاتے ہیں دراصل دوران تحریر میں لفظوں کے سمندر میں اتنا ڈوب جاتا ہوں کہ خود کو اندازہ نہیں ہوتا آپ میری اس تحریر کو لے لیں جو اس وقت آپ کے ہاتھوں کی زینت بنی ہوئی ہے۔ مختصر لکھنے کی کوشش میں پھر بھی اتنی زیادہ لائنیں لکھ گیا ہوں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے ایک گزارش) ماسٹر شوکت علی بروہی صاحب (مرحوم) رشید منجم (اسلام آباد) علی اکبر (کوئٹہ) ان تمام مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے ہر ماہ لازمی فاتحہ دے دیا کریں کیونکہ یہ وہ حضرات تھے جنہوں نے تحفہ روحانیات کے قارئین کیلئے بہت نایاب نجوم بارے بتایا اور روحانیات کے نایاب موتی قارئین کو دیئے۔ منجانب سید سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

کمال کر دکھایا

میری دوست المعروف سائرہ ایک شادی شدہ خاتون ہے۔ جو اپنے خاوند کو اپنا مطیع رکھنا چاہتی ہے۔ گھریلو اور برادری ماحول میں اپنا رعب اور دبدبہ چاہتی ہے۔ ساس نندوں کے علاوہ دیگر رشتہ داروں کی زبان بندی چاہتی ہے۔ اس بارے میں کئی لوگوں سے تعویزات اور عملیات کروائے لیکن سب بے سود جب انکے مقصد کے مطابق ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے خاص اوقات میں نگینہ استعمال کروایا اور ساتھ ہی خاص لوح عطا فرمائی الحمدللہ! تجربات سائرہ کے مطابق ان کے اثرات فوری ظاہر ہوئے اور باقی تجربات جاری ہیں۔ ان شاء اللہ وہ بھی 100 فیصد درست ثابت ہونگے۔ آر ایس صاحبہ (لاہور)

مضمون اچھا لگا

تحفہ روحانیات کے محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ جن کی معرفت ہمیں اتنے اچھے اور جامع مضمون پڑھنے کو ملتے ہیں۔ میں تمام قارئین تحفہ روحانیات کی جانب سے محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور غلام اکبر زنگیجو (کراچی) محسن ملک (کراچی) ریاض احمد (ہانگ کانگ) چوہدری فیصل محمود (لندن) سے گزارش کرونگا کہ وہ نجوم سے متعلق اسی طرح کے مختلف پہلوؤں پر مزید لکھیں تاکہ ہمیں بھی نجوم بارے معلومات مل سکے۔

منجانب:۔ مشتاق احمد (لاہور)

فراڈ ہو گیا

س: محترم شاہ صاحب! میں انتہائی ذہنی اذیت میں مبتلا ہوں سب کچھ لُٹ گیا اب سے تین سال قبل اپنی بیٹی کی ضد پر اُسکی منگنی کی۔ دونوں کا رابطہ انٹر نیٹ پر ہوا دیکھنے میں بہت معصوم لوگ لگے لیکن شروع تا آخر میرے شوہر اس رشتہ سے غیر مطمئن رہے۔ ان لوگوں نے ہمیں بہت سے سبز باغ دکھائے ہمارا اچھا بڑا کاروبار تھا اس لڑکے کے والد نے کہا کہ میں آپ کے کاروبار میں اپنا حصہ ملانا چاہتا ہوں میرے شوہر ہرگز نہ مان رہے تھے مگر میری بیٹی کے آگے وہ گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گئے۔ اب اُس شخص آہستہ آہستہ ہمارے اندرونی معاملات میں بھی دخل اندازی شروع کر دی۔ دو ماہ بعد اُس نے کاروبار پر مکمل طور پر قبضہ کر لیا کہنے لگا کہ بڑی فیکٹری لگائیں گے جس سے ہماری آمدنی کئی گنا زیادہ ہو جائے گی دوکان اور مکان کے کاغذات کسی بھی طرح سے ہم سے ہتھیا کر ہمارے ساتھ بینک میں جا کر جمع کروا دیئے بینک سے قرض لیا اس رقم سے اپنے نام ایک چلتی ہوئی فیکٹری خرید لی۔ کچھ عرصہ تک منافع دیا اور کہا کہ ہم اب اس فیکٹری کو مزید بڑھاتے ہیں میرے والد اور بیٹا اُس شخص سے اب بھی غیر مطمئن تھے۔ والدین کی طرف سے دیا گیا ایک مکان میرے نام تھا جو کہ میرے والد صاحب نے مجھے شادی کے بعد دیا تھا اُس نے مکان کے بھی کاغذات مجھ سے اس شرط پر لئے کہ اپنے شوہر اور بیٹے کو ہرگز نہ بتاؤ مکان کی فروخت سے جو رقم حاصل ہو گی وہ بھی فیکٹری میں لگاؤں گا اور اس کا معقول منافع تم کو الگ سے دونگا۔ میں مان گئی اُس نے مجھے بھی تین ماہ منافع دیا ہم نے کسی طرح صبر کیا اور بچی کی شادی کیلئے زور دینا شروع کیا کیونکہ اُسکا ایک ہی بیٹا تھا ہمارا ذہن تو یہ ہی تھا کہ جو کچھ یہ ہم سے لے رہا ہے گھوم پھر کر واپس ہمارے پاس آجائیگا۔ ہمیں اُس شخص نے کہا کہ اب آپ اپنی بیٹی کی شادی کی تیاریاں شروع کریں۔ دس پندرہ لاکھ بچا تھا جیسے تیسے اُس کا جہیز خریدا اُس شخص نے یہ کہا کہ یہ تمام سامان میرے گھر پہنچا دیں تا کہ ہمیں کوئی دقت نہ ہو۔ ہم نے وہ سامان اُسکے گھر پہنچا دیا ایک ماہ تک شادی کی تاریخ طے کرنے کا مسئلہ چلتا رہا۔ بلا آخر تاریخ طے ہو گئی شادی میں ابھی بیس سے پچیس روز باقی تھے کہ وہ ہمارے گھر آئے اور کہنے لگے کہ ہم تمام اہل خانہ دبئی سیر کی غرض سے جا رہے ہیں 15 روز تک واپس آجائیں گے آپ جب تک اپنی تیاریاں مکمل رکھیں۔ اس بات کو ایک ہفتہ گزرا ہمیں کسی نے بتایا کہ وہ لوگ فیکٹری فروخت کر گئے ہیں۔ ہمیں تشویش ہوئی کہ بات سچ ہے یا کہ جھوٹ پتہ چلا کہ واقعی بات سچ ہے ہمیں اُن کے کسی ہمسائے نے بتایا کہ وہ جانے سے قبل اپنا سامان ٹرک میں لوڈ کروا رہے تھے اُس نے پڑوس والوں کو بتا رہے تھے کہ ہم اپنا گھر یہاں سے شفٹ کر رہے ہیں۔ جب گھر پر پہنچے ہمارے پاؤں تلے زمین نکل گئی کہ واقعی گھر میں کوئی دوسرے کرائے دار تھے اُن سے فون پر رابطے کی ہر کوشش کی تمام نمبر بند جا رہے تھے۔ مسلسل ایک سال تک کوششیں کرتے رہے مگر اُن کا کوئی سراغ نہ مل رہا تھا۔ اور ابھی تک باوجود کوشش کہ اس کا کوئی پتہ نہیں لگ رہا ہے بیٹی کی ناسمجھی اور ضد کیوجہ سے ہمارا سب کچھ برباد ہو گیا۔ برائے مہربانی کوئی ایسا وظیفہ تجویز کریں کہ ہماری جائیداد ہمیں واپس مل سکے ذرا سی بیوقوفی سے چلتا ہوا کاروبار ختم ہو گیا۔ بلکہ مکان اور دوکان دونوں پر بینک کا قبضہ ہو گیا۔ میرا اپنا ذاتی مکان جو کہ والد کی طرف سے دیا گیا تھا اُس شخص نے وہ بھی بیچ کھایا ہم مکمل طور پر برباد ہو گئے۔ برائے مہربانی کوئی ایسا وظیفہ یا ورد بتائیں۔ جسکی برکت سے ہماری جائیداد ہمیں واپس مل جائے اور اُس شخص کا کچھ پتہ چل جائے۔ اس صدمہ سے میری بیٹی کی بری حالت ہے کیونکہ اُسکی بیوقوفی اور ضد کی وجہ سے ہم اس حال کو پہنچے اب اُسکا کوئی رشتہ بھی نہیں آتا ہے کیونکہ یہ بات پورے خاندان برادی کو پتہ چل گئی ہے۔ جو جہیز بنایا تھا وہ بھی وہ لے کر چلے گئے۔ میرا بیٹا اب ایک دوکان پر نوکری کرتا ہے جہاں سے 15 سے 20 ہزار روپے ماہوار کماتا ہے۔ میرے شوہر کو فالج کا اٹیک ہو گیا ہے جسکی دوائی پر ہر ماہ 5 سے 7 ہزار لگتے ہیں۔ ہمارے خاندان والے بھی میرا اب ساتھ نہیں دیتے۔ مکان مالک ہر ماہ آکر مکان خالی کرنے کا کہہ رہا ہے کیونکہ ہم اُسے ہر ماہ کرائے میں سے کچھ رقم کم دیتے ہیں۔ آپ برائے مہربانی کوئی ایسا حل تجویز فرمادیں کہ میری بیٹی اس صدمہ کو بھول جائے اور اُسکی کہیں اچھی جگہ شادی ہو جائے میرے بیٹے کی کہیں اور اچھی سی ملازمت مل جائے اور جو لوگ ہمارا پیسہ لے کر فرار ہو گئے ہیں وہ مل جائیں تا کہ ہم اُن سے

اپنی ڈوبی ہوئی رقم میں سے کچھ تو لے کر اپنے حالات میں سدھار کر سکیں آپ کی بڑی مہربانی ہوگی ہم تاحیات سب آپ کیلئے دعا گو رہیں گے۔ اُن تمام افراد کے نام مع والدین اور اپنے تمام اہل خانہ کے نام مع والدہ لکھ دیئے ہیں۔ محترم شاہ صاحب اب اللہ کے بعد آپ پر ہی آس لگائے بیٹھے ہیں ہمیں اللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرنا۔ منجانب:۔ نیر جہاں (لاہور)

ج:۔ محترمہ آپ نے بہت طویل خط لکھا جس کی وجہ سے آپ کی پریشانی کا بھی درست اندازہ ہوا تحفہ روحانیات کے صفحات اتنے نہیں ہوتے کے مکمل خط شائع کیا جاسکے۔ بہت اختصار کرنے کے باوجود بھی آپ کا خط طویل ہوگیا آپ کا مسئلہ دوسرے لوگوں سے مختلف اور پیچیدہ تھا اس وجہ سے شائع کیا جارہا ہے کہ کہیں دوسرے لوگ بھی اس قسم کے مسائل میں مبتلا نہ ہوں اور اس خط سے اُنکو بھی آگاہی ہو کہ دُنیا میں کس قسم کے لوگ موجود ہیں۔

اس مسئلہ کا حل یہ ہے کہ دو رکعت نماز نفل برائے استغفار ادا کیجائے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگی جائے بعد نماز عشاء اس شخص کا تصور کر کے مسلسل آٹھ روز تک 432 بار **سورۃ لھب مع تکبیر** ورد کریں۔ ہر سمت میں 108 بار پڑھی جائیگی اس طرح کل تعداد 432 بار ہوگی۔ اگر یہ ورد کسی کھلے میدان میں یا قبرستان میں کیا جائے تو قبرستان سے مٹی اُٹھا کر اُسی سمت میں اُڑا دی جائے جس سمت میں پڑھی جائیگی ۔ اس وظیفہ کی برکت سے وہ ظالم جابر شخص جس حال میں بھی ہوگا آپ سے رابطہ کریگا اور ان شاءاللہ رقم واپس ملے گی اگر اس عمل کو مسلسل 32 یوم کیا جائے تو اللہ کے حکم سے مکمل رقم واپس ملے گی۔ اس عمل کا آغاز منگل سے کیا جائے اس طرح پہلا ہفتہ منگل پر ختم ہوگا ہر ہفتہ کے اختتام پر مرغی ذبح کر کے اس قبرستان یا میدان میں پھینک دی جائے۔ تاکہ عمل میں قوت رہے اور کسی قسم کی رجعت سے بچا جاسکے۔ علاوہ ازیں بیٹے کی اچھی ملازمت گھر کی خوشحالی رزق روزی میں برکت کیلئے لوح مزمل کا پاس ہونا ضروری ہے۔ بیٹی کی جلد شادی اور اچھے رشتہ کیلئے لوح شرف زہرہ رکھنی چاہیے یہ دونوں الواح ارسال کردی جائیگی لیکن سے سے بہتر ہے کہ پہلے درج بالا عمل کیا جائے۔

چلہ کشی سے بہت تھک گیا

س:۔ میں گزشتہ سات سال سے مختلف وظائف کر رہا ہوں کئی لوگوں کے پاس گیا کہ روحانیت سیکھ کر لوگوں کی روحانی خدمت کرسکوں اس دوران ہر شخص جو تھوڑا بہت پراسرار علوم جانتا تھا یا نہیں بھی جانتا اُس نے اپنے مقصد کیلئے مجھے استعمال کیا اب حالت یہ ہے کہ میں خود روحانی مریض بن چکا ہوں ہر پیر فقیر اور عاملوں سے مل چکا ہر ایک کا یہ دعوی تھا کہ وہ اس میدان میں حرف آخر ہے مگر دن بادن میری حالت خراب ہوتی گئی کاروبار وہ ختم ہوگیا دل گھبراتا ہے نیند میں جھٹکے لگتے ہیں سوتا ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ کسی گہرے کنوئیں میں گرتا جارہا ہوں۔ آخری بار 41 مرتبہ آیت الکرسی کا وظیفہ کیا جب سے دماغ جکڑا ہوا ہے۔ نیند میں زور زور سے بولتا ہوں جھٹکے اس قدر شدید لگتے ہیں کہ نیند سے بیدار ہوجاتا ہوں۔ ج سے اس وظیفہ کی اجازت دی اُس سے رابطہ کیا تو اُس نے کہا کہ مجھے اس بارے میں نہیں معلوم کیا کرنا چاہیے میں نے تو کہیں پر پڑھا تھا اور آپ کو بتا دیا کسی دوست نے آپکا رسالہ دیا میری حوصلہ افزائی ہوئی اور یقین ہوگیا کہ اب مجھے استاد کامل مل جائیگا۔ اللہ کے واسطے مجھے اس مصیبت سے نکالیں۔ نیم حکیم لوگوں نے وظیفے بتا بتا کر میرا بیڑا غرق کردیا۔ منجانب:۔ سید راسخ علی (راولپنڈی)

ج:۔ محترم سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان میں روحانیت بارے حکومت کی سرپرستی میں کوئی ادارہ نہیں یہی وجہ ہے کہ 2 اور 3 نمبر لوگ اس میدان میں بڑے بڑے دعوے کرتے نظر آتے ہیں۔ میڈیا ہمیشہ ایسے لوگوں کو نشانہ بناتا ہے کبھی کسی مخلص اور ایک نمبر شخص کی تشہیر نہیں کی جو کہ واقعی روحانی علوم رکھتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ سیدھے سادے لوگ یا تو دو نمبر لوگوں کے ہاتھ چڑھ جاتے ہیں یا پھر وہ روحانی علم سے مکمل طور پر باغی ہوجاتے ہیں۔

آپ سخت قسم کی رجعت میں مبتلا ہیں جس کا حل یہ ہے کہ جمعرات عصر تا مغرب چند فروٹ میٹھے اور نمکین چاول کی پلیٹ دودھ اور پانی کا ایک ایک گلاس رکھ کر فاتحہ خوانی کی جائے الحمد شریف کے بعد وہ تمام کلام ایک یا تین بار پڑھا جائے جن کے اب تک آپ وظائف کر چکے ہیں بعد فاتحہ ان کلام کے وظائف کے نتیجہ حاصل ہونے والی رجعت کے خاتمہ کی دعا کی جائے کہ آج کے بعد میں یہ تمام کلام پڑھنا منسوخ کرتا ہوں ماسوائے آیت الکرسی کے۔ یہ فاتحہ مسلسل 3 جمعرات دی جائے۔ بعد نماز عشاء 2 رکعت نماز نفل برائے حصول روحانیت آیت الکرسی ادا کی جائے پہلی رکعت میں 21 بار اور دوسری میں 20 بار آیت الکرسی پڑھی جائے۔ اس کے بعد اپنے مقصد کی دعا کی جائے کہ آیت الکرسی کی روحانیت ہمیشہ آپ کے تصرف میں رہے۔ جب بھی کوئی حاجت ہو آیت الکرسی 5 بار اول آخر درود شریف پڑھ کر دم کی جائے۔ اس طرح ان شاء اللہ آیت الکرسی کی روحانیت جاری ہوجائیگی اور رجعت سے بھی نجات مل جائیگی۔ ہر جمعرات صدقہ خیرات کا خصوصی اہتمام کریں۔ آپکی یہ حالت درست راہنمائی نہ ملنے اور صدقہ خیرات نہ دینے کی وجہ سے ہوئی ہے۔ جب بھی کوئی راہنمائی چاہیے رسالہ کے آخر میں شائع کیا گیا کوپن ضرور ارسال کریں۔

پیدائشی زائچہ بنوائیں

کوپن کے ہمراہ 1000 روپے فیس منی آرڈر کریں۔

نام مع والدہ _____

درست تاریخ پیدائش _____ وقت پیدائش _____

مقام _____

مکمل ایڈریس _____

کوپن برائے راہنمائی عملیات

نام مع والدہ _____

سوال _____

مکمل ایڈریس مع فون نمبر _____

(**نوٹ**) تفصیل کوپن کے ساتھ علیحدہ کاغذ استعمال کر سکتے ہیں، رجسٹرڈ جوابی لفافہ آنا ضروری ہے۔ (**ادارہ**)

کوپن برائے لکی نمبر دسمبر

نام مع ولدیت _____

تاریخ پیدائش یا عمر _____

مکمل ایڈریس مع فون نمبر _____

شرائط کوپن لکی نمبر

1:۔ رجسٹرڈ جوابی لفافہ مع کوپن قرعہ اندازی سے کم و بیش 7 روز قبل روانہ کریں۔ ڈاک ٹکٹ کے بغیر کوپن قابل قبول نہ ہوگا۔

2:۔ جواب صرف بذریعہ ڈاک دیا جائے گا۔

3:۔ کوپن کے ہمراہ 70 روپے کے ڈاک ٹکٹ روانہ کریں۔

4:۔ رسیدی ٹکٹ قابل قبول نہ ہوں گے۔

5:۔ کوپن کے ہمراہ صرف ایک بار تصویر کوپن ارسال کریں۔

6:۔ کوپن کی فوٹو سٹیٹ قابل قبول نہ ہوگی۔

کوپن برائے اجازت عمل

نام مع ولدیت / والدہ _____

تاریخ پیدائش یا عمر _____

کاروبار / ملازمت / موبائل نمبر _____

مکمل ایڈریس مع فون نمبر _____

شرائط اجازت عمل

نوٹ) جس عمل کی اجازت درکار ہو اُس عمل کی صاف فوٹو اسٹیٹ کاپی کوپن کے ہمراہ لازمی روانہ کریں۔

1:۔ اجازت عمل صرف نورانی عمل کی دی جائیگی۔

2:۔ کوپن کے ہمراہ اپنی تصویر ضرور ارسال کریں۔

3:۔ کوپن کی فوٹو سٹیٹ قابل قبول نہ ہوگی۔

4:۔ کوپن کے ہمراہ جوابی رجسٹرڈ لفافہ ضرور ارسال کریں۔

5:۔ کوپن وہی قابل قبول ہوگا جس کے ساتھ مکمل شرائط پوری ہونگی

کوپن ارسال کرنے کا ایڈریس:۔ ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ **ادارہ روحانیات**

طلسماتی پیالہ شرف مشتری

مال و دولت، انعامی اسکیموں میں جیت، عزت و شہرت، مرتبہ و حاکمیت، امراض دفع، نجات قرض، بیرون ملک سفر میں کامیابی، تسخیر خاص و عام امور پر حاکم سیارہ مشتری 12 سال بعد اپنے درجہ شرف پر آتا ہے تو بہت قوی اثرات ظاہر کرتا ہے وہ افراد جو کہ درج بالا امور میں ناکام ہیں یقیناً اُنکے زائچہ پیدائش میں مشتری کمزور ہوگا اس سیارے کی کمزوری اُسی وقت دور ہوسکتی ہے کہ جب بوقت شرف سیارہ مشتری میں ایسا سواد حاصل کر لیا جائے ایسی دھات جو سیارہ مشتری سے منسوب ہو دھات پر کندہ آیت قرانی، طلسم تیار کردہ روحانی تبرک کو اپنے پاس رکھا جائے بہت زیادہ امکان ہیں کہ متذکرہ بالا معاملات میں ناکامی سے نجات مل جائے۔ اسی بات کے پیش نظر ادارہ روحانیات میں بوقت شرف مشتری طلسماتی پیالہ خاص موقع پر تیار کیا گیا ہے۔ جس کے نتائج گزشتہ شرف مشتری میں بہت زیادہ برآمد ہوئے۔ اگر طلسماتی پیالہ شرف مشتری میں انعامی اسکیموں کی جیت کیلئے پرائز بانڈ رکھ دیئے جائیں تو کوئی شک نہیں کہ جلد انعامی چالس میں کامیابی مل جائے۔ طلسماتی پیالہ شرف مشتری میں بیمار اگر صحت یابی کیلئے پانی رکھ کر پیئیں تو اللہ کی قدرت سے اُسے شفایابی حاصل ہوگی دل معدہ اور جگر کے امراض میں مبتلا افراد پیالہ شرف مشتری میں پانی پیئیں تو جلد شفایاب ہو جائینگے۔ تنگ دست افراد طلسماتی مشتری پیالہ میں قیمتی اشیاء یا رقم رکھیں تو اُن میں خیر و برکت ہوگی۔ کیونکہ خاص موقع پر کندہ طلسم مشتری اور دیگر جفری روحانی اعمال کی برکت سے اس پیالہ میں ایسی روحانی طاقتیں جمع ہو چکی ہیں۔ جن کی برکت سے کئی افراد نے فائدہ اُٹھایا۔ طلسماتی پیالہ شرف مشتری کا فیض عام آدمی تک پہچانے کیلئے ادارہ روحانیات نے خاص اہتمام کیا ہے کیونکہ مشتری کا مزاج آبی ہے لہذا خاص جفری طریقہ اور طلسمات سے ترتیب کردہ طلسماتی پیالہ شرف مشتری کے فیوض و برکات سیارہ مشتری سے منسوب تمام امور کیلئے کارآمد ثابت ہوتی ہیں۔ خاص طلسماتی پیالہ پر شرف مشتری کے عین عروجی ساعتوں میں ورد اوراد کئے گئے تخم کرنے کے بعد اس میں مشتری کی تمام سعد قوتیں جمع ہوگئی جس میں کسی بھی شخص کے زائچہ پیدائش میں مشتری کی کمزوری کے اثرات کو ختم کرنے میں یہ پیالہ مشتری نہایت پُر تاثیر ثابت ہوتا ہے۔

ہدیہ طلسماتی پیالہ شرف مشتری 2700 روپے

ہدیہ خاص طلسماتی پیالہ شرف مشتری 4200 روپے

طلسماتی پیالہ شرف مشتری منگوانے کیلئے فوری ادارہ سے رابطہ کریں

ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

اھل بیتؑ کے نام، جن کی محبت ھمارا جزو ایمان ھے

روحانی ماہنامہ
تحفۂ روحانیات

2018ء

جعفریہ جنتری



اپنی قریبی بکسٹال سے طلب فرمائیں

انتظار ختم

ھر گھر کی ضرورت
ائمہ معصومین کے اوراد و وظائف
آپ کے تمام مسائل کا مکمل حل

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات
محمد ایاز مزمل حسین شاہ